یہان ہی پران تیاگ دونگا یہہ بات سُنکر لچھمن جی بولے کہ ہے مہاراج تُم دہیرج کہو تہوڑے کال مین جانکی جی مہارانی
کو لے آؤنگا اور راچہسونکا ناس کرونگا آپکی اکرتی بُدہی کون کارن ہو گئی سنجوگ بیوگ دیو آدہین ہین آپ
سوچ کو پراپت نہو جئے ہے مہاراج آپکی سیوا کے نمت بن کے بشے آیا ہون آپکے چرنار بندونکی کرپا سے
مین لنک پتی کو بہلے پرکار ناس کر کے جانکی جی کو آپکے چرنو نمین پراپت کرونگا اور اس راج کے بشے جو بانر ہین
وہ سمپورن آپکی سہائیتا مین تت پر ہونگے اور آپ یہہ نہ سمجہین کہ بہرت جی دور ہین وہ بہی آپکے سمیپ ہی
ہین اور مین اکیلا ہی آپکے چرنون کی کرپا سے راون کے ناس کرنیکو سامرتہہ ہون اور راجا جنک بہی آپکی سہائیتا
کرنے کو سامرتہہ ہے تہوڑے کال پشچات راون کا ناس نشچے کر کے ہو گا سو ہے مہاراج دُکہہ سُکہہ کا بار

سمیپ ہی ہے آپ اپنے من سے دُکھہ کو نرورت کرکے سکھہ کو من مین لاوین اور ہی مہاراج اندر سے آدلیکر بہت سون نے دُکھہ پایا ہے اور اپنے ادہکار سے رہت بہی ہو گئے ہین پرنتو پرمیشر کی کرپا سے پہر بہی ادہکار کو پراپت ہو گئے ہین ایک سمے راجا اندر کے ادہکار پر راجا نہش کو ستہاپت کر دیا تہا اور اندر کئی برکہہ پر جنت اپنے راج سے بہرشٹ رہا پشچات ایشر کی کرپا سے دیو یوگ کرکے نہش کو راج ستہان سے پتت کر دیا اور اندر کو راج پر ستہاپت کر دیا سو ہے مہاراج آپ سر گیہ مین یہہ پایا پرمیشر کی اسی پرکار کی ہے ہی راجن لچھمن جی نے اس پرکار سری رامچندر جی مہاراج کو بودہ کرایا اور سری رامچندر جی مہاراج کا سوگ نرورت ہو کر اس چنتا روپی جور کا ناس ہوا +

تیسوان ادہیای سری اسکند سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا
جسمین سری رامچندر جی مہاراج کا راون کو مارنا اور سیتا جی کو لانا سری
بہگوتی کی پوجن اور نوراترے کے برت کے پربہاو سے برنن ہے

بیاس جی نے راجا جنمیجے سے کہا کہ ہے راجن اس پرکار سری رامچندر جی اور لچھمن جی چنتا کو پراپت ہوئے پشچات نارد جی مہاراج بین بجاتے ہوئے اور شام بید کی رچنا بین مین گان کرتے آگئے سری رامچندر جی مہاراج نے نارد جی کو آدر سہت ارگھہ پادکر کی آسن پر بٹہلایا نارد جی سری رامچندر جی مہاراج سے کشل پوچہکر کہنے لگے کہ لچھمن جی سہت آپکے من کو چنتا کس کارن ہے اور آپ کچہہ چنتا مت کرو مینے سرگ مین سنا ہے کہ سری سیتا جی کو راون ہر لے گیا سو ہے مہاراج آپکا جنم راون کے ناس کرنیکے کارن نسچے ہے اسی کارن جانکی جی کا ہرن ہوا ہے ہے مہاراج یہہ کارن تو ساپ کی آدہین ہے پورب جنم کے بیچ سری جانکی جی ایک رشی کی پتری تہین انہون نے سری رامچندر جی مہاراج کو برنے کی اچھا کرکے پرم تپ کیا راون انکے سمیپ گیا اور جانکی مہارانی کے ہاتہہ کو پکڑ لیا اُسکے ہاتہہ کر اسپرس ہونے سے جانکی جی کوپ کو پراپت ہو

ہوئین اور شاپ دیا کہ مین ہی تیری ناس کے نمت اوتار لونگی یہہ کہکر دیہہ کو تیاگ دیا نارد جی کہتے ہین کہ
ہے مہاراج وہی اوتار سری سیتاجی کا کیول راون کے ناس کرنیکے نمت ہی اور آپکا جو جنم ہوا انیک راچھشون کے
ناس کرنیکے کارن ہوا ہے سو ہی مہاراج آپ بہیرج لاوین سیتا بڑی پتی برتا ہی اپنے نیم مین سنجگت ہی اور
اُنکو کچھہ چھید اتیرشا کی بادہا نہین ہے اور راجا اندر سیتاجی کی پان کی نمت کا مدہن کا چھیر پاپڑ مین بہر کر سدا
ارپن کرتا ہے اس کارن سیتاجی کو کچھہ چھیدا کی بادہا نہین ہوتی پرنتو مین آپکو ایک اوپاے بتلاتا ہون اوسکو
بہلے پرکار سے آپ کرین کہ کوار کے ماس مین جو نوراترے ہوتے ہین اُنکا برت آپ بدہی پوربک کرین
آپکے سوگ کا نشچے ناس ہوگا وہ آپکو سن باچھت پہل کا دینیوالا ہے اور ہوم بہی آپ ونش النس بہاگ
کر کے کرین اور اشٹمی کی رات کو آپ بل دان بہلے بہانت کرکے کرین اور سرگ کے بشنو لشنو. برہما شیو
اور اندرا اپنی بہلے کے کارن نوراترے کا برت کرتے ہین اور بسو ہتر سے آدلیکر بہرگو سرجی کشب رشی اس
برت کے پہل سے اپنی ادہکار کو پراپت ہین اور راجا اندر نے برترا سر کی ناس کرنیکو یہہ ہی برت بہلے پرکار
کیا تہا اور لشنو نے مدہو کی ناس کرنے کو یہہ برت کیا تہا رامچندر جی مہاراج نارد جی سے برت کے بدہی بہلے
پرکار پوچہکر کہنے لگی کہ ہے مہاراج وہ دیوی کون ہین اور کیا اُنکا پربہاو ہے مجہسی بہلے پرکار برنن کیجے
نارد جی یہہ بات سنکر برت کا سمبودن کرنے لگی کہ ہے رامچندر جی وہ سدانت ہی اور شکتی روپ ہوکر چراچر
جیوون کے بیشے پرویش ہے اور سمپورن کامنا کی دینیوالی ہے اور شکتی بنا اس سنسار مین کوئی بہی
کارج کرنے کو سامرتہہ نہین ہے. برہما. لشنو. مہیش اپنی اپنے کارج کرنے کو شکتی سہت ہی سامرتہہ ہین
اور ونکہو نمین بہی شکتی روپ کرکے وہی پرکاش کرے ہی اور سگن روپ ہوکر انیک چرتر تینون لوکون
مین وہی کرنیوالی ہے سری رامچندر جی مہاراج اس پرکار نارد جی سے سنکر برت کی بدہی پہر پوچہنی لگی نارد جی
برت کی بدہی کہنے لگی کہ ہے مہاراج پہلی سولہ ہاتہہ کی بیدی پرتہوی پر بناکر ایک دوسری بیدی اُسی کے
اوپر چار ہاتہہ کی بناکر اُس بیدی کے اوپر مورتی سری بہگوتی کی ستہاپت کرنا چاہے اور اُس بدہی کے کرنیکی

لئے اس سمے مین اچارج ہون آپ اُس بدھی کو کرین پہلے پرکار کرکے کراؤ نگا ہے راجن سری رامچندر
جی مہاراج برت کرکار بہہ کرنے لگے اور بدھی پوربک پوجن اور ہوم سرشٹ سامگری منگا کر نارد جی کے بچن کے
انوسار کرتے ہوئے اور سری بھگوتی جی اشٹمی کے دن اردہ راتری کے بشیہ بل ان کے سمی سنگھہ کے اوپر
اُروڑہ ہو کر پرگھٹ ہوئین سری رامچندر جی کو بردان دیا کہ ہے رامچندر مین تیرے اوپر بہت پرشن ہوئی
تو اپنی چنتا کو اب تیاگ دے اور تو لشنو کا انس ہے اس سوگ روپی سمندر سے من کو نکالکر آنند کو پراپت
ہو پہلے تمنے متش روپ ہو کر اینک دانو نکا ناس کیا سوئی یہہ جنما جنم آپکا اور راجہو نکا بیر ہو اُس بیرکے پربہاؤ
کرکے سیتا جی کا ہرن ہے اور کچھپ روپ ہو کر سمپورن پرتھوی کے بھار کو تمنو دھارن کیا اُس ادہار پیٹھہ کے
اوپر مینے تمہاری سہای کی اور پرہلاد کی سوگ کا تمنے ناس کیا سو اُسی بیر پرہاؤ کی پربہاؤ سے اس کا اینک جنم مین
سناتن نمہاری رکھشا کرتی رہی ہون سو ہی اس لکیش کا ناس چہن ماترمین ہوگا اور پرسرام روپ ہو کر تمنے
اینک چھتریو نکا ناس کیا سو ہی کا کُست آپ کچھ چنتا نہ کرین اور بسنت رتیو کی سمے میرا پہلی پرکار آرادہن کر دسنچات
تم راون کو نسچے ہتو گی اور آپکا راج لس کُنگ ہوگا اور گیارہ سہنسر برس تک تُم پرتھوی پر ستہت ہو گی انسچات تم سُرگ
کو پراپت ہو گی بیاس جی مہاراج نے کہا کہ اس پرکار سری بھگوتی بردان دیکر انتردھیان ہوئین اور برت کی
سماپتی ہوئی اور دسمین کے دن بجیا کا پوجن پہلے پرکار کرکے لنکا کو جاترا کری اور سگریو کے بل کرکے لکھو بہرات
کو ساتھہ لیکر سمندر تٹ جا کر سیت باندھکر لنکا مین پہونچ راون کا ناس کیا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اس چتربھگوتی کو جو کوئی
شروَن کریگا وہ اینک پرکار کی بھوگ پرتھوی پر کرکے انت پرم پد کو پراپت ہوگا اور مینے نانا پرکار کر کرُپران کہے
اس پُران دیبی بہاگوت کے تُل کوئی پُران نہین ہے +

سری بھگوتی کی کرپا سے تیسرا اسکندہ

سماپت ہوا

شوپنکا چوتھے اسکندہ کی

چوپائی

جے جے جگ جننی بھوانی ۔ جگدمبا مہاراجا رانی
کرشنا شاما شیام سنیہی ۔ سندر برن منوہر دیہی
لیلا روپ کرشن اوتارا ۔ دیون جت کی حرت اپارا
نرنارائن تپ کی کارنی ۔ جن پرہلاد جدھ بستارنی
بلی راج کے کاج جتارتھہ ۔ سنگھ سماد ہی ہیت پرمارتھہ
سرگرو شنکر روپ کی کرتا ۔ دیو دینت سنگرام سمرتھا
ہری اوتار جو بیدن گائی ۔ ناناتن دہر تم ہی دکھائی

پہلا ادہیاچوتہی اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین سری کرشن مہاراج کی اوتپتی اور اوتار لینے اور کورو بنس اور پانڈون سے جہہ ہونے کے کارن کا راجا جنمیجہ کے پرشن کا آکہیان ہے

راجا جنمیجہ نے بیاس جی سے پرشن کرا کہ ہے مہاراج تم سمپورن گیان کے سمدر ہو میرے سندیہہ بہلی پرکار نروت کرو کہ سورسین کے پتر بسدیو جی مہاراج کے گہر ساکشات سری بھگوان پتر ہوئے اور بسدیو جی دیوتاؤں سے پوجن کے یوگ ہین اونکا نام آنک دندبہی کس پرکار ہوا اور بندی سالا مین وہ کیونکر پراپت ہوئے اور

دیوکی جی کے گربہ مین سری بہگوان کیسے پراپت ہوئے اور دیوکی جی کے چہہ بالک کنس نے کیون مارے اور ہری
بہگوان کا جنم بندی سالا مین کیسے ہوا اور گوکل مین بسدیو جی بہگوان کو کیون لیگئے اور اپنے پتا کو جنم کر سمے کیون
بندہن مین ڈالا دیوکی جی اور بسدیو جی کو کیون سری کرشن مہاراج نے بندہن سے نہ چہوڑا یا جب جگت کی اُتپتی
اور پالن کی سامرتہہ اونکو تہی تو اونکے کلیش کو کیون نرورت نہین کیا اور بسدیو جی مہاراج کے گہر جنم لیکر برج
مین کتنے برکہہ تک ستہت رہے اور سلاسی یوگ مایا اشٹ بہجی کی اوتپتی ہوئی اُس چرتر کو بہی برنن کیجے اور گہر
مین آکر بہگوان نے کتنی استری بواہین پشچات دیہہ کو کس پرکار تیاگ دیا اور نر نارائن نے کیون ساکشات
دیہہ دھارن کرکے دہرم کے پتر ساکشات مُنی روپ ہوکر بدر کاسرم مین تپ بہت برکہون تک کیا اُس چرتر کو بہی برنن
کیجے اور کام کرودہ سے برجت بشنو انس تہے تپ کیون کیا اُنکے اوتار کا کارن برنن کیجے کہ وہ روپ جو گنیشر والا
کو بہی نہین دیکہتا وہ روپ منکہو نمین کیونکر پراپت ہوا اور وہی نر نارائن دیو کرشن ارجن کس پرکار ہوئے اور ایک
جدہ کر دُر کرم اونہون نے کیئے ساکشات اوتم کُل مین پراپت تہے چہتری دہرم مین کیونکر پراپت ہوئے اور
براہمین کُل مین ہوکر تپ کیا اُسکو چہوڑ کر بہر تیسے جنم کیونکر دہارن کیا اور تپ کرا اُنکی کام کرودہ نرورت ہوگئی تہی پہر کام کرودہ اُنکو کیسے
پراپت ہوگیا اور اونکا برہمن چہتری ہونا بہی مجہسے برنن کرو جادون کا ناس جو برہمن کے شاپ سے
ہوا اور کرشن اور گاندہاری کا بہی شاپ کرکے ناش ہوا پہر پردُمن جی کو ساکشات سری کرشن مہاراج
کے ہوتے ہوئے پر سوت گرہ سے کیونکر سُمبر لے گیا اور دوارکا مین کیا کیا چرتر کرے یہہ سب مجہہ سے
برنن کرو اور کارن اکارن کو سری بہگوان نے کیون نہین جانا اسکا کیا کارن تہا وہ بہی کہو اور باسدیو جی کی
استریون کو بہیلون نے کس بہانت لوٹ لیا اور بشنو انس بہگوان نے سوری کُل مین آکر کیونکر پرتہوی کا بہار
اوتار کر متہرا جی کا راج لنس کنک کرا اور دوارکا مین سیتا سہت کس پرکار گئے اور جن مہاراج نے پاپیون
کے مارنے اور پُن اتماون کے اودہار کرنے کو بسدیو جی کے گہر جنم لیا پہر استری کیسے بہیلون کے ہاتہہ سے
لُٹ گیئن اور بہیشم درون سے آدلیکر ناس کس کارن کیا ہے وہ بہی برنن کرو اور پانڈو کرشن بہگت راجا
یدہشٹر نے راجسو جگ کیسے کری اور پانڈو دیوتاون کے انس سے اوتپت ہوئے تہے اونکو گہور دُکہہ کیون
پراپت ہوا اونکو کچہہ پہل جگ کا نہین ہوا یہہ کیا کارن ہے اور دروپدی مہابہاگا نے بہی انیک کلیس پائے

اور دُساسن نے اُسکے کیشون کو گرہن کیا رجلا کال کے سمے اور بیراٹ کے بہون مین واسی ہوکر رہے اور
کیچک نے اینک کلیش دروپدی کو دکہلائے اور جیدرتہہ چہل کرکے دروپدی کو لے گیا اور پانڈو اُنہو بل کرکے
دروپدی کو چہوڑا کر لائے سو پورب کے جنم مین کون سے پاپ اُنہون نے کیئے تہے اور اینک دُکہہ اور کلیش
بہوگے راجسو جگ کرکے بہی اُن کلیشون کا موچن نہوا اور وہ دیوانش تہے اونکا جو کلیش نوارن نہوا بڑا
سندیہہ ہے اور بہکشا کرنا اور اینک جیو کا کاکرنا تو سرپیشٹ ہے اور چہل کا کرنا نشٹ ہے پہر سری کرشن جی نے
کیون بہیشم درون کا چہل کرا کر ناس کرایا اور تم نے جو ہمارے بنس کی رکہشا کری اور پراہتری کے گربہہ
بنس چلایا یہہ کیا کارن تہا اور سچہہ بدی کرکے اوترہست نے رشی کے گلے مین سانپ ڈالا ایسا اچنت
کرم کرا کہ کوئی برہمن بنس کے ساتہہ نکرے سو یہہ تاپ کیا ہو بیاس جی مہاراج یہہ سب پرشن
جو مینے کیئے ہین اونکا بستار پوربک جیسے اوترو تہے اور اور بہی چرتر برنن کیجے ؛

دوسرا ادہیاء جو تہہ سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیوکر
بہاشا کا جسمین اوتپتی اور جنم مرن کا کرمون انسار برنن ہے ؛

بیاس جی مہاراج بولے کہ ہے راجن انیہ پرشن دہرم شاستر سے ملے ہوئے کا اوتر شرون کرو کہ کرمونکی
گتی بڑی کٹہن ہے دیوتا بہی اُسکے کہنی کو سامرتہہ نہین ہین پہر منکہونکا کیا کہنا ہے برہمانڈکی اوتپتی تین
پرکار کی کرمونکی انسار ہی اور جیو اناد ہے اور کرم بیج کرکے پرگہٹ ہے اینک پرکار کی جونی مین اوتپت
ہوتا ہے کرمون کرکے رہت یہہ جیو کداچت نہین ہو سکتا شُبہہ اشُبہہ کرم اس جیو کے لیئے لپٹ ہین سو وہ
کرم تین پرکار کے شاستر مین لکہی ہین - سنچت - بہوست - پراربدہ - جنہین دیوتا بہی لپٹ ہو رہی ہین
سکہہ - دُکہہ - جرا - مرت - ہرکہہ - شوکہہ - کام - کرودہ - لوبہہ - یہہ سب دیہہ مین کرڑا کر رہے ہین اور
یہہ سمپورن بستو دیہہ کے آدہین ہین - راگ - دویش سے رہت ہونا کسی کال مین بہی نہین ہو سکتا اور
دیوتا منکہہ پشو پنچہی سب مین اُنہکا روپ کرم پرکاش کر رہا ہے یہہ سب بکار دیہہ کے سنگ ہین اور
پورب جنم کے کرمون کے انسار جنم ہوتا ہے بنا کرمون کے دیہہ اوتپت نہین ہوتی اور کرمون ہی کرکے

سورج بہرؤ ہے اور کرمون ہی کرکے چندرمان چہیٔ کے روگ کو پراپت ہے اور کرمون ہی کرکے دورکیا لی ہے
روگ کو پراپت ہے اور اناد کارن جیوؤن مین پرکاش کررہا ہے جو سمپورن استہاور جنگم کی پالنا کرتا ہے اور
نت انت کے بچار مین منیشر آنند کررہے ہین پرنتو کسی سے یہہ نہین جانا جاتا کہ نت بستو کون ہے اور نت
بستو کیا ہو اس سنسار مین مایا کرکے پرتکش دیکہتا ہے جب تک مایا سو لپت ہو نت دیکہے ہے اور جب مایا
رہت ہو انت ہے اور جب کارج کا ابہاو ہو جاتا ہے کارن بہی نشٹ ہو جاتا ہے بدہیوان سنکہون کو
بچارنا اُچت ہے کہ یہہ مایا نت کارن ہے منیشر اپنی ہردی مین بچار اور دہیان کرکے انند کو پراپت ہوتی
ہین سو ہی راجن کرم بیج کو ہی نت بستو جانا چاہیئے اور یہہ سمپورن جگت کرمون کرکے ہی بہرمایمان ہے
دیکہو نانا پرکار کی جو نیون مین وشنو کا جنم اُسکی اچہا سے جگ جگ مین ہوتا ہے اور بکینٹہہ کو تیاگ کر
اس یہہ وشٹا اور موتر کے مندر مین پرویش کرنا اور سکہہ آدک انیک بستو نکو چہوڑ کر گربہہ
باس کی اچہا کون بڑہی وان کرتا ہے اور روئی کی کرنمل سجا کو چہوڑنے کی کون اچہا کرتا ہے اور گان اور
نرت اور انیک شاسترون کے شرون کرنے سو رہت ہو جانا اور نرک مین پرویش کرنا کوئی پنڈت بہلا نہین
جانتا اور امرت کو چہوڑ کر موتر وشٹا کے بہانڈی مین پڑنا یہہ سب کیول کرمون کا ہی کارن ہے گربہہ باس
سے پرے کوئی بہی تینون لوگون مین نرک نہین ہے اوسی کا بہے ماتر سری جگت امباجی کے آسری
ہوکر اس اچہا سے کہ گربہہ باس پراپت نہو بن مین جاکر تپ کرتے ہین اس گربہہ باس مین انیک پرکار کے
دکہون سے ایسے تہا پیان ہوتا ہے سو ہی راجن اس سنسار مین ایسا اوپاؤ کرنا چاہیئے کہ جس سے گربہہ باس
کا دُکہہ نہ ورت ہو کال کے گہر مین پرویش ہونا سرشٹ ہے پرنتو ایک چہن ماتر ہی گربہہ کا باس پرم دارن
دُکہہ ہے گربہہ مین وس مہینے لگ یہہ جیو نواس کرتا ہے بشچات اس جیو جنتر سے نکلنے کے سمے اتینت دُکہہ
پاتا ہے پہر بال بہاؤ مین اسکا موکوت ہو جانا یہہ بڑا بہاری سنتاپ ہے کہ چہدت اور رودت ہو کر ماتا کے
سنمکہہ دیکہتا ہے کچہہ کہہ نہین سکتا پراؤ مین ہو کر دوکہت ہوتا ہے جب جوبن اوستہا کو پراپت ہوتا ہی
انیک روگ دیہہ مین بیاپت ہو جاتے ہین اور اوشدہی کرکے اپنی دیہہ کی رکہشا کرنے کی اچہا کرتا ہے سو یہہ
دیہہ ایسی ایسے انیک دُکہون کی بہاگی ہے دیوتاؤن نے کونسا سکہہ دیکہا ہے جو سرگ سے آکر سنسار مین

جنم لیتے ہین یہہ کیول کرمونکا بندہن ہے نہین تو ایسا کون مور کہہ ہے جو کشٹ بہوگے اور سکہہ کا ناس کرہی سب
کرمونکا پہل ہے اپنی کرمون کے انسار سکہہ دکہہ بہوگتا ہے اور تپ دان جگ کرکے منکہہ اندر کا ادہکار
پا جاتا ہے پرنتو جب پن چہین ہو جاتا ہے پہر منکہتا کو پرہپت ہو جاتا ہے دیکہو راما اوتار مین دیوتا بانر
جون مین پرہپت ہوگئے اور کرشن کی سہاے کرنیکو دیوتا جادون ہوگئے اسی پرکار بشنو جگ جگ
مین انیک اوتار لے کر دہرم کی رکہشا کرتے ہین سو ئی برہما کی پرپرنا سے بارم بار انیک جونیون مین
دہرم کی رکہشا کے کارن اور دیتون کے ناس کرنے کو بشنو کا اوتار پرتہوی کے بیچ جنمان جنم ہوتا ہی
اب ہی راجن مین کرشن اوتار کی کتہا تجہہ سے کہتا ہون کہ کشب جی مہاراج کے انس سے بسدیو جی مہاراج
کا اوتار ہے اور گوونکی رکہشا کرنا یہہ پوربلے شاپ کا کارن ہے اور کشب جی مہاراج کے شاپ سے دو
استری دتی اوتی نے دیوکی اور روہنی ہوکر جنم لیا اور برن کے شاپ سے یہہ دونون استری جون کو پرہپت
ہوئین راجا جنمیجہ بولے کہ ہے مہاراج کشب جی مہاراج اور اونکی دونو بہاریا کو شاپ کس کارن ہوا اور
بہگوان نے گوکل مین باس کیون کیا اور بیکنٹہہ تیاگ کر برج مین رہنی کا بہی کارن برنن کرو اور نارائن ایہہ
پرماتما کداچت بکار کو پرہپت نہین ہین پہر کس کارن اونکو گربہہ باس ہوا اور سنکہونکی نیائین بہگوان کو کیون
کلیش ہوا کام کرودہ شوکہہ بیر پریت سکہہ دکہہ بہے دینتا ارجو وس کرم سوکرم پوش
چنتا لوبہہ موہ دمبہہ کپٹ سوچ سمپورن پدارتہہ منکہہ کی دیہہ کے وشے ستہت ہین اور مہاتما ان
بشنو ان کرکے رہت ہین سو سری بہگوان پرماتما نے ان کرمون کے انسار ہوکر جنم لیا اور انیک پرکار کے
کلیش پائے اور ستیا کے بڑہ سی دیہہ کو تپا نیمان کیا اور کرشن اوتار کے لیئی متہرا کو تیاگ کر گوکل مین گون کرنا
اور پاتل کا ناس کرنا یہہ بہی اچنت ہی سو وہ اچیت اور انباشی اس سنسار مین کیون پہنسے ہی مہاراج تم پرانون
کے جاننے والے ہو میرے ہردی کے سنشے کو نوارن کرو +

تیسرا ادہیاء چوتہی سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین بسدیو جی
اور روہنی اور دیوکی جی کا جنم پچہلے شاپ کرکے برنن ہے

بیاس جی بولے کہ ہے راجن انیک کارجون کا منت کارن اوتار ونکا ہے سو ببدیو جی اور روہنی اور دیوکی
کے جنم کا کارن یہہ ہے کہ ایک سمے کشب جی مہاراج اپنے جگ کوارتہہ برن کے استہان سے نندنی گئو
کو ہر لائے برن نے بنتی پوربک کشب جی مہاراج سے استتی کرکے گئو کی جاچنا کری پرنتو کشب جی نے وہ
گئو نہین دی برن نے شاپ دیا کہ تم منکہہ جون ہوکر گوپ ہو اور جس پرکار اس گئو کا بچھڑا رو دن کر رہا ہے
اسی پرکار تمہاری دونو استری منکہہ جون کو پراپت ہون اور انکے پتر ماتا کرکے ہین دکہہ پاوین اور جیسے
اس گئو کو تمنے بندہن کر رکہا ہے ایسے ہی تم بہی استری سہت بندہن مین ہوگے یہہ بچن سنکر کشب جی
سون ہو گئے اور برہما جی کشب جی کے سمیپ آکر کہنے لگے کہ ہے کشب مہا بہاگ تمنے یہہ انچت کرم کیون کیا
یہہ چور کرم لوبہہ کرکے بڑا نیچ کرم ہے تمکو دہن ہے کہ منیشر ہوکر ایسا کرم کیا مینے تمکو اگیا سنسار کے مرجاد
مین رہنے کی دی تہی تم میرے پوتر کہلاتے ہو تمنے اس مرجاد کو چہوڑ دیا سو تمکو شاپ دیتا ہون کہ انس کرکے
سہت تمہارا اوتار جادون کل مین ہو اور گوکل مین بہاریا سہت گئوون کی پالنا کرو ہے راجن کشب جی
کو برن اور برہما جی دونو کا شاپ ہوا اور پرتہوی کا اوپر بہار بہی بہت ہوگیا تہا یہہ تینون کارن بہگوان
کے جنم لینے کے ہین اور ادتی نے دتی کو یہہ شاپ دیا تہا کہ ہے دتی تیری پتر ونکا جنم لیتے لیتے ناش ہو
راجا جنمیجے نے بیاس جی سے پوچہا کہ ہے مہاراج ادتی نے دتی کو کیون شاپ دیا بیاس جی بولے کہ ہے راجن
کشب رشی کے دو بہاریا تہین - دتی - ادتی - ادتی کے گربہہ سے اندر بڑا بلوان پتر دیوتاؤن کا راجا ہوا اور
دتی نے کشب جی مہاراج سے پرارتہنا کری کہ ہے مہاراج میرے بہی اندر کے سمان پتر ہو کشب جی مہاراج
بولے کہ تم اپنے برت دہرم مین استہت رہو تمہارے بہی اندر کے تل پتر ہوگا یہہ بارتا سنکر دتی پرتہوی مین
سین کرنے لگی اور اپنو برت دہرم مین تت پر ہوئی تہوڑے کال پشچات گربہہ کی پراپتی ہوئی اور دتی دن دن شوچ
دہرم مین پارائن ہوئی جب وہ گربہہ سمپورن ہوا تو دتی کی دیہہ مین بڑا تیج پرکاش ہوا ادتی نے اوسکے تیج کو
دیکہکر جانا کہ اسکے اندر کے سمتل پتر اوتپت ہوگا سو اپنے پتر اندر سے کہا کہ ہے پتر تیرا شتر و اوتپت ہونیوالا
ہے کیونکہ جب سے دتی کے گربہہ ہوا ہے میری ہردے مین لوہے کیسی سلا کہا چبہہ رہی ہے تم بیگ اس
گربہہ کے ناش کا اوپاؤ کرو جو اسکے گربہہ کو کوئی بکار ہو جائے تو میرے من کو آنند ہو اندر بولا کہ ہے ماتا

تم کچھہ چنتا مت کرو مین اس گربھہ کے چھین ہونے کا بھلے پرکار اوپاؤ کرونگا اندر نے وتی کے پاس جا استتی کر
اسکے چرنون مین مستک نوا کر کہا کہ ہے ماتا تم گربھہ برت مین ستھت ہو اور تمہارا دیہہ کرش ہو گیا ہے اس
کارن مین تمہاری سیوا کرنے کو آیا ہون مین تمہاری چرن سیوا کرونگا تم میری ماتا ہو ماتا کی سیوا کا جت
نر پھل نہین ہے سو بھاوی کے بس ہو کر اندر چرن سیوا کرنے لگا جب وتی سو گئی اپنے یوگ بل سے سوکشم
دہارا ایک چھوٹا شاستر ہاتھہ مین لیکر گربھہ مین پرویش کر گیا اور اوس گربھہ کے سات ٹکڑے کئے اور پھر ایک ایک
ٹکڑے کے سات سات کئے تب وہ بالک گربھہ مین رونے لگا اندر نے کہا کہ ہے بھرات تم رودن مت
کرو تم دیوتا ہوگے سو وہ ہی اونچاس مرت دیوتا او تپت ہوئے جب وتی کو گیات ہوا کہ میری سوت
کی پریرنا سے میرے گربھہ کا اندر نے چھل کر کے بگھن کیا تب اوسنے اوتی کو شاپ دیا کہ جیسے تیرے پتر نے
میرے گربھہ کا چھل کر کے بگھن کیا ہے۔ ایسے ہی تیرے بھی پترونکا ناس ہو اور ندی سالا کے بشے
تجھکو بھی مہا دکھہ پراپت ہو اور تیرے مرت تپسا جوگ ہو پشچات کشب جی مہاراج نے وتی سے کہا کہ تم کچھہ سوچ مت
کرو تمہارے پتر اندر کے تل مرت نام کر کے بلوان پرگبٹ ہونگے پرنتو یہہ شاپ مجھہ سے نرورت نہین ہوتا
اور تمہارا اور میرا جنم پرتھوی پر برن اور برہما اور وتی ارتھات تمہاری شاپ کر کے جنم ہوگا اور وتی کو سنتوش
دیا جب وتی ہرکھہ کو پراپت ہوئی سو ہی راجن ایسے اوتی نے دیوکی کا جنم دہارن کیا +

چوتھا ادہیاء چوتھی اسکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہر دیو کرت بھاشا کا جسمین ست است دہرم کی پھل کا برنن ہے

راجا جنمیجہ نے پرشن کیا کہ ہے بیاس جی مہاراج یہہ سنسار تمہاری بچنون سے پاپ روپی ترکش دکھیتا ہے
جب کشب جی مہاراج سے دیوتا اور دیتون کی اوتپتی تم نے برنن کری پھر اندر نے دیوادھکار پاکر یہہ ادہرم
اور نیشٹ کرم پاپ روپی کیونکر! اور میری پتامہ نے کورکھشیتر مین یدہ کر کے کل کا ناش کیا اور بھیشم درون کرپا
چارج کرن یدھشٹر ایسے دہرماتماؤن کو سری کرشن جی مہاراج نے پریرنا کر کے ناس کرایا یہہ نیشٹ کرم کیون
کراوے تو ساکشات دہرم الٹ تھے اُنکی بدہی نیشٹ ہونے کا بڑا اشچرج ہے راگ دویش کر کے سمپورن

منکھہ بیا پت ہین پرنتو گیان کرکے راگ دویش کا ناش ہوتا ہے پہر سری کرشن جی مہاراج ساکشات پورن
برہم نے بہیم سین کے ہاتہہ سے چھل کرکے جراسندہ کا ناس کرایا اور ست سوروپ سری پرماتما ہوکر پاکھنڈ روپ
دہارن کیا بڑا اشچرج ہے اور پہر ارجن سہت جگ کا بدہان کروایا اوس جگ کا کیا پہل پراپت ہوا کیونکہ دہرم
کا پہلا چرن ست ہی اور دوسرا چرن شوچ تیسرا دیا چوتہا دان ہے جب ان چارون کرکے جو ہین ہوا وسکو
کیونکر ست بادی کہا جائے اور اوسکو کیونکر پہل ملے دیکہو سری بہگوان تنے راجا بلی سے دہرم آتما سو جگ
کرنے والے کو چھل کرکے اوسکے استہان سے نکال کر پاتال کو بہیجا یہہ کیا کارن تہا اس میرے سندیہہ کو نرورت
کرو بیاس جی نے اوتر دیا کہ ہے راجن پرمیشر پورن برہم نے دیر گہہ پربہتائی کو پاکر راجا بلی سے جو کپٹ کیا
تو وہ لگہتائی کو بہی پراپت ہوئی کیونکہ اوس کرم کے ہی پہل سے دوارپال ہوئے پہر چھل کرکے کون
دیر گتا کو پراپت ہوا ہے جو کچہہ اس سنسار مین ہے ست ہی دہرم ہے است سے ناس کو پراپت ہی اور مایا بہگوتی نرگن
روپ ہوکر سب مین پرکاش ہے اور مایا برہم مین نرورت ہوکر سب پدارتہون مین ست دکھلائی دیتی ہے
ہے راجن مین تم سے ایک دشٹانت کہتا ہون کہ دہرم شاستر کے انگ سگن روپ ہوکر ست شدہ سروپ
کہاتے ہین پرنتو ست کے بسئے جب گن آکر پراپت ہوتے ہین تب ہی وے پرتیت ہوتے ہین سو ہی راجن
وہ گن ادہشٹاتا مایا برہم کی بودہ کرنیوالی سناتن شکتی اپنے بل بیرج کرکے ست است کو دکھلاتی ہے اور
جس سمے وہ سرگن مایا ست سے ہین ہو جاتی ہے اوس سمے نہ ست دکھلائی دیتا ہے نہ است سو ہی راجن سب
سر اسر مایا کے بس ہوکر سنسار مین کال بتیت کرتے ہین اور اندر آدک اپنی اندریون کی ترپتی کے نمت چھل کپٹ کو
دہارن کرتے ہین اور چھل سے پاپ کی اور پاپ سے کام کرودہ موہ بیر کی اوتپتی ہوتی ہے اور کرنے اور نہ کرنے کی
ببتہ کو منکھہ گیانی سمجہتے ہی ہین پرنتو مایا کے بس ہوکر وہ گیان جاتا رہتا ہے اور اہنکار سے موہ کی اور موہ
سے سمرن کی اوتپتی ہے ایسی ہی یہہ سنسار سنکلپ بکلپ کے بسئے اسکت ہو رہا ہے اور موہ کا ناس گیان سے
ہوتا ہے اور جگ دان تیرتہہ برت نیم یہہ اہنکار کے نرورت ہونے سے منکھہ کو پراپت ہوتے ہین اور راگ دویش
سے منکھہ پاپ کو پراپت ہوتا ہے سو ہی راجن یہہ دروہ اندریون کے بسئے پربل ہے گورون کی دکشا گیان سے
دروہ کا ناس ہوتا ہے اور اندر آدک جو اپنی من کو شدہ کرکے جگ دان برت سنکلپ سہت کرتے ہین سو کیول

شترو کے ناس کے لیئے کرتے ہین اور جو نش سنکلپ سری بھگوتی آدسکتی کا دہیان کرکے جگ کرتے ہین وے سنسار بندہن سے چہوٹ جاتے ہین اور سنتوش سب ہرسون کا اور اسنتوش سب پاپو نکا مول ہے *

پانچوان ادہیا چوتہی سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین نرنارائن کا بدرکاسرم مین تپ مین ستہت ہونا اور اندر کا کامدیو کو بہیجنا اونکے تپ کہنڈن کرنے کے لیئے *

بیاس جی بولے کہ ہے راجن ستجگ مین بہی چہل کپٹ کی اوتپتی توہی پرنتو اوس سمے کے منکہونکی ویہہ مین چہل کی پرورتی نہین تہی اور جو منکہہ جب تپ دہیان مین پارائن ہوکر تپ کرتے تہو اندر انکے تپ مین اینک وگہن کرتا تہا ستجگ مین تو کیول ست ہی پرتیت تہا اور دواپر ترتیا مین کرم پر دہان تہا اور اب کلجگ مین کرتا اونچی کرمونکو بہوگتا ہے اور ہے راجن ست پدارتہہ کیول نرمل شانت ہے پرنتو اپنی ابہنا کر کے میلا ہوجاتا ہے سو ہے راجن برہما کے ہردی سے ایک دہرم پتر سنتوش کا کرنے والا اوتپت ہوا راجا دکش کی پتری سے اوسکا بواہ ہوا اور وہ گرہست آسرمی ہوا اوسکی دو پتر ہوئے ایک کا نام ہری کرشن دوسرے کا نام نارائن وہ دونو ست اور دیا سے سنجگت ہوئے سو اونکا نام نرنارائن ہوا پسچات وے تپ کرنیکو بدرکاسرم مین چلے گئیو اور سون دہار کے سری گنگا جی کے تٹ تپ کرنے لگو اور اپنی من مین ایک سہنسر برکہہ تک کے تپ کا پرن کر لیا تہا سو اونکے گہور تپ سے اندر اپنی راج کے بہی کرکے بیاکل ہوا اور کام لوبہہ کرودہ کے بس ہوکر گندمادن پربت مین جاکر نرنارائن سے کہنے لگا کہ مین تمہارے تپ سے پرا پرسن ہوا تم بر مانگو جو بر دوگے بہی جوگ نہین ہوگا وہ بہی دونگا نرنارائن نے اوسکی اور درشٹی بہی نہین کری پہر اندر اینک روپ کبہی سنگہہ کبہی بہاگ دہر کر ڈرانے لگا اور اینک مایا دکہلائی کبہی برکہا کبہی اگنی برسائی پرنتو سری نرنارائن نے نیتر ہی نہ کہولے اندر بیاکل اور سون ہوکر اپنے من مین سوچتا اور چنتا کرتا اپنے استہان کو چلا گیا اور سری جہایا شکتی کا دہیان کرکے کہنے لگا کہ ہے ماتا میرے کلیش کا تم ناس کرو پرنتو اندر کو دہیان مین یہہ دیکہا کہ نرنارائن بہی شکتی کا ہی دہیان کرتے ہین اور تینون بیجون سہت (باک) (کام) (مایا) نرنارائن دہیان مین ستہت ہین

پشچات اِندر نے مہاماِیاجی کا دھیان کر کے کامدیو کو رتی سہت بلا کر کہا کہ تم نرنارائن کے سمیپ جا کر اُنکے تپ کا کھنڈن کرو اور اون دہرم پتروں کو بل کر کے اپنے بس مین کرو اور موہ سے اُنکے چت کو ہر کر میرے کارج کی سدہی کرو ایسا کوئی پنڈت اتہوا گیانی اِس سنسار مین نہین ہے جو تمہارے بان سے چہدن نہو اور مین بہی ہمبا سی آدِ لیکر اپسراؤن سہت تمہارے پیچہے آتا ہون ایک رمبا کی ہی بہرکٹی سے انیک کامدیو کی سوبہا ہی سو تم رمبا سہت اپنے کارج کو کرو اور بلمبہہ نکرو کامدیو اندر سے ہاتہہ جوڑ کر بولا کہ ہے مہاراج مینے انیک منیشروں کو بس مین کیا ہے پرنتو دیبی کے بہگت کے بس کرنے کی میری سامرتہہ نہین اور نرنارائن کے ہردے مین انیک کام بیج روپا شکتی شانتی سہت ہین سو اونکے جیتنے کو مین اسمرتہہ ہون یہہ بات سنکر اندر کہنے لگا کہ تم شیگہر جاؤ دیر مت کرو کارج کا ہونا نہونا تو دیبی کے آدہین ہے کامدیو اندر کے کہنے سے گندمادن پربت کو چلا گیا +

چہٹا ادہیاۓ چوتہی سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین کامدیو اور اپسراون کا اودم سری نرنارائن کے تپ کہنڈن کرنیکو اور اُنکا پچہہ بس نچلنا اور اُربسی نام اپسرا کا اپنے دیہہ سے اُتپت کرکے دینا سری نرنارائن کا اندر کے کارن بَرنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اُس پربت مین کامدیو کے جاتے ہی ناناپرکار کے آمبہہ بکل کدمب مالتی سے آدِ لیکر پشپ کہل گئے اور کوکلا سے آدِ لیکر پکشی منوہر شبد کرنے لگے اور بہنور گنجار کرنے لگے اور انیک پرکار کے منکہہ بہی اونمت ہو گئے اور سندر سندر سوگندہ اِندریوں کی سکہنے والی آنے لگی اور کامدیو رتی سہت اپنے پنچ مکہی بان چہوڑنے لگا رمبا وغیرہ اور تلوتما اپسرا اچہے سُر سے گانے لگین ایسے سمے اور کامدیو کے بیگ کو دیکہکر انیک پکشی پرانی بہل ہو گئے و نرنارائن نے اپنے من مین کہا کہ دیکہو برکشوں مین کیا سوبہا ہو رہی ہے کیسی سِسِر رُت اور بسنت رُت چہا رہی ہے اور اپنا پرکاش کر رہی ہے اور انیک پرکار کے گان اپسرا کر رہی ہین اور ان اپسراون کے کُہار بند اور مِکہا اور نوپروں کے جہنکار کی سوبہا بڑی سُندر دکہلائی دیتی ہے اِس سمے یہہ کیا بگہن ہوا اور بسمے کو پراپت ہو کر کامدیو اور اپسراؤنکی اور دیکہہ اور اندر او پدرہ سمجہکر بولے کہ آؤ ہم تمہاری شسترو کہا کرین تم سُرگ سے کس کارن یہان آئے ہو وہی اپسرا انکہی بہمان کرنے لگین جب نرنارائن نے بہلی پرکار جانا کہ یہہ سب بگہن اندر کا کیا ہوا ہے

اور اپنی وِبّ درشٹی کر کے اپنی بہجاؤن کو مردن کرنے لگے نارائن کے دیہہ سے ایک اپسرا اوتپت ہوئی جسکے انگ روم
کے بھی تُل اندر کی بھیجی ہوئی اپسرا نہ تھین اور وہ اپسرا جو نارائن کے اورو سے اوتپت ہوئی اِس کارن اوسکا نام
اُروبسی ہوا اُسکے روپ کو دیکھکر وہ سمپورن اپسرا اوربسی کے نکٹ جاکر کھڑی ہوکر کہنے لگین کہ ہم تو سُرگ سے کیول
تیری سیوا کو آئی ہین اور مند مند مسکان کرتی کرتی نر نارائن کو ڈنڈوت کر کے ہاتھ جوڑکر استتی کرنے لگین کہ ہے پرمیشر
تمہارے تپ کی سامرتھی کو دیکھکر ہم موہ کو پراپت ہوتی ہین اور اس تمہاری مایا کی ہم سدیو کال داسی رہین گی
..... ہم تمہاری استُتی کرنے کو سامرتھ نہین ہین تُمہارا تپ بڑا پربل ہے ہمارے اوپر کرپا کرو اور ہمنے جانا
کہ تُم ساکشات نر نارائن ہو تُمنے ہمارے مان کو کھنڈن کرا اور یہہ سے ہمارا کلیان ہوئیگا ہے جو تمہارے
درشن ہمکو پراپت ہوئے ایسے بچن اپسراؤنکے شرون کر کے نر نارائن بولے کہ جاؤ ہم تمہارے اوپر پرسن ہوئے
اور جو تمہارے من کی بانچھا ہو سو کہو اور تُم بیگھ اندر کے پاس جاؤ اور اس اوربسی کو لیجاکر اندر کے سمرپن کرو اور
اندر سے کہو کہ یہہ اپسرا تمہارے لیئے لائے ہین اوربسی بولی کہ ہے مہاراج مین تو تمہارے انگ سے اوتپت
ہوئی ہون مجھکو اپنی چرنون سے کیون الگ کرتے ہو تمہارے چرنون کی سیوا سے رہت ہونے کو میرا من
نہین کرتا ایسی کرپا کیجے کہ مین تُمہاری چرن سیوا سے بہن نہون اور میری یہہ اچھا ہے کہ تم میری پتی ہو مین
تمہاری چرن سیوا مین رہون اور وے سولہہ سہنسر پچاس اپسرا کھڑی ہوکر پرارتہنا کرنے لگین کہ ہے مہاراج
ہم پر بھی ایسی کرپا ہو کہ ہم بھی تمہاری سیوا مین رہین یہہ اچھا ہماری پورن کیجے اور اپنی بھاگ کے جوگ سے جو ہم
سُرگ سے آئین آپکا درشن ہوگیا نارائن بولے کہ بنا سہنسر برکھہ تپ بیت ہوئے ہم اپنے تپ کی سماپتی نہ کرینگے اور اب ہم
جت اندری وہ دھرم مین ہین تسکو انگیکار کیونکر کرین اور رشی باسنا مین پھنسنا پشوونکا دھرم ہے اپسرا بولین کہ ہے
مہاراج شبد سے آدلیکر پانچون اندریونمین یہہ سپرس اندری بڑی بلوان ہے اور آنند روپی رس کے ہی
گرہن کرنے والی ہے سو ہے مہاراج اس ہمارے منورتھ کو پورن کیجے اب ہماری سُرگ کے
جانے کی اچھا نہین ہے اور یہہ اچھا ہے کہ ہم اسی گندماون پربت مین رہین کہ اسکے تُل سُرگ مین
کوئی پدارتھ نہین ہے +

ساتوان ادہیاۓ چوتہی اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپُران ہردیوکرت بھاشا کا جسمین اہنکار کی پربلتائی کا برنن ہے

بیاس جی بولے کہ ہو راجن نرنارائن اپشراؤن کے بچن سنکر بسمے کو پراپت ہوئے اور انہکار روپی بیج (انکر) نارائن کے ہردے مین اوتپت ہوا اُسکو دیکہکر سوچنے لگے کہ یہہ انکر دہرم کے ناس کرنیکو اُتپت ہوا ہے اور یہہ اپسرائین دُکہہ کے اوتپت کرنے کو اس آشرم مین آئی ہین اور یہہ اپسرا جو میرے انگ سے اُتپت ہوئی اپنے جال مین آپ ہی پہندنے کا کارن ہے اب اس پہندن کو کس پرکار نرورت کرون اور چنتا مین کرودہ دہارن کرکے اپنے من مین کہنے لگے کہ یہہ کرودہ ہی میرا شترو اوتپت ہوا کہ کام لوبہہ سے بہی ادہک بلوان ہے سو یہہ دونو مجکو دارن دُکہہ دائی ہین نارائن کو چنتاوان دیکہکر نر بولے کہ ہے مہابہاگ ہے مہاتپسی یہہ مایا بڑی بلوان ہے سو اپنے گیان کرکے انہکار کا ناس کرو پہلے انہکار کے دوش سے تمنے پرہلاد کے ساتہہ سہنسر برکہہ تک جدہ کرا سو یہہ انہکار اور کرودہ دونو مہا دُکہہ دارن ہین یہہ بچن سُنکر نارائن شانت ہو تپ کرنے لگے — راجا جنمیجہ نے یہہ پرشن کرا کہ ہے بیاس جی مہاراج پرہلاد جی بشنو بہگت سدہ آتما تہے اور نرنارائن دونو شانت دہرم پتر تہے پہر انہون نے آپسمین جدہ کیون کیا کہ دونو پکش گیان وان اور دہرم آتما تہے اور دیرگہہ کال کا دہن تپ کا نشٹ کرا ہم کیون بر تہا گنود اور جس پرکار سورج نارائن کے تیج سے تم کا ناس ہوتا ہے اسی پرکار انہکار سے دہرم کا ناس کیون ہوا ہے سری مہاراج اہنکار سے تینون بہون بندہی ہوئے ہین لوہ کاشٹ کی پہانسی سے تو سکہہ اودہی پاکر راجا کی آگیا انسار چہوٹ جاتا ہے پرنتو انہکار کی پہانسی سے چہوٹنا درلبہہ ہے جبتک انہکار کا ناس نہین ہوتا جبتک برہم گیان نہین ہوتا - اور برہما بشنو مہیش اور انیک مُنیشر انہکار کے بندہن مین بندہی ہوئے ہین تو اور جیون پتہہ بدہی کی کون گنتی ہے بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن کارج سے کارن کدہاچت بہن نہین ہوتا جیسے سوبرن سے سُنار کنڈل بناتا ہے جیسے ایک لکڑی سے سن لپٹ رہا ہے ایسے ہی جیو سے انہکار لپٹ رہا ہے مایا کرکے یہہ تینون گن ملے ہوئے ہین اسی پرکار انیک مُنیشر انہکار کرکے بیاپت ہین مایا کے یہہ گُن ہین شانت آتما کام کرودہ لوبہہ موہ انہکار انکا اکٹھا ہونا بیماری کا کارن ہے اور انیک مُنیشر بید شاستر ونکا پڑہن اور تیرتہو نکا گون اور دہیان بہی کرتے ہین پرنتو انہکار کو نکال

کرین تو سدہ کارن ہو جاتا ہے اور ستجگ میں اور ترتیا مین بہی اہنکار سہت تہے تو اب کلجگ مین کیا اشچرج ہے راجا
جنمیجہ پہر بولے کہ ہے مہاراج تمنے ست کہا ہے اونکو ہی ہے جو اہنکار کو وہ کو تیاگ کر جت اندری ہو کر دہیان مین
پارائن ہین میرے پتا نے تپسوی کے گلے مین سرپ ڈالا تو یہہ اہنکار کا ہی کارن تہا بہاوی کے بس ہو کر بدہی کا
کا ناس ہوا سو اوس نندت کرم سے چہوڑانے کو تم ہی سامرتہ ہو اب ہے مہاراج پرہلادجی کے جدہ کی کتہا بستار
پوربک برنن کیجیے ⁂

اٹہوان ادہیاے چوتہا اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پران ہر دیو کرت بہاکا چمین رشی کا پرہلادجی کے سمیپ پاتال مین جاکر تیرتہون کا برنن کرنیکا اکہیان ہے

بیاس جی مہاراج نے کہا کہ ہے راجن تم جنتا کو تیاگ دو راجا جنمیجہ بولا کہ ہے مہاراج اپنے پتا کے اودہار کے نمت مین
آپکے چرنون مین پراپت ہون سو میرے پتا کی درگتی کا اشنان دان اور شانتہ کرکے اودہار کیجے جب سے یہ شنا
ہے جنتا کو پراپت ہو رہا ہون پرنتہم تم پرہلادجی کے چرتر برنن کرو بیاس جی بولے کہ ہے راجن ہرنکشب کے بدہ کے
پشچات پرہلادجی راج سنگہاسن پر بیٹہے اور دہرم راج کرنے لگے اور برہمن آدک چارون برن اپنے اپنے دہرم مین
تت پر تہے ایک سمے بہرگوجی کے پتر چمین رشی تیرتہ کرنے کو نربدا کے تیر ریوا ندی کے نکٹ پہونچے وہان ایک سرپ نے چمین
جی کو گہیر لیا اُسکے بس روپی بہنکر روپ کو دیکہہ کر چمین جی ہے کو پراپت ہو کر نارائن کا دہیان کرنے لگے دہیان ماتر
ہی وہ سرپ نربس ہو گیا چمین جی مہاراج آنند کو پراپت ہو کر اُس سرپ کی کہہ مین دو دہا دیکہہ کر کہنے لگے کہ جاؤ ہے سرپ
تم تپ کرو وہ سرپ تو ناگ کنا دن مین چلا گیا اور چمین جی پاتال کو چلے گئے راجا بلی چمین جی کو دیکہکر بولا کہ تمہارا
کس کارن آگون ہوا کیا را جاندر نے میرے بہون کے دیکہنے کو بہیجا ہے چمین جی بولے کہ ہے راجن مجہکو تمہارے
اور اندر کے بیر سے کچہہ پریوجن نہین ہے مین تو کیول تیرتہ جاترا کرتا ہوا تمکو پرم بہگبت جانکر درشن کے نمت یہان
چلا آیا ہون تم کچہہ سنکہا ست کرو پر ہلادجی نے پوچہا کہ ہے مہاراج تینون لوگون مین کتنے تیرتہ ہین چمین
جی بولے کہ ہے راجن من کے سُدہ کرنے سو ایک ایک پد پر انیک تیرتہ ہین اور من کے ملین ہونے سے گنگا آدک تیرتہ
اشنان سے بہی پہل کی پراپتی نہین ہوتا پرنتہم من کی شُدہی کرنی چاہیے پہر اُسکے پاپ ناس ہو جاتے ہین اور گنگا

کے تیر انیک منکہہ نواس کرتے ہین پرنتو من کی سدہی بنا اُنکو پہل نہین ملتا اور جو اپنے گہر مین ہی من کو سُدہ
کرکے اشنان کرتے ہین کو ٹان کوٹ تیرتہہ کے جل اشنان کا پہل ملجاتا ہے اور جو تیرتہہ پر پاپ کرتے ہین وے تو
مہاپاپ مین لپت ہین اور جو منکہہ تیرتہہ سے بہن من کو سُدہ کرکے نواس کرتے ہین اونکو انیک تیرتہہ سہت وہ استہان
ہے اور دُشٹ بہاونا مین لپت ہوا کوٹون تیرتہہ کرو سِدہتا کو پراپت نہین ہوتا سو ہے راجن اس پرتہوی پر
انیک تیرتہہ ہین پرنتو مکہہ اور اوپک تیرتہہ نیم شارچکر اور پُشکر راج جی ہین اُنکے سمان پرتہوی پر
اور کوئی تیرتہہ نہین ہے پرہلاد جی یہہ شرون کرکے نیم شارنیہ تیرتہہ مین انیک دیتیون کو ساتہہ لیکر گئے اور
کہنے لگے کہ اس تیرتہہ مین پونڈری کاکش بہگوان کے درشن ہونگے اور سرستی ندی کے درشن او اشنان کرکے بہت پرشن ہوئے

نوان ادہیائے چوتہی سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیوکرت بہاشا کا جسمین پرہلاد جی اور نرنارائن کے جدّہ کا آکہیان ہے

بیاس جی بولے کہ ہے راجن پرہلاد جی نیم شارنیہ تیرتہہ مین سرستی اشنان کرکے برچہہ کی چہایا مین بیٹہہ گئے
تو وہان نانا پرکار کے شستر دہرے دیکہکر کہنے لگے کہ منیون کے استہان مین شستر ونکا کیا کارن ہے اور وہان ہی
نرنارائن کو تپ کرتے دیکہا اور نرنارائن نے پرہلاد جی کو دیکہا تو پرہلاد جی نے کرودہ کرکے کہا کہ ہے تپسیو تمہارے
سمیپ شستر ونکا کیا کارج ہے ہمنے تپسیونکو شستر دہارن کرتے کبہی نہین دیکہا اور نہ سُنا برہمن کا دہرم تپ کرنیکا
ہے شستر دہارن کرنیکا نہین ہے یہہ شستر کس کارن دہرے ہین نر بولا کہ ہے دنیب اندر تیرے من مین کیا شنکہیا
ہے ہمکو دونو سامرتہہ ہین تپ کے بہی اور شستر دہارن کرنے کی بہی اب تم اشنان کرکے اپنے استہان کو جاؤ تمکو یہہ بارتا
کہنی اوچت نہین ہے پرہلاد جی مہاراج بولے کہ ہے تپسی تم اُدست ہوکر بہہ کے بچن مت کہو مین دیئنت اندر دہرم کی چہاکرنیکو
ہون اس تیرتہہ مین کیول تپ ہی کرنا چاہئیے شستر دہارن کرنا اوچت نہین ہے بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن یہہ بات
سنکر نر جدہ کرنے کو کہڑا ہوکر کہنے لگا کہ ارے دیئنت مین اب تیرے مستک کو توڑونگا پرہلاد جی مہاراج نے بہی کرودہ
کرکے اپنے ہاتہہ مین دہنش بان لے لیا اور پہر جدہ ہونے لگا ایسا جدہ ہوا کہ پرتہوی کمپائمان ہوگئی اور بانون کے شبد سے ہاہاکار ہونے لگا
پرہلاد جی نے پانچ بان تیکشن تیکشن چلائے نر نے اُنکے ٹکڑے ٹکڑے کردئیے پہر نر نے ایک شکتی چلائی پہر پرہلاد جی نے اوسکی چوٹ بچاکر ایک گہا پہینکا

نرکی اُسکی بہی چہوٹی چہوٹی ٹکر ہی کردئی دیوتاؤن نے اُس جدہ کو اکاش سی دیکہکر لشپونکی برکہا کری پہر نارائن بہی ایسا جدّہ دیکہکر کہڑی
ہوئی اور باتونکی برکہا کرنے لگی ایسے ہی دیوتا اور دانونکا آپسمین وارن جدہ ہونے لگا ایک دوسرے کے جیتنی
کی اِچہا کرنے لگی ایسی بانونکی برکہا ہوئی کہ سورج نارائن بہی چہپ گئی اور تمر ہو گیا اس جدّہ سے دئیت اور بدیا دہراد
گندہرب بڑے بسمی کو پراپت ہوئے اور نارد جی سے آدلیکر منیشرونکو بڑا کلیس ہوا اور پرہلاد جی نے ایک ایک وار
مین سہنسر سہنسر بان چلائے نارائن مہاراج نے اپنی بانون سے سب ہی کے ٹکڑے کیئے یہہ جدّہ ایکسو دب برس تک
ایسا دارن ہوا جیسا مدہو کیٹب ور سری بشنو مہاراج کا ہوا تہا پرنام سری بہگوان چترہجی پتیامبر اور گدا دہاری
پرہلاد جی کے آشرم مین آئے پرہلاد جی درشن کرکے ڈنڈوت کر کہنے لگی کہ ہے مہاراج مینے سو برس تک پرم دارن جدّہ
کرا پرنتو میری جیت نہوئی یہہ کیا کارن ہے سری بہگوان بولے کہ ہے پرہلاد جی تم اس آشرم مین جدہ مت کرو یہہ
دونو نر نارائن ساکشات سِدہ تپا کو پراپت ہین ایسے تپسیون سے جدہ کرنا اوچت نہین اب تم میرے بچن مانکر پاتال لوگ
کو چلے جاؤ بہگوان کے بچن سنکر پرہلاد جی مہاراج اپنی ستہان کو چلے گئے اور نر نارائن تپ مین لگ گئے ٭

دسوان ادہیائے چوتہی اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین
پرہلاد جی کا راجا بلی کو راج دیکر تپ کو جانا پشچات دیوتاؤن اور دئیتون کا جدّہ ہونا

راجا جنمیجہ نے پرشن کیا کہ ہے بیاس جی مجکو بڑا سندیہہ ہی کہ نر نارائن ساکشات بشنو انس نے تپ کے مدہ مین بیت
راگی ہو کر جدہ کیون کرا اور شانت بدہی پرہلاد جی کے من مین سہنسر برس کے تپ کی پشچات کرودہ کی پرورتی کیون
پرویش ہوئی جب ایسے شانت مہاتماؤن کی یہہ گتی ہو تو ترگن آتمک شریرون کی کیا گتی ہوگی بیاس جی مہاراج نے
اوتر دیا کہ ہے راجن مینے تم سے سنسار کا بیج تین پرکار کا برنن کیا انہکار سے برہمانڈ کی اوتپتی ہے سو دیوتا اور
تپسی انہکار کے بشی بیاپت ہین تو کہہ راگ دو بس رہت کیونکر ہون اور یہہ انہکار روپی بندہن مہا پربل ہے اسکی
گانٹہہ گیان کرکے کہلتی ہے برہما بشنو مہیش یہہ ترگن سروپ انہکار کرکے بیاپت ہین اور بشنو بہگوان کے اوتار تہہ
کے چکر کی نیائین اسکہہ بار کام کرودہ کے بس ہو کر بہرگو جیکی شاپ سے ہوئے ہین راجا جنمیجہ بولا کہ ہے مہاراج تمنے
بہرگو کے شاپ سے اوتار کا ہونا برنن کیا وہ کیا شاپ ہے مجہہ سو پہلے پرکار برنن کیجے بیاس مہاراج بولے کہ پہلے

ہرنکشب کو یدھ کے پشچات پرہلاد جی راج گدی پر ستہت ہوئے اور دیوتاؤن اور دیئتونکا مہا دارن یدھ ہوا اور اندر
اور پرہلاد جی کا یدھ پورن دِب سو برس تک پرسپر ہوا دیوتاؤنکی جیت ہوئی اور پرہلاد جی کی ہار پرہلاد جی سناتن دہرم
کو جانکر پروجن کے ستا بلی کو راج پر ستہت کرکے گندماون پربت مین تپ کرنے کو چلے گئے راجا بلی نے راج گدی پر استہت
ہوکر انیک یدھ کئے اور اندر آد دیوتا دیتون کو نانا پرکار کے سنتاپ پہنچائے دینت بہو دان ہوکر شنکر جی مہاراج کے
سرن جاکر کہنے لگے کہ ہے مہاراج تم اپنے تپ کے بل سے ہماری رکھشا کرو شنکر جی بولے کہ تم بہو مت کرو مین تمہاری رکشا
او سدہی منترون سے کرونگا شنکر جی مہاراج کے بچن سنکر دینت پاتال کو چلے گئے اور دیوتاؤن نے یہہ برتانت سنکر اندر سے
جاکر کہا کہ ہے مہاراج شنکر منترون سے دیتونکی سہایتا کرے گا یہہ بات سنکر اندر دیوتاؤن سہت پاتال مین دیتون سے
یدھ کرنے گیا دینت بشنو سہی آدلیکر دیوتاؤن کو دیکہکر بہے وان ہوکر شنکر جی کے پاس گئے شنکر جی نے
کہا کہ تم بہے وان مت ہو اب مین منترون سے اوپاؤ کرونگا +

گیارہوان ادہیاے چوتہی اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین شنکر جی کا تپ کرنا شیو جی سے رکشا منتر لینے کو اور کتنا سیس شکر جی کی ماتا کا بشنو کے ہاتہہ سے برنن ہے

بیاس جی بولے کہ شنکر جی نے دیتون سے کہا کہ پہلے بشنو نے بارہ سروپ ہوکر ہرناکش کا ناش کیا اور نرسنگہہ روپ
دہرکر ہرنکشب کا ناس کیا سو میری سامرتہہ دیوتاؤن کو جیت لینے کی نہین ہے اب تم تہوڑے کال سنتوش
کرو مین شیو جی مہاراج کے پاس تپ کرنے کو جاتا ہون اور رکش منتر لاؤنگا دینت کہنے لگے کہ ہے مہاراج اب دیوتاؤن
کا راج سانکول ہے ہماری سامرتہہ دیوتاؤن کے سنمکہہ رہنے کی نہین ہے اور اندر ہماری لئے انیک پرکار کے کلیش
کر رہا ہے پہر ہم اپنا کال کیسے بتیت کرین شکر جی بولے کہ ہے دیتو جبتک مین شیو جی مہاراج سے منتر نہ لاؤن تم
نمرتائی سے دیوتاؤن کے آدہین رہکر اپنا کال بتیت کرو اور تم تپ کرو پہر تمہاری جیت ہوگی یہہ سنکر سمپورن دینت
پرہلاد جی کے سمیپ گندماون پربت مین گئے اور شنکر جی مہاراج کیلاس کو چلے گئے پرہلاد جی مہاراج نے دیتونکو دیکہہ مُسکان
کرکے بٹہلایا اور پہر دینت کشب جی کے آشرم مین رہکر شنکر جی کے آنیکی باٹ دیکہنے لگے اور شنکر جی مہاراج نے کیلاس مین جاکر
سری مہادیو جی مہاراج کو ڈنڈوت کری مہادیو جی مہاراج کہنے لگے کہ ہے شکر جی تم کیسے آئے شکر جی بولے کہ مین منتر کی چاہنا

کر کے تمہارے چرنون مین آیا ہون سو اپنیا تر دو جس سے برہسپت جی کی بدیا تو نشٹ ہو جا اور میری سہایتا سے دیت جی کو
پراپت ہون یہہ بات سُنکر شیو جی مہاراج کہنے لگے ہے شکر منترون کر کے دیوتا نہین جیتے جاوینگے اب تم ایک ہزار
برکہہ تک نیچے کو سیس کر کے تپ کرو پہر تمہارا منور تہہ پورن ہوگا سکر جی نیچے کو سیس کر کے تپ کرنے لگا اور دہوم پان کرنے
لگی اندر یہہ بات سُنکر بے کو پراپت ہوا اور اپنے من مین بچار کر پہر پاتال مین جُدہ کے کارن گیا دیت دیوتاؤن کو دیکہکر کہنے لگی
کہ تمہارا دیوتا دہرم کہان گیا کہ ہم اس سمے نس شستر ہین اندر بولا کہ ہمنے تمہارا چہل جانا کہ تمنے سکر کو تو تپ کرنے بہیجدیا اور
آپ شستہرون رہت تپ کرنے لگی ہو سو ہم تمکو نہین چہوڑینگے دیت دیوتاؤن کے آگے سے بہاگ کر شکر جی کی ماتا کے شرن گئے
دیوتا بہی پیچہے اُنکے گئے شکر جی کی ماتا کہنے لگی ہے دیتو تم بہے مت کرو میرے سمیپ بیٹہہ جاؤ دیت شکر کی ماتا کے نکٹ
بیٹہہ گئے دیوتا جدہ کرنے کی سنا کرنے لگے شکر کی ماتا دیوتاؤن کو پربل جا کر کہنے لگی کہ ہے دیوتاؤ تم نندرا کے بس ہو جاؤ
دیوتاؤن کو نندرا آنے لگی اور سنگہہ شکر کی ماتا کے مون ہو کر کہڑے ہو گئے بشنو بہگوان نے یہہ مایا دیکہکر دیوتاؤن کو بودہ
کرایا اور یوگ نندرا کو بہگوان نے ہاتہہ جوڑ کر پرارتہنا کری کہ ہے نندرا تم اب دیوتاؤن کو بودہن کرو تب دیوتاؤن کی نندرا
نرورت ہوئی شکر کی ماتا بہگوان کے پربہاؤ کو دیکہہ کر کرودہ وان ہو کہنے لگی کہ ہے اندر اب تو میرے پراکرم کو دیکہہ مین
تجہکو بہگوان سہت بہسم کر دونگی دیوتا بہان ہوئے بشنو بہگوان نے دیوتاؤن سے کہا کہ تم بہے مت کرو اور اپنے سدرشن
چکر کا آواہن کیا اور سدرشن چکر کو اپنے ہاتہہ مین لیکر شکر کی ماتا کا سیس کاٹکر سنگرام مین ٹیک دیا دیوتا جے جے شبد کر کے
کہنے لگے کہ ہے مہاراج آپنے بہلا کارج کرا پشچات سری بہگوان استری بدہ کو سوچ کر چنتا کرنے لگے *

بارہوان ادہیاے چوتہہ اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا جسمین سری بشنو بہگوان کو بہرگو جی کا شاپ ہونا اور اندر کا جینتی اپنی پتری کا بہیجنا شکر جی کی سیوا مین اور برہسپت جی کا شکر روپ ہو کر دیتون کے پاس جانا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن بہرگو جی اس استری بدہ کو دیکہہ کر کرودہ کر کے بشنو بہگوان سے بولے کہ ہے بشنو تم نے یہہ نشٹ
کرم کیون کرا تم تینون دیوتاؤن مین تینون گن ہین تمہاری پرورتی تو ستو گنی تہی تمنے تمو گن کیون دہارن کیا شاستر
مین استری ابدہ لکہی ہے استری کا بدہ کرنا جوگ نہین ہے سو تم نے یہہ انچت کرم کیا مین اندر کو شاپ نہین دونگا تمکو

شاپ دیتا ہون کہ تُم جاؤ مِرتُّ لوک مین اوتار دہارن کرو اور سنکہہ جنم پاکر بہہ باس ہو کر انیک کلیش بہوگو سری بشنو
بہگوان شاپ کو شرون کرکے بہرگو کے سنکہہ مون ہو رہے پہر راجا جنمیجے نے بیاس جی سے پرشن کیا کہ ہے مہاراج بہرگو
بہاریا (شکر کی ماتا) کو سری بشنو نے مار ڈالی پہر بہرگو جی کر ہت آشرم مین کیسے رہی بیاس جی بولے کہ ہے راجن جس
سمے بشنو بہگوان نے اس استری کو تہے بہرگو جی نے اُسکے سیس کو لیکر اُسکے دیہہ پر رکہدیا اور منتر پڑہ کر جل اُسکے سیس پر
چہڑک کر کہا کہ تجکو بشنو نے چکر سے ہتی سو میرے منتر سے تو سرجیون ہو جا بہرگو جی کی بہاریا سب دیوتاؤن کے دیکہتے ہوئے
اوٹہہ بیٹہی یہہ چرتر دیکہکر دیوتا اچرج کو پراپت ہو سرگ کو چلے گئے اور اندر چنتا کرکے کہنے لگا کہ اب ہمکو شکر کے تپ سے
بُرا بہے ہوگا اس کارن اندر نے اپنی پُتری جینتی کو بلا کر کہا کہ ہے پُتری تم شکر کے سمیپ جاکر اونکی سیوا کرو جینتی اپنے پتا
کے اگیان پرمان شکر جی کے سمیپ گئی اور شکر جی مہاراج کو سیس نیچے کئے ہوئے دہوم پان کرکے تپ کرتے دیکہکر بیٹہہ
گئی اور سیوا کرنے لگی کبہی کیلون کے پتّرون کا بچہونا بناکر پون کرے کبہی نرمل ہتہین جل لاکر شکر جی کے نکٹ دہرے اور
دہیان کو سمے کیلون کے پتّرون سے چہایا کرے اور انیک پرکار کے پہل لاکر کیلون کے پتّرون مین دہرے اور ایک
سجا کومل پترون کی بنائی اور ہاؤ بہاؤ کٹاش کرکے شکر بودہ کرنا پرکار کی استتی کرنے لگی شکر جی مہاراج نے
آرچمن کرنے کو اپنے ہاتہہ مین جل لیا اور اندر نے اپنی سیوگون کو بہیجا کہ شکر کے آشرم مین جاکر دیکہو کہ کیا چرتر
ہو رہا ہے اس پرکار بہت برسون تک جینتی نے شکر جی کی سیوا کری ایک ہزار برکہہ جب سمپورن ہوئے تو شیو جی
مہاراج نے پرسن ہو کر بر دیا جاؤ تم اپنے منورتہہ کو پراپت ہو یہہ بردان دیکر مہادیو جی مہاراج انتردہیان ہو گئے اور
شکر جی نے جینتی کو اپنے سنکہہ کہڑے دیکہکر پوچہا کہ تو کسکی پتری ہے اور میرے آشرم مین کیون آئی ہے ہے
سُندری جو تیرا منورتہہ ہو سو مجہہ سے برنن کر جو تو مانگے گی مین تجکو دونگا جینتی بولی کہ ہے مہاراج مین اندر کی پتری
ہون اور تمہاری سیوا کے کارن آئی ہون سو مین تمہاری سیوا کرونگی میرے پتا کی یہہ ہی اگیا ہے شکر جی بولے کہ
ہے سُندری مین دس برس لگ تیرے ساتہہ رمن کرونگا جینتی یہہ بات سنکر شکر جی کے سمیپ بیٹہہ گئی پہر شکر جی جینتی
کو لیکر اپنے آشرم مین آئے اور دیتون نے جو سُنا کہ شکر جی آئے ہین سمپورن دیت شکر جی کے سمیپ گئے اور ڈنڈوت
کی پرنتو جینتی کے ساتہہ شکر جی کو لپت دیکہکر اپنے من مین چنتا کرتے ہوئے اپنے اپنے استہانون کو چلے آئے اور
اندر نے یہہ برتانت سنکر پرسن ہو کر برہسپت جی سے کہا کہ ہے مہاراج اب شکر جی تو مایا کے بس ہو رہے ہین تم دیتون

کے پاس جاکر اپنی مایا کو پربل کر و برہسپت جی شکر کا روپ دہر کے دیتون کے پاس گئے دیتون نے جانا کہ شکر جی
آئے اب ہمارا منورتھ پورن ہوا اور بارم بار ڈنڈوت کر کے آسن پر استہت کر کے پوجن کرا اور برہسپت جی کہنے لگے
کہ ہے دیتو مینے تمہارے کارن تپ کیا اور اپنے دیہہ کو کرشن کری دیت بڑے پرشن ہوئے اور شکر جی کے
آسن پر برہسپت جی کو استھاپت کر دیا +

تیرہوان ادہیاے چوتھی سکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہر دیو کرت بھاشا کا جسمین برہسپت جی کا کپٹ اور چھل سے دیتون کے آشرم مین جانا اور شکر جی کا آنا دیتون کے پاس برنن ہے

راجا جنمیجہ نے بیاس جی مہاراج سے پرشن کیا کہ ہے مہاراج ساکشات انگرسُت دہرم آتما برہسپت جی دیوتاؤن کو دہرم
شاستر اور بیدانت کے بودہ کرانیوالے نے یہہ کپٹ کرم کر کے مہا باکی دیتون سے کیون کیے اور ساکشات گنوان
ہو کر اپنے بچن کو ملین کیون کرا دیوتاؤن کی ستوگن سے اوتپتی ہے اور سنکہون کی رجوگن اور دیتون کی تموگن
سے کہی گئے ہے پہر دیوتاؤن کے اچاریہ اوہکار کو پراپت ہو کر کپٹ کرم کیون کرا ایسے مہاتماؤن اور برہماجی سے
آدلیکر تینون دیوتاؤن کی بہی چہل کرم کی بدہی تمنے برنن کی سو میرے ہردے کے بیچ بڑا سندیہہ ہے تم کرپا کر کے
برنن کرو کہ یہہ کیا کارن ہے بیاس جی بولے کہ ہے راجن برہما وشنو شیو برہسپت ان سمپورن کے بیچ ترگن روپی بکار
پرویش ہو رہا ہے اور راگ دویش سے رہت نہ دیوتا نہ برہما نہ وشنو نہ شیو کوئی نہین ہے اور برہما دکون کو بہی مایا
نے اپنے بس مین کر کہا ہے اور کام کرودہ لوبہہ موہ کے تمرے سب کی درشٹی مند ہو رہی ہے اور کسی کال
مین وشنو راسہت رون کرتے ہین کبہی دانون کے سنگ جدہ کرتے ہین کبہی یوگ نندرا کے بس ہو کر سین کرتے ہین
کبہی سے دیتون سے چہل کر کے مایا کو رچتے ہین سو ہے راجن تم کچہہ سندیہہ مت کرو یہہ سنسار کام کرودہ لوبہہ
موہ کر کے بیاپت ہے پرنتو جب اس جیو کے بہاوی سدہ ہو کر تپ کا اودے ہوتا ہے تب ہی یہہ جیو سری بہگوتی ماتا
کے چرنون مین پراپت ہوتا ہے اور وہ کیسی بہگوتی ہے کہ ایک دہیان ماتر ہی اس جیو کے انیک پاپون کا ناس
کر دیتی ہے اور برہما وشنو سمپورن اوسکی آدہار شکتی سے اپنی اپنے اوہکار پر استہت ہین راجا جنمیجہ نے پہر پوچہا
کہ ہے سری مہاراج برہسپت جی نے شکر کے روپ کو دہارن کر کے پشچات کیا کرا بیاس جی بولے کہ ہے راجن برہسپت

جی مہاراج نے شُکر روپ دہارن کرکے دَیتون کو یہہ بودہ کرایا کہ اِندر تُری مایا رچیگا اوس مایا سے چیتن رہنا اور
وہ اب کپٹ کر کے برہسپتی کو بہیجے گا سو تم سادہان رہنا اور دس برس بتیت ہو جانے مین تہوڑا کال رہا تہا تب
شُکر جی سے جینتی کہنے لگی کہ ہے مہاراج دس برس بتیت ہونے کو آئے اور سنتان اوتپت نہین ہوئی شُکر جی
بولے کہ ہے کلیانی تم یہان ہی ٹہری رہو مین ایک کارج کو جاتا ہون وہ کارج کرکے مین تیرے پاس آؤنگا جینتی
نے کہا کہ مہاراج اچہا۔ اور شُکر جی دَیتون کے پاس گئے تو وہان برہسپت جی کپٹ روپ شُکر جی کو دیکہکر کہنے لگے کہ یہہ
جو تمنے پاکہنڈ روپ دہارن کیا ہے سو جین دہرم کرکے پاکہنڈ دہرم پرگہٹ ہوگا اور دَیتون سے کہا کہ تم نے یہہ انچت
کرم کیون کرا ہے یہہ برہسپت پاکہنڈ روپ سنہت ہے دینت مون ہو رہے ہیں شُکر جی بولے کہ پاکہنڈ روپ کرکے برہسپت
جی نے میرے ادہکار کو دہارن کیا سو یہہ لوبہہ پاپ کا بیج روپ ہی ساکشات بید کہتا برہسپت ہو کر لوبہہ کے بس ہوکر
است کرم کرنا انچت ہے ٭

چودہوان ادہیاء چوتہی سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا

کا جسمین شُکر جی کا آنا اور دَیتونکو بسواس نہونا اور شُکر جی کا شاپ دینا

دَیتونکو اور دَیتون اور دیوتاؤنکا جدہ اور دَیتونکا شُکر جی کی سرن جانا برنن ہے

بیاس جی مہاراج نے کہا کہ ہے راجن یہہ بات سنکر برہسپت جی بولے کہ ہے دَیتو مین تو وہی شُکر تمہارا گرو ہون اور
یہہ جو سنمکہہ کہڑا ہے برہسپت ہی اِسکو اِندر نے تمہارا ناس کرنیکو بہیجا ہے تم اِسکے کہنے کا بسواس مت کرو یہہ کیول
تمہاری جینتی اور دیوتاؤن کے کارج کرنے کو آیا ہے دَیتونکو نسچے ہو گئی کہ ہمارے گرو شُکر جی یہی ہین کہ جو آسن
پر استہت ہین اور یہہ شُکر ہوکر اب آیا ہے یہہ کپٹ روپ دیوتاؤن نے بہیجا ہے پہر شُکر جی مہاراج نے کہا کہ ہے
دَیتو تم بہلی پرکار دیکہو کہ یہہ برہسپت ہی اور مین تمہارا گرو شُکر ہون مجکو دس برس اور کارج مین بتیت ہوئے ایسے
اینک بچن کہے پرنتو دَیتونکو نسچے نہوا شُکر جی نے شاپ دیا کہ ہے دَیتو تمہاری بدہی اور بل بیرج پراکرم نشٹ ہو جاے
یہہ کہکر شُکر جی اپنے استہان کو چلے گئے برہسپت جی پرسن ہو کر اِندر کے استہان کو گئے اِندر نے برہسپت جی کو ڈنڈوت کر آدر سنکار
دیا برہسپت جی بولے کہ ہے دیوتاؤ مین شُکر جی سے دَیتونکو شاپ دلا آیا اب تمہاری جیت ہوگی دیوتا آنند ہو برہسپت جی کا

پوجن کر دیتون سے جُدہ کرنے گئے دینت دیوتاؤن کا بل بیرج دیکھکر اور شُنکر جی کو اوس سمے ندیکھ کر اپنے من
مین اپنے پراکرم کا ناس ہوا جانکر جا نگئے کہ وہ برہسپت جی تہے جو کپٹ روپ ہوکر آئے تہے ہمنے جانا کہ برہسپت جی
بڑے کپٹی ہین کہ پہلے اُنہون نے اپنے چہوٹے بہائی کی استری سے رت پریت کری تہی پہر دینت کمپایمان
ہو پرہلاد جی کے شرن گئے پرہلاد جی کے ساتہہ پہر شُنکر جی کے شرن گئے شُنکر جی کو ڈنڈوت کی شُنکر جی نے
کرودہ سے لال نیتر کرکے کہا کہ ہے پرہلاد جی مینے ان دیتون کو بہت کچہہ سمجہایا پرنتو برہسپت جی کی مایا مین آکر کچہہ
نہ سمجہے اور گربت ہو کر میری اگیا کو بہنگ کری سو اپنے پہل کو پراپت ہوئے پرہلاد جی شُنکر جی کی چرن سیوا
کر کے کہنے لگے کہ ہے مہاراج یہہ دینت بڑے مند بُدہی ہین انکے اپرادہ مت دیکہو مہاتماؤن کو اگیانیون کے دوش
کا چتون کرنا اوچت نہین ہے تمہارا سبہاؤ جل کا سا ہے کہ اگنی کے سنجوگ سے تپایمان ہوجاتا ہے سو مہاراج تمکو
اس کرودہ چانڈال روپ کو تیاگنا جوگ ہے نہین تو ہم آپکے داس چہے کو پراپت ہوجائینگے ہے مہاراج تم اپنی پربہاؤ کرا اور
دیکہکر دیا کرو شُنکر جی مسکان کرکے بولے کہ ہے پرہلاد تم کچہہ سوچ مت کرو اب مین اپنے منتر کے پربہاؤ سے دیتونکی جیت
کراونگا اور دیوتاؤنکی پراجے ہوگی اور جو بہاوی ہے اوسکو متہا کرنیکو برہما جی کا بہی سامرتہہ نہین ہے اپنے اپنے کال
کے بس ہو کر بربہاوک ہی کارج کرتے ہین اور وش جگ کے بنیت ہونے پر منونتر کے انتر مین مجہہ سہت تم پہر بہی لیلا
کروگے اور ساورن منونتر نام کرکے پہر تم راج کروگے ہے پرہلاد تمہارا پوترہ بلی پہر منونتر ساورن نام کرکے پہر گھٹ ہوگا
اور بشنو بہگوان باون روپ ہو کر پرتہوی کو چہلینگے تم اندر پدوی کو پراپت ہوگی ہے پرہلاد انیک چرتر انیک سمے
مین ہوتے ہین سو تم سے برنن کرتا ہون کہ ایک سمے راجا بلی نے گردہپ روپ دہارن کرلیا اور اندر بلی کے استہان کو گیا اور اندر نے
شونیہ استہان دیکہکر گیان درشٹی سے جان لیا اور راجا بلی گردہپ روپ سے پوچہا کہ ہے راجن بلی تم دیتون کے راجا
تمہارے سمان کوئی بلی نہین ہے تم نے یہہ گردہپ روپ کیون دہارن کیا ہے - راجا بلی بولے کہ ہے اندر تمکو اس سے
کیا پریوجن ہے جس پرکار بشنو مچہہ روپ دہارن کرتے ہین اسی پرکار مینے بہی اپنی اچہا کرکے کال کے بس ہوکر گردہپ
روپ کر لیا ہے اور تم ہی تو برہم ہتیا کے بہے سے نال کمل مین چہپ گئے تہے ہے اندر تم دیو گتی کو چنتون کرو
کال کے بس ہوکر سمپورن بارتا ہوتی ہین اندر یہہ بچن سُنکر سرگ کو چلا گیا ✦

پندرہوان ادہیای چوتہی اسکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین شنکر جی کو شیو جی کا منتر ملنا اور دیتونکی اس منتر کی پربہاو سے جیت ہونی سری مہامایا کا آرادہن اور استتی کرنا پہر سری مہامایا کا پرسن ہو کر دیتون کو پاتال جانیکی آگیا دینا اور دیتونکا پاتال کو جانا اور سری بہگوتی کا اہتر دہیان ہو برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن پرہلاد جی شنکر جی کے بچن سنکر آنند کو پراپت ہو کہنے لگے کہ ہے مہاراج اب تم نے کرپا کری ہے اب ہم جدہ کرینگے شنکر جی نے منتر جو شیو جی سے لائے تہے اوسکا پہل دیتونکو دیکر کہا کہ جاؤ اب تم جدہ کرو جس نے کپٹ کیا ہے وہ اپنے پہل کو پراپت ہوگا پرہلاد جی مہاراج نے دیتونکو ساتہہ لیکر سو برس پرینت دیوتاؤن سے جدہ کیا دیوتاؤنکی ہار ہوئی دیتون کی جیت ہوئی ۔ برہسپت جی نے اندر سے کہا کہ اب تم سناتن شکتی کا دہیان کرو اور دوسرا اوپاء نہین ہے یہہ بات سنکر اندر مہامایا کا دہیان کرکے استتی کرنے لگا ہے دیوی ہے مہامایا تسول چکر سنکہہ گدا پدم کی دہارن کرنے والی تیری جی ہو ہے بہونیسری ہے دیانند ہے دس ہستو آتمک ہے دکہہ ناسنی ہے مہاگندر سروپتی ہے سچدانند سروپنی تمکو نمسکار ہے ہے مہامایا تمہارے پربہاؤ سے سمپورن سرا سرا اپنا کال تبیت کرتے ہین اور اینک منیشر مو کش کے ارتہہ سنسار روپی جل سے ترنیکو تمہارے چرن روپی نوکا کے لئے بیٹہنے کی ابلا کہا کرتے ہین اور تم لبہو جنی ہو تمہاری کرپا کٹاکش سے سنسار کی پالنا ہوتی ہے اور تمہارے تامس روپ سے سنسار کا ناس ہوتا ہے سو ہم مند بدہی تمہارے چرتر جاننے کو سامرتہہ نہین ہین ۔ برہما ۔ بشنو ۔ شیو ۔ چندرمان ۔ یم ۔ برن ۔ اگنی ۔ پون ۔ یہہ سمپورن تمہارے پربہاؤ کو نہین جانسکتے تمہارے پربہاؤ بید و نمین اینک گان بہی کئے گئے ہین پرنتو کسی نے پار نہین پایا وہی منیشر دہن ہین جو تمہارے چرنون مین چت لگا کر اور سنسار روپی دکہہ سے رہت ہو کر ہر کہہ کو پراپت ہو رہے ہین اور جو بہگت بہاؤ ہو کر استتی ہوی کے لئے استہت ہین سو سدیو کال تمہارے چرنون کے ہی سمیپ ہین اور جو منکہہ تمہارے چرنونکا دہیان سنگہاسن کے اوپر براجمان ہوے چنور چہتر کی سو بہاؤ سہت کرتے ہین وے دہن ہین سری مہامایا جی نے پرسن ہو کر سنگہہ کے اوپر ستہت سنکہہ چکر گدا پدم رکت لبرنا پرکار کی مالا دہارن کئے ہوئے کرپا روپی نیترون

سے پرتکش درشن دیئے اندر شنکھہ کہڑا ہوکر بولا کہ ہے ماتا مجکو دیتت سنتاپ دے رہے ہین سو تم میری پرتپال کرو اور کرپا
کرکے جہان دیتت مدہ کرکے گرہہ کو پراپت ہو رہے ہین یک دہارن کرو مہامایا پرہلاد آو دیتیون کے سمیپ گئین دیتت
مہامایا جی کے روپ کو دیکہکر بہے کو پراپت ہوئے اور دیتیون نے بہگوتی کے پیچھے شنبو کو بہی دیکہا اور پرہلاد جی بولے
کہ ہے دیتیو مہکاسر کے ناس کرنے والے اور چنڈ منڈ کی سنگھار کرنے والی یہہ ہی ہے اور مدھو کیٹب کا بہی چہن ماتر مین اُسنے
ہی ناس کیا تہا اور پرہلاد جی ہاتہہ جوڑکر بہگوتی کے سنمکہہ کہڑے ہوئے اور دیتیون سے کہنے لگے کہ یہہ مہامایا کوپ کرکے آئی
ہے تمہارا ناس کرے گی نہین تو تم اِسکے چرنون مین مستک دہرو دیتت کمپائمان ہوکر پرہلاد جی کے ساتھہ بہگوتی کی استتی
کرنے لگے - سری بہگوتی پرہلاد جی کو پرم بہگت جانکر پرسن ہوئی تب پرہلاد جی بولے کہ ہے مہامایا یہہ سنسار تو سرسون کی
کنچلی کے تل ہے کہ جس پر کار کوئی بستو چاندنی مین سرسون کے تل دیکہو ہے اور اوسکے سمیپ جانے سے بہی کی نروتی ہو جاتی
ہے سو ہے ماتا جب لگ تمہارے چرنون مین کوئی سنکہہ نہین جاتا ہے جب لگ ہی بہی کی پراپتی ہے پشچات بہے کا ناس
راجا جنمیجے نے بیاس جی سے کہا کہ ہی مہاراج تم نے جو کتھا برنن کری ہین سنکر کرتارتہہ ہوا پر تو میری ترپتی نہین ہوئی ہے مہاراج بھگوتی جی نے انتردہیان ہوئے پشچات کیا کیا چرتر کئیے جو منکہہ سری بھگوتی کے چرتر سنکر ترپت ہو وہ ابہاگی ہے انکے چرترون سے کبہی ترپتی نہین ہوتی اس منکہہ کو دہرکار ہی جسنے کتہا روپی امرت کا پان نہین کیا سری بھگوتی کے چرتر دیوتا اور منیشرون کی رکشا کرنے والے اور سنسار ساگر کے تارنیکو نوکا روپ ہین جو ان چرترون سے رہت ہین وے مہا موڑہ ہین اور جن منکہون نے سری بھگوتی کے چرتر سرون کری وہ ہی مکت کے ادہکاری ہین سو ہے مہاراج ان چرتر بید او کت کے سرون کرنے کی میری اچہا ہے کہ دی چرتر دہرم ارتہہ کام موکش کے دینیوالے ہین دہن ہے انکو جنہون نے پورب کے جنم مین سری بھگوتی کا پوجن پشپ دہوپ دیپ آدی سے کیا اور جنہون نے پورب جنم مین سری بھگوتی کی بھگتی نہین کی ہے وہ اس جنم مین انیک دُکھہ بہوگتے ہین اور دہن دہان سے رہت ہین اور رہن دیوس چنتا مین رہکر انیک کشٹ پاتے ہین اور جو اس جنم مین سری بھگوتی کی پوجن کرتے ہین وے دہن سمپت دارا سے سکھہ پاتی ہین اور سری بھگوتی کی انکے اوپر اننت کرپا ہے سو ہی مہاراج بشیش بہی چرتر سری بھگوتی جی کے برنن کیجیے بیاس جی بولے کہ ہے راجن مہکاسر کے بدہ کے پشچات سری بھگوتی جی منی دیپ مین جو منوہر سندر دیپ ہی جہان برہما بشنو مہیش استری روپ ہوکر ستہت ہین اور دیوتا راجا ستر ہن کو جو مہابیر اور سمپورن گنون کرکے پورن اجودہا پوری کا راجا سوج منی تہا مہکاسر کی راج گدی پر استہاپت کرکے اپنے اپنے استہانون کو چلے گئے وہ راجا پرجا کی پالنا دہرم سے کرتا تہا سمی

برکہا ہوتی تہی اور پرتہی پورن ان دیتی تہی اور پہل پہول سے سنجگت تہی اور چاروں برن اپنے اپنے دہرم مین ستہت تہے اور استری اپنے پتیونکی سیوا مین تت پر تہین اور کپٹ چہل ادہرم سمپورن نہین تہا اور اوسکے راج مین بید ونکی ہونے لگے اور دہرم شاستر مین سب کی رچی ہوگئی اور سب منکہہ اپنے اپنے دہرمون کی پالنا کرنے لگے اور راجسی ساتکی جگ ہوئین اور برہمن چہہ کرم والے تہے پوجن کرنے اور کرانے والے دان کا دینا دان کا لینا بید پڑہنا اور پڑہانا یہہ چہہ کرم برہمنون کے ہین اور انیک دان ہونے لگے اور چہتری اور بیش آدک چارون برن کہیتی بنج گورکشا بیوپار مین پرائن تہے اور گوچہیرے پورن ہوگئین اور اکال مرت کسی کی نہین ہوتی تہی اس پرکار شترہن نے راج کرا ÷

اکیسوان ادہیاے پانچوین اسکند سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیوکرت بہاشا کا جسمین شمبہہ نشمبہ کی اتپتی اور شمبہہ کا راج گدی پر ستہت ہنوا اور انکو برہماجی سے بر کا ہونا اور دیوتاؤنکو سرگ سے نکال دینا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن مین تم سے سری بہگوتی کے چرترشیش برنن کرتا ہون چت دیکر سرون کرو کہ شمبہہ نشمبہہ دو بہائی بڑے بلوان اور گربہہ وان ہوئے جبکہ سری بہگوتی جی نے چنڈ منڈ رکت بیج دہومر لوچن سہت ناس کیا اور دیوتاؤن نے آنند کو پراپت ہوکر سری بہگوتی کی استتی کری راجا جنمیجے بولے کہ ہے مہاراج شمبہہ نشمبہہ کی اوتپتی اور تب اور انکے مارے جانے کا برتانت لبستار پوربک برنن کرو بیاس جی بولے کہ وہ کتہا پاپونکی ہرنے والی سنو کہ شمبہہ نشمبہہ دو بہائی دیت اتپت ہوئے اور انہونے پاتال لوک مین سے نکلکر تہہ پر دس سہنسر برکہہ تک لوک بدیا سے گہور تپ کیا اور برہماجی نے پرسن ہوکر درشن دیکر کہا کہ ہے مہابہاگو مین تمہارے تپ سے پرسن ہوا جو تمہاری بانچہا ہو بر مانگو شمبہہ نشمبہہ نے ڈنڈوت کرکے بر مانگا کہ ہے مہاراج ہمکو یہہ بردان دو کہ ہم کبہی مرت نہون برہماجی نے کہا کہ یہہ بر نہین ہوسکتا کیونکہ جو اوتپت ہوا ہے مرت ہوگا اور جو اس سے اوپرنت بر مانگو دون وہ راجپش بولے کہ ہے مہاراج ہمکو یہہ بردان دو کہ ہماری مرت منکہہ اتہوا دیوتا اور دیت اور پشو آدیک کسی کے ہاتہہ سے نہو اور استری کی تو ہمارے مارنیکی کیا سامرتہہ ہی برہماجی نے بر دیا کہ ایسا ہی ہوگا اور انتر دہیان ہوئے اور شمبہہ نشمبہہ اپنے استہان کو چلے گئے اور اپنے پرودہت بہر گو جی مہاراج کا پوجن کرکے سبہہ مہورت ولگن شمبہہ کا جیشٹ بہراتا راج گدی پر ستہت ہوا اور چنڈ منڈ اور دہومر لوچن مہابیر سیناپت ہوئے اور رکت بیج کو بہی دو اکشونی

سینا کا سنیایت کر اس رکت بیج کا یہہ پربہاو تہا کہ جتنی بوند رکت کی اسکی دیہہ سے گرتی تہین اُتنی ہی رکت بیج اُتپت ہو جاتے تہے
ہے راجن وہ دونو شمبہہ نشمبہہ مہا بلوان تہے اور اونکی سینا اگنت ہو گئی اور نشمبہہ نے اندر سے جا کر جدہ کیا اُس جدہ مین نشمبہہ
موہت ہو کر پرتہوی پر گر پڑا شمبہہ نے اپنے بہرا تا کو موہت سنکر اندر سے جا کر جدہ کرا اور اندر آدد یوتاؤن کو جیت کر سرگ
سے نکال دیا اور کلپ برچھہ اور کامدہین اور ایرپت آدکو لیکر سب کا راجا ہو گیا اور اندر کا جگ بہاگ بہی لے لیا اور سورج چندرما اور
دیوتاؤنکا بہاگ بہی سمپورن آپ ہی لے لیا اور اندر آدک سہت ہو کر دیوتاؤنکو اتینت دُکہہ دینے لگا دیوتا نربل ہو کر اور سوچ
کو پراپت ہو کر اپسمین متا کرکے اوپاے سوچنے لگے اور سری بہگوتی مہا مایا کا دہیان کرکے کہنے لگے کہ یہہ کال بڑا پربل ہے اور
ہونہار سب کے آدہین ہے۔

بائیسواں ادہیاے پانچوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین دیوتاؤنکا سری بہگوتی کی ارادہن اور استتی کرنا شمبہہ نشمبہہ کے ناش کے کارن برنن ہے

بیاس جی بولے کہ ہے راجن ایک سہنسر برکہہ پیچہے راج بہرشٹ ہونے سے دیوتاؤن نے برہسپت جی سے اوپاے پوچہا کہ ہے مہاراج
تم سمپورن منتروں کے جاننے والے ہو اس سمے تم ہمکو شتروں کے ناس کا اوپاے بتلاؤ اور تم بہی کوئی ایسا منتر جاپ کرو جس سے اُن
دشٹونکا ناس ہو کر ہمارا دُکہہ نورت ہو برہسپت جی بولے کہ ہے دیوتاؤ منتر اور بید مین سب جانتا ہون پرنتو پہل تو دیو کے
آدہین ہے سو منتر نہ برہما ہے نہ بشنو نہ شیو دیکہو دیوتا منتر سے سمجت بہی ہین پرنتو بہاوے کہ بس ہین یہہ پربلتا سمے
کی ہے جو بہاوی ہے او شئے ہے پرنتو اوپاے کرنا بہی جوگ ہے اور اوپاے کا بتلانا بہی اور سب کارج دیو کے ہاتہہ مین سو تم اُس
جیستا سروپ برہم روپنی سری بہگوتی کا چنتون کرکے اوپاے کرو اور پہلے بہی سری بہگوتی کا مُنہ مہکاسر کے ناس ہونیکو سمرن کیا
تہا اور جب جب آپت پڑی تب ہی سری بہگوتی سہاے ہوئین اب بہی وہی سری بہگوتی سہاے ہونگی سو ہے دیوتاؤ ہیں سمے
تم ہماچل پربت مین جا کر اُس پرم منوہر سندر روپ بہگوتی کا مایا بیج سے دہیان اور سمرن کرو وہ بہگوتی تمہاری کرپا کریگی
اور تمہارے دُکہہ کو ہریگی نشچے کرکے جان لو ہے راجن یہہ بچن برہسپت جی کے سُن کرکے سمپورن دیوتا ہماچل پربت پر
جا کر مہا مایا بیج کا دہیان کرنے لگے سری بہگوتی بہگتون کی ابہے دینے والی کی منتروں اور استوتروں سے پرم بہگتی کرکے
استتی کرنے لگے کہ ہے دیوی تُمکو نمسکار ہے اور تُم پرانونکی ناتہہ ہو اور سدیو کال آنند سروپ اور دیوتاؤنکو آنند کی دینے والی ہو

اور دانوئکی انت کرنیوالی ہو اور منکہہ کوارتہہ اور بہگتی کے دینیوالی ہو تمکو نمسکار ہی اور ہی ماتا تُمہارے نام اسنکہہ اور
اینک روپ ہین اور برہما ہی بیدین وہیان کرکے تُمہارے روپ کو دیکہتا ہے پر توں وہ روپ یکہنی مین نہین آتا اور تُم
سمپورن جیوؤن مین شکتی روپ ہوکر پرجاکا پالن کرتی ہو تمکو نمسکار ہی اور ہے ماتا سمرتی بہی تُم ہی ہو اور دہرتی اور
بدہی پُشٹی تُشٹی جرا ادہرتی کانتی شانتی سوبدیا سو لکشمی گتی گیرتی میدہا یہہ سب تُم ہی ہو اور بشنو کی تیج روپ
تُم ہی ہو اور ایسے سروپ ہوکر تُم دیوتاؤن او اسرون کے کارج کرنیکو بہی سامرتہہ ہو اور جہایوگ ندرا پی یکپتا سمپورن
پرانیونمین تُم ہی پرویش ہو اور آدمین تُمنے دیئیون اور جہکاسر کاناس کیا اور ہماری پالنا کری سو ہے ماتا سرب کال
اسی پرکار تُم ہماری رکشا کرو اور پُران اور بید ونمین یہہ ہی پرمان ہے کہ تُم سدا رکشا کرتی ہو اور ہے ماتا کچہہ اچرج نہین
ہے جو تُمنے ہمارا پالن کیا ہے کیونکہ ماتا پُتر کی پالنا پہلی پرکار کیا کرتی ہے سو ہے ماتا ہماری رکشا کرو ہے ماتا ان شتروون
سے ہم دُکہہ پا رہے ہین کرپا کرکے ہماری دُکہہ کو ہرو اور ہے ماتا بنا بان اور مُشٹ اور شکتی اور گدا آو شستروون کے بہی
تُم ہماری شترو ونکا ناس کرتی ہو شستر تہ لیلا ماتر گرہن کرتی ہو اور ہے ماتا اس سنسار مین وے بڑے موڑہ ہین جو کارن
اور کارج کے بہید جاننے کو اینک شاستر او ترک او رنیت اور نیاء شاستر سے اپنی بُدہی کو ہراتے ہین اور ہم برہما بشنو
کے آدلیکر سمپورن سنسار مین تمکو ہی کارج کرم سروپ چتنونا کرتے ہین اور ہے ماتا یہہ باکہہ پرسندہ ہی کہ برہما سرشٹی کی اُتپتی
اور بشنو پالنا اور شیو سنگہار کرتے ہین پرنتو بنا تُمہارے سکت کے ہم کوئی کارج نہین کرسکتے پوربہ سمے ہم تینون دیوتاؤن
نے تُمہاری اراو ہنا کری تہی اور تُمنے اپنا شکتی سروپ اردہ اسلوک کرکے دیا تب ہم تُم سہت کارج کرنیکو سامرتہہ ہوئے
ہے ماتا وہ مندمت موڑہ ہین جو تمکو چہوڑ کر پتر آدکون مین بہرمے ہین کیول تُمہارے مول کارن سروپ کا دہیان
کرنا چاہیے جو بشنوی اور شیوی اور شورا منکہہ ہین اونکی بُدہی کا کیول بہرم ہے اور سورج اودے ہونے کی سمے تارا گن
مندجوت ہو جاتے ہین سو ہے ماتا تُمہارا ہی کیول دہیان نہین کرتے اور تمکو بہول رہے ہین سو وے سب بہرمے ہوئے
ہین اور بشنو لکشمی جی اور شیو جی او ما اور برہما جی ساوتری شکتی کرکے یکت ہین ایسا کوئی کال نہین ہے جو تینون
دیوتا شکتیون سے رہت ہون اور جب شکتی رہت ہوتے ہین تو جب ہی دُکہی ہوتے ہین ہے دیوی تُمہارے چرنار بندون نہین پریت
کرکے جو سنسار روپی کوپ مین پڑے ہین وہ جیو تُمہارے چرنار بندون کا دہیان کرکے ایک نمکہ ماتر مین سکہہ کو پراپت
ہوتے ہین اور جو منکہہ سنسار مین اینک دُکہہ بہوگ رہی ہین وہ تُمہارے چرنار بندون سے پرتہک ہین بیاس جی بولی

کہ ہے راجن اس کارن دیوتاؤن نے سری بھگوتی کی استتی کری تب سری بھگوتی نے پرسن ہوکر درشن دیئے اُس روپ
کو دیکھکر دیوتا موہت ہوگئے اور سری بھگوتی بولین کہ ہے دیوتا جو تمہاری اچھا ہو سو بر مانگو مین دونگی دیوتا بولے کہ
ہے ماتا آپنے پرم انگرہ کیا ہے جو درشن دئیے ہے ماتا ہم بہت دُکھت ہین تم سمپورن کارج کو جانتی ہو سو ہمارا دُکھ نرورت
کرو اور ہماری سہاے کرو پورب سمے بھی ہے مہارانی تم نے مہکاسر کا ناس کرکے ہمکو لس کنٹک راج دیا تہا ایسے ہی شُمبہہ
نشمبہہ اور رکت بیج اور چنڈ منڈ دھومر لوچن آدو دیتیون سے ہم دُکھت ہین اُن سب کا ناس کرکے پہلی پرکار ہماری رکشا کرو
اور ہے ماتا جب سنکٹ ہمکو آکر پڑتا ہے تمہارے چرنار بندونکی سرن لیتے ہین سو کرپا ہی کرنا جوگ ہے +

تیئسوان[۲۳] ادّہیا، پانچوین سکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین پرگہٹ ہونا سری کوشکی دیوی کا سری پاربتی جی کی دیہہ سے اور چنڈ منڈ کا آنا اور اُنکا شُمبہہ نشمبہہ سے جاکر کہنا اور آنا سگریو منتری بہیجے ہوئے شُمبہہ کا برنن ہے

بیاس جی مہاراج نے کہا کہ ہے راجن دیوتاؤنکی استتی کرنیکے پشچات سری پاربتی جی کی دیہہ سے ایک سکتی کوشکی نام جسکو کال
راتری بھی کہتے ہین کرشن روپ دیتیونکی بے درینیوالی سرب کارج سدھ کرنیوالی نانا پرکار کے آبھوکن دھارن کئیے ہوئے
پرگہٹ ہو سری کالکا جی کے سمیپ ستہت ہوئی اور دیوتاؤن سے بولین کہ ہے دیوتاؤ اب تم بے مت کرو تمہارے
شترو دُونکا پہلے پرکار ناس کرونگی اور شُمبہہ نشمبہہ اور اونکے بہائیونکو مارکر تمکو سُکھ دونگی اور سری بھگوتی سنگھ پر
چڑہکر اور کالکا جی کو ساتھ لیکر شُمبہہ نشمبہہ کے نگر کے سمیپ ایک نیک پربت پر براجمان ہوئین اور منو برگان جگت کا موہنیوالا
والا کرنے لگین جسکو سرون کرکے اُس پربت کے سمپورن پکشی ہرکہہ وان ہوکر نرت کرنے لگے پشچات چنڈ منڈ وہان
آئے اور سری بھگوتی جی کے دب روپ کا درشن کرکے اور سندر گان سنکر بہی پراپت ہو شُمبہہ نشمبہہ کے سنمکہہ جا ہاتھہ
جوڑکر کہا کہ ہے راجن ہمالہ پربت سے دو کانتی مہا سندر سنگھہ کے اوپر چڑہکر آئی ہین اور مینے ایسا روپ نہ دیو لوک
نہ گندہرب لوک مین کبھی نہین دیکھا مین بڑے اشچرج کو پراپت ہو رہا ہون اور ہے راجن اوسکا گان سنکر انیک
مرگ بن کے اکٹھے ہوکر اُسکے سمیپ اپنا مستک نوتے ہین مین یہہ نہین جانتا کہ وے کسکی پتری ہین اور کون ہین اور کس
کارج کو آئی ہین وہ استری تمہارے برنے کی جوگ ہین اور تم نے دیوتاؤن سے ایک رتن اور بہوشن لئے اور دیوتا اور

سمپورن راجا تمہارے اگیاکاری ہین اور تینون لوک تمنے بس مین کرئے ہین اور انیک اپشرا تمہاری پاس ہین پرنتو ایسی
منوہر استری تم نے نہین دیکہی ہونگی تمکو اوسکا برنا جوگ ہی یہہ بات سنکر شمبہہ نے سگریو منتری کو بولاکر کہاکہ ہی سگریو سیگہہ
جا اور میرے منورتہہ کو پورن کرکے لامینی دو روپ دنتی بن میر ستہت سنی ہین سو انہین ایک مہکابڑی سندر منوہر روپ ہی
تو جاکر اونکو رسا بہاش راج نیت سے سمجہاکر سیگہہ میرے سمیپ لے آؤ سگریو گیا اور سری امبکاجی کو ڈنڈوت کرکے یون
منوہر بچن بولاکہ ہے سندری شمبہہ راجا نے مجہکو تمہارے پاس ہیجا ہے اور اُسکو سمپورن دہکار پراپت ہین اور تمہارے
روپ کو سنکر موہ کو پراپت ہو رہا ہے سو تمکو اوسکی بہاریا ہونا جوگ ہی اور اوسکا کوئی جیتنے والا نہین ہے کیول تمہارے
روپ کو سنکر اشکت ہو رہا ہی اور وہ برپاکرا بدہ بہی ہے سری بہگوتی اُس دوت کے بچن سنکر مسکان کرکے کہنے لگین کہ ہی دوت
مینے شمبہہ نشمبہہ اور اونکی پراکرم کو جانا اور وہ سورمان بہی ہین بڑے دانی بہی ہین پرنتو کامدیو کرکے اس سمی دکہت ہین
سو ہی دوت مین اونکو بلوان گنوان سمجہکر اپنی اچہا سے دیکہنی کو آئی ہون تو شمبہہ سے جاکر ایکانت مین کہدی کہ اب تو بواہ
کرنیکو بلمبہہ مت کرے پرنتو مینے بال وستہا مین سکہیون کے سنمکہہ پرن کیا ہی کہ جو کوئی سنگرام مین اپنے بل سے مجکو جیتی وہ ہی
مجکو برنی جوگ ہی اور وہ ہی میرا پت ہوگا سو تم جتن کرکے مجہی برو - دوت یہہ سنکر بولاکہ ہے دیوی میرے راجا کے سنمکہہ
تمہارا بل تچہہ ہے +

چوبیسوان ادہیاء پانچوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین دہومر لوچن کا سینا سہت جاکر سری بہگوتی جی سی سندیس شمبہہ کا کہنا برنن ہے

بیاس جی نے کہاکہ ہے راجن وہ دوت بولاکہ شمبہہ کے سنمکہہ تمہارا بل کیا کرسکتا ہے کہ اُسنی سمپورن دیوتاؤن اندرآدک کو جیت
لیا ہے تم اُسکے سنمکہہ کیسی ٹہر سکوگے اپنی بل کے سمان والے سے جدہ کرنا جوگ ہی تم اپنی پرتگیا کو چہوڑکر شمبہہ کے پاس چلو
اور جو تم نمانوگے تو مجہہ سے ہی بلوان منتری راجا کے آوینگے اور تمکو کیش پکڑکے لیجاوینگے اپنی لیجا رکہنا چاہو تو اوسکی اگیا مانو
بہگوتی جی نے کہاکہ ہے دوت شمبہہ نشمبہہ کو مینے بہی بڑا بلوان سنا ہی پرنتو میری پرتگیا کو سیگہر جاکر کہو اور یہہ بہی کہدو
کہ جو جدہ کی اچہا ہو اور اپنے جی کی رکشا کرا چاہو تو اپنی نگری کو چہوڑکر بہاگ جاؤ تم دونون کے دہرم کے انوسار جیسا مینے کہا ہی
ویسا ہی جاکر کہدو بلمبہہ مت کرو دوت نے شمبہہ کے پاس جاکر ہاتہہ جوڑ ڈنڈوت کرکے وہی سب بچن بہگوتی کے کہدئی اور کہاکہ ہی

مہاراج اور بہت کٹھور بچن کہے ہین اُسکی اچہا جدہ کرنے کی ہے اور اُسنے بال وستہا مین یہہ پرتگیا کری ہے کہ جو مجہکو سنگرام
مین جیتیے وہ ہی میرا پت ہو سو ہی راجن اِس اُسکے بچن اور پرتگیا کو سمجہہ بچار کر جو تمہارے من مین آوے سو کرو شُنبہہ
سی بولا کہ ہے بہیا اب کیا کرنا چاہئیے میرے من مین بڑی چنتا ہے کہ وہ ناری آپ ہی جدہ کی اچہا کرکے بولاتی ہی سو تم
سنگرام مین جاؤ اتہوا مین جاؤن نشُنبہہ بولا کہ نہ تم جاؤ نہ مین جاؤن دہومر لوچن کو بہیجو وہ بڑا پرکرمی ہے سیگہہ
اوس ناری کو تمہارے سمیپ لاویگا پہر تم سبہہ نچہر دیکہہ کر بواہ کرلیجو شُنبہہ نے دہومر لوچن کو بُلا کر آگیا کری کہ ہی دہومر
لوچن تو بیگ جاکر اوس ناری کو اور اُسکے رکہ کرنیوالونکو دیوتا ہون اتہوا گندہرپ جیت کر کالکا سہت جو اُسکے سمیپ
ستہت ہی میرے سنکہہ لا سمبہہ مت کر پہلے تو میٹہے میٹہے بچن کہکر بس کر یو جب نمانے تو بل کرکے لائیو اور وہ بہی کومل بچن
کہتی ہے اور کوپ وان بہی ہے دہومر لوچن یہہ آگیا سُنکر ساٹہہ سہنسر دیتیون سہت سری بہگوتی جی کے سنمکہہ پہونچا اور
بنتی پورب بولا کہ ہے دیوی ہمارا راجا تمہارے روپ کی سوبہا سُنکر بہبل ہو رہا ہی مجکو تمہاری سیوا مین تمہارے لانیکو
بہیجا ہے سو تم بیگ چلو اور جو تم آگیا نمانوگی تو بپریت کرم ہوگا اور تمکو بر تہا کلیش ہوگا اور جو تم نے پہلے دوت سی کہا تہا کہ جو
مجکو سنگرام مین جیتیگا وہ میرا پت ہوگا یہہ تمہارے بچن برتہا ہین بربہادر دیوتا شنبہہ راجا کا نام سُنکر کمپایمان ہین
تمہارے ساتہہ جدہ کرنے کی کیا ہے سو ہے دیوی مین اچہا کہتا ہون تم ہمارے راجا کی پٹ رانی ہونیکو جوگ ہو سو بیرون سے
جدہ بہلا نہین تم اوسکو سبہا کے بشئے کیون نہ جیتو دہرم شاستر اور نیاشاستر مین اُچت انُچت دو کارج ہین اُنمین سے اُچت
کارج کرنا جوگ ہے وہ راجا مہا پرتاپی ہے اوسکے ساتہہ سنگرام کرنا انُچت ہے +

پچپیسواں ادہیا پانچوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین دہومر لوچن کا بہسم ہونا اور دیتیونکی سینا کا بہاگ جانا اور چنڈ منڈ کا آنا برنن ہی

بیاس جی بولے کہ ہی راجن سری بہگوتی نے دہومر لوچن سے کہا کہ ہے دُشٹ تو میرے آگے کپٹ روپی بچن کیون
برتہا بک رہا ہے جو بلوان ہین اپنا بل سنگرام مین دکہلاتے ہین مکہہ سی نہین کہا کرتے مین شنبہہ نشنبہہ کو نشچے مارونگی اور
اوسکی سینا کا ناس کرونگی وہ مندمت دُشٹ کہان اور مین کہان اوسنے کہدیا کہ سنگہنی کا پت گیدر اور ہستنی کا پت گدہا
ہونا انُچت ہی جو کچہہ بل کہتا ہی تو آکر جدہ کر نہین تو پاتال کو بہاگ جا دہومر لوچن کرودہ کرکے بولا کہ ہی دُردشی تو

کیا گربت ہو رہی ہے مین تجھکو ایک چھن مین راجا کے سمیپ لیجاؤنگا تو نے رسا بہاش کے بچنون مین بسن الا دیا سری
بھگوتی بولین کہ ہے موڑہ کیون متھیا بچن بکتا ہے اب مین تیرے بانون کو دیکھونگی اپنے بانونکا پرہار میرے سنمکھ کر
سیگھہ جمراج کے لوک کو بھیجدونگی یہہ بچن سنکر دھومر لوچن اتینت بانونکی برکھا کرنے لگا اور سری بھگوتی اور دھومر
لوچن کا پرسپر انیک ششتروں سے جدہ ہونے لگا دیوتا اکاس مارگ مین جدہ دیکھہ رہے تھے سری بھگوتی جی نے اوس
موڑہ کے رتھہ کا چورن کردیا اور رتھہ کے گھوڑونکو مار ڈالا اور بھگوتی بارم بار ہنسنے لگین دھومر لوچن نے دوسری رتھہ پر چڑہ
اور لال نیتر کرکے سری بھگوتی جی پر بانونکی برکھا کری بھگوتی جی نے سر یا بان اوسکی اپنے بانون سے کاٹ ڈالی اور انیک دیت
مار ڈہلے اور اوسکی دوسری رتھہ کا بھی چورن کردیا اور سوارتھی کو بھی ماردیا اور اوسکے دہنش کو بھی توڑ ڈالا دیوتا یہہ چرتر دیکھ کر
سری بھگوتی پر پشپونکی برکھا کرنے لگے اور سری بھگوتی جی نے سنکھہ دھن کری دھومر لوچن پر کہا لیکر آیا بھگوتی
بولین کہ ارے دشٹ اب تیرا کال سمیپ آگیا ہے اب مین تیرا ناس کرونگی یہہ کہکر سری بھگوتی جی نے کرودہ سے ہونکار شبد
کرکے دھومر لوچن کو بھسم کردیا اور دیتونکی سینا اوسکو بھسم دیکھکر بیہان ہوگئی اور دیوتا جے دیوی جے دیوی کہکر
ڈونڈہی بجانے لگے اور پشپونکی برکھا کری ہے راجن سری امبکا جی دیتونکا ناس کرکے دوسرے استھان مین اوسسے
استھان کے نکٹ استھت ہوئین اور اوگر شبد سنکھہ کا کیا اور سینا دیتونکی بھاگ گئی اور شمبھ کے سنمکھہ جاکر ہاہاکار کرنے
لگی شمبھ نے اپنی سینا کے جو دہاؤنکو انگ بھنگ دیکھکر خفا ہو کری اور دھومر لوچن کو پوچھا کہ کہان گیا اور سنکھہ کا شبد کسنی کرا
جسسے تم بیہان ہو رہے ہو وہ بولے کہ ہے مہاراج یہہ شبد کالکا جی کے سنکھہ کا ہے جسنی دھومر لوچن کو بھسم کردیا ہے
اور سینا کا ناش کردیا اور دیوتا اوسکے اوپر اکاش سے پشپونکی برکھا کر رہے ہین اور اوسکے سنگھہ نے ہماری ہاتھہ پانو توڑ ڈالے
ہین ہے راجن وہ اکیلی جنگ کرتی ہے اوسکا پراکرم مہا پربل ہے اب تم چاہو جدہ کرو چاہو ملاپ یہہ تمھاری اچھا ہے پرنتو
اوسکے سنمکھہ کوئی بلوان بلکہ یکو سامرتھہ نہین ہے ہمنے اوسکے سمیپ مہا دیو اور لوکپال اور گندہرب سدہ کھڑے دیکھی
ہماری تو مت بھاگئی ایک اکیلی مہاکالی نے تمہاری سینا کا ناش کردیا دوسرے سری امبکا جی بھی استھت ہین وہ اکیلی
سرب سنسار کا ناش کرسکتی ہے ہماری درشٹی مین تو کوئی الولک بھوتی ہے یہہ سنکر شمبھ نے اپنے چھوٹے بھائی نشمبھ
کو بلا کر کہا کہ ہے بھیا دھومر لوچن کو تو کالکا نے مار لیا اور جو سینا رہی تھی وہ بھاگ کر چلی آئی اور اوسکی سنکھہ کی دہن سنکر
کانپ رہی ہے اس ہم تم کوئی اوپاؤ کرو اور سے اور دیوگتی کو بچار کر کہو کہ کیا کرین نشمبھ بولا کہ مہاراج چکرورتی ہے ہم

جُدّہ کریگی سنگرام سی بہاگنا اوچِت نہین ہے تُم کایرتائی کو چہوڑو مین سینا سہت سنگرام مین جاکر اوسکے پراکرم کو دیکہونگا اور تُمہارا کارج سِدّہ کرونگا شُمبہہ بولا کہ تُم ابہی ست جاؤ چنڈ مُنڈ بڑے بلوان ہین اُنکو بہیجو سو چنڈ مُنڈ کو بُلاکر کہا کہ تُم سیگہر سینا کو ساتہہ لیکر اوس بہوانی کو جو نِرلجّ یدّہ سی گربت ہو رہی ہی پکڑکر میرے پاس بیگ لاؤ اور جو وہ سمجہانے سی نہ آوی تو جدّہ کرکے لاؤ۔

چہبیسوان ادّہیاء پانچوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیوکرت بہاشا کا جسمین چنڈ مُنڈ کا بدّہ برنن ہے

بیاس جی بولے کہ ہی راجن شُمبہہ نشُمبہہ سی بدا ہوکر چنڈ مُنڈ نے سُنکہہ سری بہگوتی کے جاکر کہا کہ ہی بالی تینے نہین جانا کہ ہمارا سُوامی شُمبہہ کیسا بلی ہے جسنی دیوتاؤنکو جیت لیا ہے تو اکیلی اُسکے جیتنی کی اِچہا کرتی ہے سو تجہے وہ نہین جیا جائیگا ہے کلیانی تو اپنی اٹہارہ بہجاؤنکا گربہ مت کر جو کوئی اسنکہہ بہجا ہی کہتا ہو تو بہی شُمبہہ نشُمبہہ کو جیت نسکیگا تُو میرا کہنا مان بڑا سکہہ پاویگی بہرپت اُسکے دُکہہ ہوگا نیاءشاسترمین دو پرمان ہین ایک پرتکش اور ایک انمت پرتکش تو اُنکو کہتے ہین جو درشٹ پڑے اور انمت وہ ہی جو بدّہی مین آوے اور دیکہنے مین نہ آوے سو تُو پرتکش ہین دیکہلے کہ سمپورن دیوتا شُمبہہ نشُمبہہ کے سنمکہہ کہڑے ہونے کی بہی سامرتہہ نہین رکہتی پہر تو اُس سے جدّہ کیا کریگی سری بہگوتی جی میگہہ کے تُل گرجکر بولین کہ ہے متہا بادی میری آگے سی چلا جا شُمبہہ نشُمبہہ کی کیا سامرتہہ ہی ایسے ایسی دیت مینی پہلے بہت مارے ہین اور اب بہی مارونگی کہ جب دیتون نے دیوتاؤنکو پیڑا دی ہے تب ہی دیتون کا مینی ناش کیا ہے جو تُم بہی جدّہ کیا چاہتی ہو تو میری سنمکہہ آؤ مین تمکو مارونگی اور جو تُم میرے ہاتہہ سے ماری جاؤگے اتہوا اور کوئی میرے ہاتہہ سی سنگرام مین مارا جائیگا سُرگ کو جائیگا پیچہات شُمبہہ نشُمبہہ کو مارونگی اور سب دیتونکا ناش کرونگی اب جتن مین لمبہہ مت کرو چنڈ مُنڈ اپنا دہنش بان لیکر سنگرام مین کوپ کرکے سنمکہہ ہوئے اور سری بہگوتی نے اپنے سنکہہ کا شبد کیا اور سنکہہ نے اپنا ناد شبد کیا جس سے دیتون دُشٹونکی چہاتی پہٹنے لگے اور دیوتا آنند کرنے لگے اور اُستُتی پُوجا کی بر کہا۔ چنڈ مُنڈ نے سری بہگوتی جی کے اوپر تیکہن بان پہینکے سری بہگوتی جی نے مارگ مین ہی اُنکے ٹوک ٹوک کرڈالے اور بہگوتی نے جو سرپون کے تُل بان چنڈ کے اوپر پہینکے وہ ایسا ڈہک گیا جیسا ٹڈی دل کے نیچی پرچہہ ڈہک جاتا ہی پہر مُنڈ نی انگنت بان چلائے سب بہگوتی جی نے کہنڈ کہنڈ کرڈالے اور اپنا چکر

اوس سمے کالکا جی کا دہارن کر لیا وہ کیسا روپ تہا کہ سوئیت سوئیت نیتر مہا کال سروپ اور منڈونکی مالا دہارن کیئے ہوئے
چہر یرا دیہہ کہرک پاش ہاتہونمین اور کہٹوانگ دہارن کیئے ہوئے بہیانک سروپ جسکو کال راتری سروپ کہتے ہین
جیبہا نکالے ہوئے اور مکہہ کو بستار کرے ہوئے ایسے روپسے آگے کو پگ دہرتی ہوئی دیئتونکا ناش کرتی ہوئی ہاتہہ اوٹہا
اوٹہا کر دیئتونکو پکڑ کر اپنے مکہار بند مین بہکشن کرگئی اور اسوار اونٹ اور ہستیونکو دیئتون سہت چباونبر چڑہ رہی تہی اونچا
اونچا ہاس کرکے بہیرونی روپ دہارن کرکے چربن کرگئے چنڈ منڈ اوس سروپ کو دیکہکر بانونکی بر کہا کرنے لگے پشچات چنڈنے
ایک چکر مہا پرکاشوان سری بہگوتی کے اوپر چلایا اور بارم بار گہور شبد کرنے لگا سری بہگوتی جی نے اوسکے چکر مین ایک
بان مارا وہ ٹکڑے ہوکر پرتہوی پر گر پڑا اور سری بہگوتی جی کے ایک بان سے چنڈ مورچہا کہا کر پرتہوی پر گرا منڈنے اپنے
بہراتا کی یہہ دشا دیکہکر انیک پرکار کے بانونکی بر کہا کری سری بہگوتی جی نے تل کے دانہ کیسمان ٹکڑے کر ڈالے اور ایک اردہ چندر
سا بان سے انیک دیئت مار ڈالے دیوتا آنند کو پراپت ہوئے چنڈ پہر چیتن ہوکر آیا اور بانونکی بر کہا کرنے لگا سری بہگوتی جی پہانس
سے چنڈ کے دونو ہاتہہ باندہ کر اپنے استہان مین لے آئین منڈ نے اپنے بہائی چنڈ کی یہہ دشا دیکہہ بانونکی بر کہا کری سری
بہگوتی نے اوسکو بہی پہانس مین باندہ لیا تب چنڈ منڈ بولے کہ ہمکو اس سنگرام مین مت مارو ہمنے اجانا کہ تم دیئتون کے ناش
کرنے کو اوتپت ہوئی ہو سری بہگوتی جی نے دونون کے سیس کاٹ کر اپنے مستک مین دہارن کرلئے جب سے سری بہگوتی جی کا نام
چامنڈا ہوا +

ستائیسوان ادہیاء پانچوین سکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین رکت بیج کا سنگرام مین جدہ کرنے کو آنا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن چنڈ منڈ کے مرنیکے پشچات جو دیئت رہگئے تہے بہاگ کر شمبہہ نشمبہہ کو سمکہہ گئے بہت سے انگ بہنگ
بہت سے گہائل تہے بہتون کے دہڑ دہرجاتا تہا اور ہے ہے کرتے تہے اونکو دیکہکر شمبہہ نشمبہہ بہے رہان ہوئے اور سمپورن چرتر
سری بہگوتی جی کا سرون کرا اور وہ سنگرام ایسا ہوا کہ رودہر کی ندی بہنے لگی اور اوسمین جو جو دیئتون کے سیس کٹ کٹ کر پڑے
تہے ایسے دیکہتے تہے جیسے کچہوے پہرتے ہون اور بہجا جو دیئتون کی ایسی پڑی تہین جیسے مچہہ تیرتے پہرتے ہین اور پانو اور ٹانگ
ایسی پڑی تہی جیسے جل مین جلی لگڑی پڑی ہوون اور اون کے چکر ایسے دیکہتے تہے جیسے ندی مین کنڈل پڑے ہون اور دہنش

جودہاؤن کی ایسی پڑی تھین مانو جل مین ترنگ اُٹھتی ہین یہہ سب برتانت دیتون نے شمبھ نشمبھ سے برنن کرکے کہا کہ ہی راجن
جو تم دانو کے کُل کا ناش کرا چاہو تو جدہ کرو نہین تو جدہ مت کرو جتنے دانو تمہارے کُل کے تھے سب مارے گئے جو رکھی ہین اُنکا
تو ناش مت کراؤ اور تمکو برہما جی کا بر تہا کہ تمہاری مرت استری کے ہاتھ سے ہوگی یہہ دیوی سری جہاما یا پرگہٹ ہوئی ہے
اپنی من مین بچار کر کارج کرو وہ استری نہین ہے وہ گا یتری سروپ جگت امبا دیوتون کے سہایک ہی تم بیر بہاو کو تیاگ
کرو دونگی سرناگت مین جاؤ شمبھ یہہ بچن دیتون کے سنکر بولا کہ ہے مند اتماؤ تم اس سمے چپ رہو ہم راجو نکا دہرم جدہ کرنیکا ہی
برہما بشنو مہیش اندر چندرما سورج کوئی ہمارے سنکھہ کہڑا نہین ہو سکتا اور جو سنگرام مین ہماری ہار ہی ہوگی تو
ہمارا جس ہوگا اور جیت ہوگی تو بہی جس ہوگا سکھہ دکہہ سب ہوکے آدہین ہین تم کا یر مت ہوئے جاؤ انہی سمے پاکر
برہما بشنو بہی ناش ہو جاتے ہین جو ہم اپنا سمے پاکر ناش ہو جائینگے تو کیا اسچرج ہے اور جو اجے دیو آدہین ہے راجو نکا
دہرم ودہم ہی کرنے کا ہی اور رکت بیج کو بولا کر اگیا کری کہ تم سنگرام مین جاکر جدہ کرو رکت بیج بولا کہ ہے مہاراج تم کچہہ
چنتا مت کرو مین اکیلا ہی اونکو لاؤ نگا اور رتھہ مین چڑہ سنگرام مین آیا اور اگنت سینا چارون پرکار کی ساتھہ لایا سری
بہگوتی جی نے اوسکو دیکہکر سنکہہ کا شبد کیا رکت بیج بولا کہ ہے بالی مین تمہارے سنکہہ کی شبد سی ڈرتا نہین ہون تم جب
کر نیکو میرے سنمکہہ مت کہڑی ہو تم تو سمپورن شاستر ونکی جاننے والی ہو تمکو جدہ کرنا اور شستر دہارن کرنا جوگ نہین ہے سنگار
روپی شستروں سے راجا کو جیتنا چاہیئے دیکہو بشنو جی کو لکشمی جی نے سرنگار روپ سے لشی بہوت کر رکہا ہی اور سری برہما
جی کو ساوتری جی نے ایسے ہی اُماجی شیوجی کو لشی بہوت کر رکہا ہے ایسے ہی سروپ دیوتاؤن کی گتی ہو رہی ہے تم بہی جا
کو لشی بہوت کر لو +

اٹھائیسواں ادہیاء پانچوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا
جسمین رکت بیج کا جدہ اور شیوجی کا دوت روپ ہوکر جانا اور شکتیونکا پرگہٹ ہونا برنن ہے

بیاس جی بولے کہ ہی راجن رکت بیج کے بچن سنکر بہگوتی جی ہاس کرکے میگہہ کے تل گرج کر بولین کہ ہے دشٹ آتما مین پہلے ہی
کہہ چکی ہون کہ جو مجہہ سے جدہ کرکے مجہہ جیتیگا وہی میرا پتی ہوگا سو تم جاکر شمبھ نشمبھ سے کہو کہ مجہہ سی آکر جدہ کرو نہین
تو پاتال کو بہاگ جاؤ یہہ سنکر رکت بیج کوپ سے بانونکی برکہا کرنے لگا سری بہگوتی جی نے سب کے ٹکڑے کر ڈالے اور اپنی بانون

سے بہت سے دانو کو مار ڈالا اور ایک ایسا بان رکت بیج کے مارا کہ وہ مورچھا کہا کر گر پڑا اور ہا ہا کار دئیتو کی سینا مین پڑ گیا شمبہہ نشمبہہ نے ہا ہا کار شبد سُنکر سینا کو جُدہ کی اگیا کری سری بھگوتی جی اُنکی سینا کو دیکہکر ہاسُ کرنے لگین اور اپنے مکہہ کو وِستار کرکے اور گرج کے ایک ایسا شبد بہیانک کرا جس سے دیئت مورچہت ہوگئے اور پہر ساودہان ہوکر بانو کی بر کہا کرنے لگے اور سری بھگوتی جی کی اچہا سے برہما جی سے آدلیکر سب دیوتاؤن کی شکتیان گہٹ ہو گئین اور جس دیوتا کی جو شکتی تہی اُسنے اپنا روپ اپنی دیوتا کا ساہی دہارن کیا برہما جی کی شکتی ہنس پر چڑہ اور ساکہ سوتر دہارن کرا ورکنڈل ہاتہہ مین لے برہما نے سروپ دہارن کرکے آئین اور بشنوی جی گرڑ پر چڑہ گدا پدم دہارن کرآئین اور شانکری جی بیل پر چڑہ اور سنکہ پراردہ چندرمان کو دہارن کر آئین اور کماری جو سرستی جی ہین مور کے اوپر اروڑہ ہوکر اندرانی سوئیت ہستی پر چڑہکر بجر دہارن کرکے آئین اور بنارہینی سوکر پر چڑہ کر اور نارسنگی جی سنگہہ کا سروپ دہارن کرکے اور یم شکتی بہینسے کے اوپر چڑہکر کال ڈنڈ ہاتہہ مین لیکر آئین اسی پرکار انیک شکتی سنگرام مین آگئین اور شنکر جی مہاراج ترشول دہارن کیئے ہوئے شکتیون مین آپراپت ہوئے ۔ سری شیو جی مہاراج کو دیکہکر چنڈکا جی بولین کہ ہے شنکر جی تم بے مت کرو ہم اِن دئیتو نکا ناس کرینگے شنکر جی نے کہا کہ جب ہی پرتہوی کا بہار ہلکا ہوگا اور دیوتاؤنکو اور برہما کو آنند ہوگا سری چنڈکا جی نے اپنے دہنس کو ٹہنکارا اُس سے ایک شکتی پانچ نکہہ والی بہیانک شبد کرتی ہوئی پرگہٹ ہوکر کہنے لگی کہ ہے دیو دیو تم سیگہہ دُوت دہرم ہوکر شمبہہ نشمبہہ کے پاس جاکر کہو کہ تو یہان سے بیگ پاتال کو بہاگ جا اور جو بل کہتا ہو اور اپنا مرنا چاہتا ہو تو بلبہہ مت کر سیگہہ آکر جُدہ کر یہہ بچن سُنکر شنکر جی مہاراج شمبہہ کے سنمکہہ گئے اور کہا کہ ہے راجن مین تیرے سنکہہ دُوت دہرم سے آیا ہون سو سُن بھگوتی جی نے کہا ہے کہ تو اپنے جیونے کی اچہا رکہتا ہو تو پاتال کو چلا جا اور جس کارن پرہلاد جی نے راج پاتال کا کیا ہے تو بہی کر اور دیوتاؤنکا بہاگ چہوڑدی نہین تو سیگہہ آکر جُدہ کر اور ناش کو پراپت ہو اور گربہہ مت کر شمبہہ نشمبہہ نے کوپ وان ہوکر اپنی سینا کو سنگرام مین بہیجا اور جس شکتی نے مہادیو جی کو دُوت کرکے بہیجا تہا اس کارن اُسکا نام شیودوتی بکہیات ہوا اور پہر جُدہ ہونے لگا دئیتون نے نانا پرکار کے بان چلائے سری بھگوتی جی نے اپنے گدا سے سب توڑ ڈالے اور دانو نکو بہکشن کر گئین اور برہما جی کی شکتی نے اپنے کنڈل کے جل سے چہینٹے دیئے دئیت ناش کو پراپت ہوگئے کچہہ سری مہیشری جی نے ترشول سے مارے بہت سے بیشنوی جی نے اپنے چکر سے سیس کاٹ کر ناس کیئے بہت اندرانی نے اپنے بجر سے بہت سے بارہی نے اپنے دانتون سے اور نارسنگی جی نے اپنے نکہون سے انگ بہنگ کرڈالے اور انیک کا ناس کیا اور شیودوتی

اپنی شبد بہا نک سے اور کماری جی نے مور پر استہت ہوکر اپنی بانون سے اور نارائنی جی نے اپنی پہانس سے مارے اور باندہے اسی پرکار
اینک دیت اگنت مار ڈالے اور ہاہاکار دیتون کی سینا مین پڑگیا اور دیوتا پشپونکی برکہا کرکے جے جے شبد کہنے لگے اس جے
شبد کو سنکر رکت بیج کو پرکوپ ہوا اور دیت بہاگ گئے دیوتاون نے آنند کیا اور رکت بیج پہر تہہ مین جب کہ سنگرام مین آیا

اوتیسوان ادہیاے پانچوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین رکت بیج کا بدہ اور نشمبہہ کا سنگرام مین آنا برنن ہے

بیاس جی بولے کہ ہے راجن رکت بیج سنگرام مین آکر شیو جی کے بردان سے گربت گدا ہاتہہ مین لیکر سنگھ سری کالکا جی کے
کہڑا ہوا سری بشنوی نے گرڑ پر چڑہکر ایک شکتی اوسپر چلائی رکت بیج اوس شکتی کے چوٹ کو بچا گیا سری بہگوتی جی نے ایک
ایسا چکر مارا کہ رکت بیج کی دیہہ سے رودہر بہنے لگا اور جہان اوسکا رودہر پڑا وہان ہی رکت بیج کے تل سر اتپت ہوگئے
اوس سمے اینک رکت بیجون اور سری بہگوتی جی کا جدہ ہونے لگا جس سے پرتہوی کمپایمان ہونی لگی اور برہمانی شکتی نے
اپنی برہم ڈنڈے اور نارسنگی نے اپنی نکہون سے اور باراہی نے اپنی دانتون سے اور کماری شکتی نے اپنی شکتی سے
اینک بہروان کا ناس کر دیا اور دارن جدہ ہونے لگا سوربان پراکرم کرتے تہے اور کایر بہاگتے تہے دیوتاؤنکو ایسا جدہ دارن
دیکہکر چنتا پراپت ہوگئی سری امبکا جی سری کالکا جی سے بولین کہ ہے چامنڈے اب تم اپنی مکہار بند کو بستار کرو اور جو
ہماری شستروں سے اسرونکا رودہر نکلی تم اوپر سی ہی لیکر پی جاؤ پرتہوی پر مت گرنے دو پہر ہم انکا ناش کرینگی بنا اسکے پاؤ کے
یہہ اسر نہین جیتے جاینگے چامنڈا جی نے یہہ بچن سنکر اپنی مکہار بند کو بستار کر لیا اور رکت بیج کے سمیپ جاکر جو رودہر اوسکی
دیہہ سے نکلتا تہا پرتہوی پر نہ گرنے دیکر اوپر ہی اوپر پان کرنے لگین اور اُسے گدا لیکر سری کالکا جی سے جدہ کرنے لگی جنہون
نے اُن سمپورن اسرونکو جو رکت بیج کے رودہر سے اوتپت ہوگئی تہے بہکشن کر لیا اور پہر رکت بیج کے ایک کہڑگ ایسا مارا کہ
اسکا سیس کٹکر پرتہوی پر گر پڑا اسر یہہ چرتر دیکہکر سنگرام سے بہاگ کر شمبہہ نشمبہہ کے سمیپ جاکر ہاہاکار کرکے بولا کہ ہے راجن
سری بہگوتی جی رکت بیج کا بہی بہکشن کرگئی اور اینک دانونکو سنگہہ نے مار ڈالا اور جو رہگئے سو ہم بہاگ کر آئے ہین ایسا دارن
جدہ ہوا جو تم دیکہتے تو بڑا اسچرج کرتے ہے راجن وہ بہگوتی جی کسی پرکار سے جیتی نجائے گی ایک مہاکالی نے ہی سب سینا کا ناس
کر دیا ہم تمسے بہلی پرکار نیت کی بات کہتے ہین کہ اس سے ملاپ ہی کرنا اچت ہے جدہ کرنا بہلا نہین پاتال کو بہاگ جانا سریشٹ ہے

اونکے جو تمہاری اچہا ہو سو کرو شمبہ نشمبہ کو پ کو پراپت ہو کر بہلے کہ ہے کار رد مجہہ سے ایسی بات مت کہو جو تم مین سے ڈرتا ہو تو پاتال کو بہاگ جاؤ اور جو جدہ کیا چاہو تو سمیپ ہو جے اچہ دیبو کی آد ہین۔ سے دیکہو چنڈ منڈ اور رکت بیج سے سوبیر مارے گئے اور انیک سینا کا بدہ نشٹ ہو گیا اب مین پاتال کو جا کر کیا کرونگا اب مین جدہ کر کے ایک چہن مین اوسکو جیتونگا نشمبہ بولا کہ ہے مہاراج مین اکیلا ہی بہگوتی کو جدہ کر کے لاؤنگا میرے ہوتے ہوئے تمکو جدہ کرنا اوچت نہین ہے یہہ کہکر نشمبہ رتہہ مین چڑہ سری بہگوتی جی کے سنمکہہ جا کہڑا ہوا +

تیسوان ادہیاء پانچوین سکند سری دیوی بہاگوت مہاپُران ہر دیوکرت بہاشا کا جسمین نشمبہ کے جدہ اور بدہ کا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن نشمبہ سنگرام مین اپنی سینا سہت سری بہگوتی کے سنمکہہ جا کر سارنگ دہنش سے بانونکی برکہا کرنے لگا سری بہگوتی نے سب نوارن کر دیئے اور بولین کہ ارے موڑہ اب تیرے ناش کا سمے آگیا جیسے رکت بیج کو مارا ہے تم دونونکو بہی مارونگی تمکو تمہارے کال نے اس سمے سنگرام مین بہیجا ہے نشچے تمکو مارونگی پہر نشمبہ نے بانونکی برکہا کری بہگوتی جی نے سب بانون کے تل کی دانہ کی سمان ٹکرے کر ڈالے اور بہگوتی کے سنگہہ نے انیک دانو نکا اپنے نکہون سے ناش کر دیا اور انیک کو چربن کر گیا دیتون مین ہاہاکار پڑ گیا اور بہاگ گئے کتنے ہی گہایل ہوئے پہر ہاہاکار سنکر شمبہ بہی سنگرام مین آیا اور دارن جدہ کو دیکہکر چکرت ہو گیا اور سری بہگوتی جی کے ترچہے ترچہے نیتر دیکہکر بہے کو پراپت ہوا اور سنگار کو دیکہکر موہت ہو گیا اور بواہ کی آسا بدہ لے مرتبو کی اچہا سنگرام مین کر کے اوس سمے چلا گیا۔ سری بہگوتی جی نشمبہ سے بولین کہ ہے دشٹو تم اب بہی پاتال کو بہاگ جاؤ جو تم اشستر و ن سے مارے جاؤ گے تو سرگ کو جاؤ گے نشمبہ کہڑگ ہاتہہ مین لے ایسا آیا جیسا سنگہہ آتا ہے سری بہگوتی جی نے ایک کہڑگ سے اوسکی ایک بہجا اور پہر دوسرے کہڑگ سے دوسری بہجا کاٹ ڈالی اور یارم بازو پان کر کے دانو ن جدہ کرنے لگین اور بن کے پشو منچہی گیدڑ آدک دیتونکا رودہر پان کرنے لگے نشمبہ سنگہہ کے مارنے کی اچہا کر کے آیا سری بہگوتی جی بولین کہ ہے دشٹ آتا ہے اس کہڑگ کو دیکہہ ابہی تیرا سیس کاٹونگی یہہ کہکر کہڑگ سے نشمبہ کا سیس کاٹ ڈالا پرنتو اوسکی دُنڈ وہیہ سنگرام مین بہرمنے لگی دیوتا اوسکے دیہہ ڈنڈ کو دیکہکر بہے بہیت ہوئے سری بہگوتی جی نے کہڑگ سے اوسکے پانو کاٹ ڈالے جب وہ ایسا دہرتی پر گرا جیسا کوئی بڑا پہاڑ گرتا ہے دیوتا جے جے شبد کر کے پشپونکی

برکہا کرنے لگی دیت ہائی ہائی کرتے شمبہہ کے پاس جا کر پکاری کہ ہے راجن تمہارا بہائی سنگرام مین پرتہوی پر سکہہ پوربک سین
کر رہا ہی سو ہی راجن ہماری پرارتہنا مانکر اب ہی جدہ مت کرو سری کالکاجی دیوتوں کی ناش کو نیکو ہی اوتپت ہوئی ہین اور یہہ
استری پرکرتی روپی نہیں ہے یہہ شاکشات اچنت روپی ہی اور بہگتی بہاؤ سے دیکہنی مین آتی ہے یہہ اپنی روپ سے سنگرام
مین ستہت ہی تم کال کے سنمکہہ مت جاؤ اور جان بوجہکر اگنی مین مت پڑو دیوتوں کو یہی سامرتہہ ہی یہہ تو بہاد [illegible] مین
کو راجا اور راجا کو بہکاری کر دیتے ہو کال بڑا بلوان ہے ۔ وہ بہگوتی کالیشری ہین اور برہما بشن اور اندر سمپورن
دیوتا اسکے بس ہین سمے کو بچار کر اس جدہ مین مت جاؤ ۔ راجنیتی کا دہرم یہہ بہی ہی کہ کبہی جدہ کرتے ہین کبہی کایرتائی
کرتے ہین کبہی ہار کبہی جیت ہوتی ہے سو تم کچہہ سوچ مت کرو ہماری مت مین آیا سو کہدیا آگے جو تمہاری اچہا ہو سو کرو دیکہو
تمہارے سنمکہہ سے برہما بشنو مہیش اندر آدک سمپورن دیوتا بہاگ گئے تہے جو تم ایک استری بہگوتی کے آگے سے بہاگ جاؤ گے
تو کیا اچرج ہوگا ۔

اکتیسواں ادہیاے پانچوین سکند سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت
بہاشا کا جسمین شمبہہ کا جتن اور اوسکی بدہہ کا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ شمبہہ دیتون سے کوپ کرکے بولا کہ ہی کایرو ایسی بات مجہہ سے مت کہو اور سوتائی کو ہاتہہ سے مت دو نربل
ہو کر پرتہوی پر بچنے کی اچہا مت کرو جو تم نے سمے کا پربہاو کہا وہ تو ست ہی پرنتو ہونہار کو متہا کوئی نہین کر سکتا اور کال
منت ہی اور یہہ سنکہہ مین کہتا ہو کہ مین کرتا ہون یہہ کچہہ نہین کرتا جو دیو کی اچہا ہو سوئی ہوتا ہے مین اپنی بدہی سے
نہین کہتا ہون جو دیو کی اچہا ہو ویسی ہی میری بدہہ بہی ہو رہی ہے جو دیو کو پرم مانتی ہین وے ہی ہٹی ہین اور جو
اپنی پرشارتہہ کو پرم مانتی ہین اونکو دہکار ہی جب سمپورن دیوتاؤن کا جیتنے والا شمبہہ اور رکت بیج سی جودہا انیک مارے گئے
ہین جی کر کسی سکہہ کو پراپت ہونگا اپنی اپنے کال کے سمے سب ناش ہو جاتے ہین چار جگون اور سہنسر چوکڑی کے بیتت
ہونے پر برہما کا بہی ناش ہو جاتا ہے اور چودہ اندر بہی ایسے ہی دونے کال اور بشنو اور اوس سے دونے کال مین شنکر آدہ
ہی ناش کو پراپت ہونگے سو ہی موڑھ ہو مرنے کی کچہہ چنتا نہین ہے مین بہی جو اپنی کال کے سمے مرتا ہونگا تو کیا اچرج ہی
اور سنگرام مین جو مرتیو ہوگی تو جس ور کیرتی ہوگی یہہ کہکر انیک پرکار کے شستر رتہہ مین رکہکر سری بہگوتی جی کے سنمکہہ سنگرام

مین گیا اور پیچھے پیچھے چار پرکار کی سنیا آئی اور سری بہگوتی کو گرجکر اپنو شستر دکہلانی لگا مہارانی کا روپ اوس سمے
اونکو ایسا دکہلائی دیا کہ تینون لوگون کے موہنیوالی موہنی سروپ کرا گئی تنگ جودہا اپنو ششتر ٹیکتی ہین اور سمپورن دیوتا
کہڑے استتی کر رہی ہین اور بہگوتی جی سنکہہ اور گہنٹے کا شبد کر رہی ہین جس شبد کو سُنکر کے بسوریرا اور جودہاؤنکی
چہاتی پہٹتی ہے ایسے روپ کو شمبہ دیکہکر موہ کو پراپت ہو اپنے من مین کہنے لگا کہ ایسی کومل شریر پرم منوہر کے ساتہہ مین
کیون جدہ کرون اسکی او ستہا کماری دیکہہ پڑتی ہے اور یہہ کامنا سے برجت ہی یہہ دہ منو کی گتی ہے اس سمے مجکو کوئی اوپاو نہین
سوجہتا اسکو بس کرون اور جو مین پاتال کو جاتا ہون تو میری بڑی دُرگتی ہوگی اور جو اب گہات کرتا ہون تو اپ جس ہوتا ہے
اور سنگرام سی بہاگنیوالہ نرک کا اوبکاری ہوتا ہے اور یہہ ناری نے ئیوگی اچہا ہی جسنے میرے ساری کل کا ناس کر دیا ہے
چاہے میرے لبہین ہو چاہے نہو اب تو سنگرام سے بہاگنا جوگ نہین یہہ سوچکر اپنی ساتہہ کی دئیتون سے بولا
کہ اب سنگرام مین ہی مرنا اُچت ہے اور سری دیوی بہگوتی کے سنمکہہ بولا کہ ہے دیوی تم اس سنگرام مین بڑتہا پرسرم کرو
یہہ جو تمہارے نیترمین سوہی مہا کٹہ بان ہین اور روپ ہی مہا کٹہ کہڑگ ہی تمہاری سروپ کی سوبہاسی ہی مین ہارا تم
جدہ کیون کرو ہو جب تمہارے اس کومل شریر مین بان لگین گے تو مجہی بڑا دکہہ ہوگا اس سنگہہ باہن کو چہوڑ کر کا دیو
کے باہن پر سنہت ہو اور یہہ ہتہیکر شبد مت کرو تمہارا روپ اور اوستہا ہی سنگرام جیتنے کو بہت ہے اس کو پا روپ ہتہیکر کو دہارن
مت کرو وہ کیا روپ تہا کہ لمبے لمبی ہونٹ اور کرال کرال مکہہ اور بکٹ تیکشن نیتر اور بڑے بڑے دانت اور رکت جہہا
ہے دیوی ایسے روپ کو مین کیسی پائی گرہن کر دنگا سری امبکا جی ہنسکر بولین کہ ارہے دشٹ جو بچن مین پہلی کہہ چکی ہون
اونکو سمجہکر جدہ کر اور یہہ روپ مہاکالی جی نے تیرے ناش کرنیکو دہارن کیا ہے ہے دشٹ ہی سو وہ اب تو اپنے کال
کو سمیپ جان یہہ کہکر سری بہگوتی جی نے اپنو دہنش کو ٹنکارا اور دیت نے ایک گدا ہاتہہ مین لیکر سری بہگوتی جی کے
اوپر چلائے سری بہگوتی جی نے اپنی گدا سے اوسکا چورن کر دیا اور اوسکے رتہہ اور گدہونکو جو رتہہ مین جُتہ رہی تہے مار کر
دہرتی پر ٹپک دیا پہر وہ سنمکہہ بہگوتی جی کے آیا بہگوتی جی نے ایک گدا سے اوسکی داہنی بہجا توڑ کر پرتہی پر ڈالدی دوسری
بائین بہجا مین کہڑگ لیکر آیا بہگوتی جی نے وہ دوسری بہجا بہی اپنے کہڑگ سی توڑ ڈالی اور اوسکے پانو بہی توڑ ڈالی
اور کہنے لگین کہ تشٹ تشٹ اور اوسکا دہڑ پرتہوی پر گر گیا اور سری کالکا جی مہارانی نے کہڑگ سی اسکا سیس کاٹ لیا اور
اوسنی پران تیاگ دئے سمپورن دیوتا جے جے شبد کرکے پہپونکی برکہا کرنے لگے اور منوہر پون چلنے لگے دسون دشا

نرمل ہوگئیں سورج نارائن دہند کار نرورت ہونے سے اپنے تیج کو پراپت ہوئی اگنی پرجلت ہوئی اور جو دیت رہگئے تہے
اونکو سنگہہ نے بہکشن کرلیا اور کچہ دیت پاتال کو بہاگ گئے بیاس جی بولے کہ ہے راجن یہہ چرتر دیوی جی کا بڑا اُتّم
ہے اور شبہ ہے آدلیکر راچہسون کے بدہ کو جو منکہہ پڑہیگا تہا سنیگا اور سناویگا اونکو اچل بہگتی پراپت ہوگی اور ارتہہ
دہرم کام موکش کی پراپتی ہوگی اور جو اپتر ہین اونکو پتر کی لابہہ ہوگی جو نردہن ہین دہن پاوینگے روگی روگ سے نرورت
ہونگے اور شترؤنکا بہی کداچت بہی نہوگا اور جس پرم گت کو جوگی جتنون کرتے ہین وہ پرم پدچہن ماتر ہین پراپت ہوگا سب
پرکار سمپورن کامنا پراپت ہونگی +

بتیسوان ادہیا پانچوین سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران سر دیوکرت بہاشا
کا جسمین راجا سورتہہ اور سمادہی بیش کا آکہیان ہے

راجا جنمیجے نے پوچہا کہ ہے بیاس جی آپنے جو تین چرتر سری بہگوتی کے برنن کئے ان چرترون کے پہل سے کون راجا ہیکے
کلیان کو پراپت ہوا ہے جنکو سری بہگوتی جی نے پرشن ہوکر بردان دیا اور پوجا کی ودہی بہی برنن کرو بیاس جی نے
اُتّر دیا کہ سوارو چ منونتر مین ایک سورتہہ نام راجا بڑا پرم اودار اور پرجا کا پالنے والا ستّ بادی گُرو مین بہگتی رکہنے والا
اپنی استری مین پریت رکہنے والا دان کرنے مین سیلا شستر بدیا مین بڑا چتر تہا ایک سمے ملیچہ اوس راجا کے اوپر چڑہ آئے
اور ملیچہون اور راجا مین پرسپر دارن جدہ ہوا راجا کو ملیچہون نے جیت لیا اور راجا نے راج بہرشٹ ہوکر اپنے من مین
چنتون کیا کہ اب مین کیا کرون جو میرے سبندہی اور منتری ہین سب سکہہ کے ساتہی تہے اب سب بیاری ہوگئے یہہ سوچتا
ہوا اکیلا گہوڑے پر چڑہکر تین جوجن کے انتر ایک بن مین پہونچا جہان ایک سندر آشرم دیکہا اوس آسرم مین سمدہا نام
رشی تپ کر رہے تہے راجا اوس آشرم مین گیا - اوس آشرم کے نکٹ ایک ندی بہی تہی اور اوس رشی کے ششن نیک شاستر
پڑہ رہے تہے اور انیک پرکار کے پشپ اس آشرم مین کہلے ہوئے تہے اوس آشرم کو رمنیک دیکہکر راجا سنت ہوگیا وہ رشی
انیک منترون سے ہوم کر رہے تہے راجا کچہہ بہیت ہوکر ہاتہہ جوڑکر سنمکہہ رشی کے کہڑا ہوا اوس رشی کا کیسا سروپ تہا کہ
مرگ چہالا دہارن کرے ہوئے اور تپ سے دیہہ کرشن ہوگئی تہی اور تپ کرکے پورن ہو رہے راجا نے شاشٹانگ ڈنڈوت
کری منیشر بولے کہ ہے راجن تو اس سمے سری بہگوتی جی کا دہیان کرکے استتی کر تیرے سمپورن دکہہ نرورت ہونگے

اور جو تیرا من چنتا مان ہو رہا ہے اوس چنتا کو برنن کر ہم اُس چنتا کو نروِرت کرینگے راجا بولا کہ ہے مہاراج میرا نام سورتھہ ہے اور سورج بنسی ہوں شترو سے دُکھت ہوا راج بھرشٹ ہو کر تمہارے چرنوں میں آیا ہوں جو گیا کرو سو کرونگا اور میرے شترو کا ناش ہوا لیا او پار گرو منیشر بولے کہ تو نربہے ہو کر اس آسرم مین ستھت ہو یہاں تیرا شترو نہیں آسکیگا اور سمجھو ہے نہو گا راجا اوس آسرم مین اپنی چنتا کو تیاگ رشیونکی سیوا میں رہنے لگا اور رشیوں سے کہا کہ ہی مہاراج میرے پتر اور استری او بنسترل ادہن سمپورن نیارے ہوگئی ہین اونکے موہ مین ڈوب رہا ہوں جانے اونکی کیا گتی ہوئی ہوگی اور اوسی آسرم مین ایک بیش بہی آگیا اور وہ دوکہت ہوا راجا کے سمیپ بیٹھہ گیا راجا نے اوسکا برتانت پوچھا بیش بولا کہ ہے راجن مین بیش ہوں سمادھی میرا نام ہے اور مین دھنوان بہی ہوں پرنتو میرے پتروں اور استریوں نے دھن بہرا چہین کر نکالدیا ہی سو مین مہا دُکھی ہو کر یہاں آیا ہوں آپ تم بہی اپنا برتانت مجھہ سے کہو راجا بولا کہ ہے بیش مین سورتھہ نام راجا چہتری ہوں مین شتروں سے راج بہرشٹ ہو کر اس بن مین آیا ہوں بیش بولا کہ مین بہی کُٹمب سے رہت ہوں اور سب سنبندہیوں اور پیاروں کو سکھہ کا ساتھی دیکھا میری تمہاری ایک سی دشا ہو رہی ہے راجا بولا کہ ہی بیش شترو جو چہتر ہو تو وہ ہتکاری اور کہہ سے بہلا ہوتا سو تم اس ہیے اس آسرم مین آئے ہو تم میرے ہتکاری ہوا اور وہ دونو منیشر ہی ڈنڈوت کر کے کہنے لگے ❖

تیتیسواں ادہیا ۔ پانچویں اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین برہما تہنو کی تپ اور اُنکی سمباد اور سری بہگوتی جی کی مہما کا برنن ہے

بیاس جی بولے کہ ہی راجن راجا سورتھہ نے منیشر سے کہا کہ مین اپنی راج سے نکالا گیا اور شترو نے میرا سب گھر بار چہین لیا اور سنبندہی اور پتر اور استری مجھہ سے نیاری ہو گئی جس سے مجھی چنتا بیاپت ہو کہ جانے میری تیروں آدک کی کیا گتی ہوئی ہوگی سو میری اس چنتا کو نروِرت کرو اور اوس بیش نے بہی اپنی چنتا کہی منیشر بولے کہ ہی راجن سری بہگوتی سناتن مایا سمپورن دُکھہ کی نروِرت کرنیوالی ہے اور سمپورن دیو اور منُشیہ گندہرب پہی پکشی اور سنگھہ راکہش برچہوں میں وہ مہا مایا پرگہٹ ہی اور سمپورن دکھونکی ناش کرتا ہے اور اوس مہا مایا کے موہ مین سُر اسُر پروِرت ہین اور گیانی منشوں کو موہ پرپت کرنیوالی ہے اور اگیانیونکو گیان کی داتا ہے اور برہما تہنو جیسے اُسکے جال مین پہنسے ہوئے ہین سو

اوسکی کتہا تجہہ سے برنن کرتا ہون سروِن کر۔ ایک سمی شاکشات لبشنونرائن نے سویت دیپ مین دس سہنسر برکہہ تک پرم
تپ کرا اور برہما جی نے بہی نرجن دیس مین تپ کیا لبشنو بہگوان تپ کرکے اچہا پوربک بچرتے تہے ادہر برہما جی بہی تپ
سی نرورت ہوکر بچرتے ہوئے آگئے دونونکا مارگ مین ملاپ ہوا اور آپسمین پوچہنے لگے کہ تو کون ہی تو کون ہی برہما بولے
کہ مین جگت کا کرتا ہون اور برہما میرا نام ہی لبشنو بولے کہ ہی موڑ کہہ مین جگت کا کرتا ہون اور مجہہ سی تیری اوتپتی ہوئی
ہے اور اُچت میرا نام ہی اور اس سے مجہہ رجوگن اوتپت ہورہا ہی مینے بارم بار تیری رکشا کری ہی تو اوس سمی کو بہول
گیا کہ مینے مدہو کیٹب سی تیری رکشا کری تہی سو تو اپنے من مین گربہ مت کر اس پرکار دونونکا پرسپر سمباد ہوا اور
دونو کرودہ وان ہوئے اور وہان اُنہون نے ایک لنگ دیکہا بڑا دیرگہہ اوسکا پار نہ پایا گیا اُسی سمے اکاش بانی ہوئی
کہ ہے لبشنو ہے برہما آپسمین بباد مت کرو یہہ بڑا انرتہہ ہی تمہارے سنمکہہ جو یہہ لنگ ہی اسکا پار کسی نے نہین پایا
ہے نہ پاتال نہ سُرگ مین تم مین سے جو کوئی اسکا پار پاوے وہ ہی بڑا ہی یہہ آکاش بانی سنکر سری لبشنو اور برہما اور
لنگ کے پار پانیکو چلے لبشنو بہگوان تو پاتال کو اور برہما جی آکاش کو گئے اور اس لنگ کا انت دیکہتے ہوئے تہکت ہوگئے
لبشنو جی نے تو انت پایا اور برہما جی نے اوس لنگ کا مستک دیکہا جسپر ایک پُشپ کیتکی کا چڑہا ہوا تہا برہما جی وہ پُشپ
لیکر لبشنو سے آکر بولے کہ مینے پار پالیا ہے کہ اس لنگ کی مستک سی یہہ پُشپ لایا ہون لبشنو نے کہا کہ ہی برہما اسکا ساکشی
کون ہی کہ تو یہہ پُشپ مستک سی لایا ہی اتہوا مدہ دیہہ سی برہما جی بولے کہ ہی مہاراج مین بہت دیسو تک بہرم کر یہہ پُشپ
مستک سی لایا ہون اتنی انتر پر ساکشی کون ہے اس پُشپ سے ہی پوچہو کہ مین اسکو کہان سے لایا ہون سری لبشنو نے
اوس کیتکی کے پُشپ سی پوچہا کہ تجکو برہما کہان سے لایا ہی تو وہ پُشپ بولا کہ تم آپسمین کچہہ سنسے مت کرو مجہکو مہادیو جی
کے مستک سے لایا ہی شیو جی کے لنگ سے بانی نکلی کہ ہی کیتکی مِتہیا کیون بولے ہی برہما میرے مستک تک کب پہونچا
ہی آردہ دیہہ سے تجہی لایا ہی تو نے جو یہہ مِتہیا بچن کہا اس کارن مینے تجہکو تیاگا مجکو تو پر یہہ نہوگا اور جو تیرا آسپا ہا مجہکو چڑہاوگا
مین اوس سے سمپورن نہین ہونگا ہی راجن جب ایسے ایسے دیو مہاتما وُنکی بدہی بہرم جاتی ہے تو تم اپنے سمے کا شوچ مت
کرو تم اپنی بدہی کو ساودہان کرو سری مہامایا دیتیون کے ناش کرنیکو انیک جگو مین انیک سروپ سے اوتار دہارن کرکے اپنے
بہگتونکو سُکہہ دیتی ہین اور یہہ جیو موہ اور اگیان سے ڈہک رہا ہی جب موہ اور اگیان نرورت ہوجائیگا کیول پرکاش
ہوجائے گا راجا سورتہہ بولا کہ ہے مہاراج اوس مہامایا کی اوتپتی مجہہ سے بہلی پرکار برنن کرو رشی نے کہا کہ ہی راجن بہگوتی

نت ہی اور وہ ایک چھن مین اپنے بھگتون کو دکھی دیکھکر اُوتپتّ ہوتی ہے اور شاستر و نین پرم برہمانند سروپنی برنن کی ہے شکتی ہین کوئی کچھہ کارج نہین کرسکتا پرنتو وہ مہامایا پرانیون کے دکھہ نروِرت کرنیکو انیک روپ پرگھٹ کرتی ہے اور وہ دیوی کئی پرکار کی پوجن کرکے پرسن ہوکر پرگھٹ درشن دیتی ہے اور لکشمی سرستی مہاکالی سے آدلیکر انیک نام سے بکھیّات ہی مینے اپنی بدھی کے انُسار برنن کیا ہے پار تو اوسکا برہّمادکون نے بھی نہین پایا ہے

چونتیسوان ادہیاے پانچوین سکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران مہر دیوکرت بھاشا کا جسمین سری بھگوتی جی کے پوجن اور برت کی بدھی برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہی راجن وہ راجا سورتھہ بینی پورک پوچھنے لگا کہ ہی مہاراج اُسکے پوجن اور آرادھن اور ہوم کی بدہی بستار پورک مجھہ سے برنن کرو رشی بولے کہ پرات کال اشنان کرکے سوچت پوتر بستر دھارن کرکے آچمن کرے اور کام کرودہ لوبھہ موہ مدہ سے رہت آسن پر استہت ہوکر پہر تین آچمن کرنا چاہئیے اور دھوپ دیپ گندہ نیویدادک چڑھاوے پہر تین پرانایام کرکے بھوت سدھی کرے پہر پران پرتشٹا کرنی چاہیی پشچات ایک منتر پہر پڑہکر کال کا سمرن کرکے نیاس کری پہر تامبر کے پاتر پر لکھی اور پہر اوسکے باچ اشٹ کون لکھی اور اوس نیتر کے مدہ مین نو اکشر کا منتر لکھے اور پہر منترون سے اوسکی پرتشٹا کرکے پوجن اوسکا کرے اور سری بھگوتی جی کی پرتما کا پوجن کرنا چاہئیے اس پرکار جتن کرکے سری بھگوتی جی کا پوجن کرنا جوگ ہی پشچات نوارنو منتر کی ایک مالا سردا جپنا چاہئیے منتر شاستر مین لکھا ہی کہ جس منتر کے جتنی اکشر ہوون اوتنی ہی لاکہہ جپنے سی سیگھہ سدہ ہوتا ہی اور دسوان انس ہوم اور دسوان انس ترپن اور دسوان انس مارجن اور اوسکا دسوان انس برہمن بھوجن اور کنگا اور بٹک کو بھوجن کرانا چاہئیے اور تینون چرتر و نکا پاٹ کرکے بسرجن کرے اور نوراتری کے برت کرنے چاہئیے اسوج اور چیت کی مہینے سکل پکش مین برت اور ہوم کرنا اُچت ہی اور سرکراسے آدلیکر نیویدا اور اچہت اور پشپ چڑھاوے اور پہاگ ماس کا ماتری کے سمی بدہی سے بلدان کرنا جوگ ہی اور انیک پرکار کے گان اور اُتسب کرکے پشپ ارپن کرے اسمین نومین چتروشے کو بشیش کرکے ہمینی مہینے پوجن کرنا اُچت ہی ہے راجن اس پرکار پوجن کرنیکا یہہ پربہاؤ ہے کہ نردہن دہن کو پراپت ہو روگی کا روگ نروِرت ہو اپتر کو پتر کی لابہہ ہو جو راج بھرشٹ ہوا وسکو راج پراپت ہو اور بانک شترو نکا ناش ہو بدیارتھی کو بدیا کی لابہہ ہو اور برہمن چہتری بیش شودر اپنی بھگتی سے جو سری بھگوتی کا پوجن

کرین تو سُکہہ کو پراپت ہوون اور نوراترے کی برت کی پربہاؤ سی نر اور ناری منورتہہ کو پراپت ہوون اور جو کوئی بدہی پوربک منڈل اور کلس استہاپن کرکے اور بید کے منترون سے اُس جنتر کو کلس کے اوپر استہاپت کرکے پشپ دہوپ نیئی بید آدک
چڑہا سورسن پوجا کرتے ہین اور ترکال پوجن نیم سے کرتے ہین وہ سنسار مین سُکہہ بہوگ کرانت کو پرم پد پاتے ہین اور
اسٹمی کی راتری کو جو کوئی گیت باد استوترون سے اُتسو کرتے ہین اور برہمن دوارا اتھوا اپنی مکہہ اربند سے اوچارن کرتے
ہین وہ منکہہ اس لوک مین سُکہہ بہوگ کرانت کو اوس استہان کو جاتے ہین جو جوگی جنون کو بہی دُرلبہہ ہی اور جنما نتر مین
اونکا جنم اُتم کُل مین ہوتا ہے یہہ پربہاو نوراتری کے برت کا ہی جو ایک برت بہی بدہی پوربک اشٹمی کا نوراتری مین
کرے تو اوسکو بہی پہل نوراترے کا ملتا ہی سو ہی راجن تم اسی ہی سے بیش سہت سری بہگوتی کا پوجن کرو تمہارے
شترو اونکا ناش ہوگا اور راج کی پراپتی ہوگی اور ضرورت ہو کر سُکہہ پراپت ہوگا اور جو منکہہ کہ استری اور پتر رہت ہین
ایک بیل پتر اور چمپی کے پُشپ کے چڑہانے سے ہی سری بہگوتی جی اونکے دُکہہ کا ناش کر دیتی ہین اُنکو وہ ملّ ہے جو اپنا چیت
سری بہگوتی کے پوجن مین لگاتے ہین اور دہیان کرتے ہین اور سری بہگوتی جی کے چرنونکی اوپاسنا مین مگٹ ہین

پینتیسوان ادہیا ۳۵ پانچوین سکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین راجا سورتہہ اور سمادہی بیش کے تپ اور پوجن اور بہگوتی جی کے درشن ہونے اور اپنی منورتہہ پا کر پرم پد کو پراپت ہونیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن وہ راجا اور بیش رشی کے بچن سُنکر پرپہلت ہو ہاتہہ جوڑ کہنے لگے کہ ہے بہگون ہم بڑی
جو تم نے تبلائی سری بہگوتی کا پوجن کرینگے اور تمہاری کرپا سے اب ہماری تینون پرکار کے پاپ نرورت ہوئی (تین پرکار کے پاپ یہہ ہین۔ دیہہ کرکے من کرکے سروَن ماتر کرکے) ہماری ماتا پتا کو دہن ہے جو ہم تمہارے چرنون مین
پراپت ہوئے کوئی پوربلے جنم مین بڑا بہاری تپ کیا ہے جو تمہارے درشن پا کر ہم کرتارتہہ ہوئے اور وہ دونو راجا
اور بیش وہ منتر جسکو منش ایک ہی بار جپ کر انیک جنمون کے پاپ سے چہوٹتا ہے لیکر اور ڈنڈوت کرکے سرستی ندی
کے تٹ تپ کرنیکو ایسے بیٹھے جیسے سری بہاگیرتہہ جی سری گنگا جی کے تٹ بیٹھے تہے ۔ وہ استہان ایکانت تہا کوئی جن ہان
نہین جانے پاتا تہا ۔ ایسا تپ کیا کہ اونکا دیہہ کرشن ہوگیا منتر کا جاپ تنیت کرنے لگے اور تیرہ اوہیا درگا کا پاٹ کرنے لگے

اور وہ دونو اپنی بدہی کو سا وہان کرکے سری بہگوتی کے اَنیہ کسی اور درشٹی چلائمان نہین کرتے تہے اس پرکار ایک برکہہ
تک نرا ہار رہکر تپ کیا جب دوسرے برکہہ کا آرمبہہ ہوا تو سری بہگوتی جی نے سپن مین اِس روپ سے درشن دیئے رکت بستر
دہارن کری ہوئی سنگہہ کے اوپر چنور اور چہتر آدلیکر نانا پرکار کی سوبہا ہو رہی تہی جب دوسرا برکہہ بیت ہوکر تیسرا برکہہ
لگا وہ دونو اپنے من مین کہنے لگے کہ جو بہگوتی جی ہمکو پرتکش درشن نہ دینگی تو ہم اپنے پران تیاگ دینگے یہہ نشچی کرکے ایک ہاتہہ
ماتر پرتہوی مین ترکون کنڈ ہون کے ارتہہ کہودا کیونکہ منتر شاستر مین ترکون کنڈ بڑا شبہہ پرمان کیا ہے اور سمپورن منتو رتہہ
کا پورن کرنیوالا ہے سو اوس کنڈ مین اپنا مانس کاٹ کاٹ کر ہون کرنے لگے اور اپنے رودہر کا پاتر بہر کر سری مہاکالی جی کو
بلی دینے لگے تب سری بہگوتی جی کرپا ساگر پرسن ہوکر پرتکش درشن دیکر بولین کہ ہے راجن اور ہے بیش تم بر مانگو تمکو بر
دونگی سو تب راجا آنند کو پراپت ہوکر بولا کہ ہے مہارانی مین یہہ بر مانگتا ہون کہ میرے شترونکا ناش ہو اور مجکو راج
ملے بہگوتی جی نے کہا کہ ایسا ہی ہوگا اور تیرے منتری آپ ہی آپ ایک چہن ماتر مین آکر تیرے چرنون مین پڑینگے
اور شترونکا ناش ہوگا اور دس سہنسر برس تک راج کرکے مرتیو ہوگا اگلے منونتر مین منو ہوگا پہر بیش ہاتہہ جوڑکر بولا کہ ہے
مہارانی مجہکو دہن دولت ست دارا کچہہ نہین چاہیئے مین کیول تمہاری بہگتی چاہتا ہون کہ دہن سمپت ست دارا ناش
وان ہین مجکو اس سنسار سے چہوٹ کر موکش کی اچہا ہے سری بہگوتی اُن دونون کو بر دان دیکر انتردہیان ہوگئین پشچات
اُس شہر مین ایک راجا کا منتری آیا ـ راجا او سکو دیکہکر پرکہہ وان ہوا ـ منتری چرنون مین پڑکر بولا کہ ہے مہاراج تمہارے
شترو کا ناش ہوا اب چلکر راج سنگہاسن پر سنہت ہو راجا رشیونکو ڈنڈوت کرکے گہوڑے پر چڑہ اپنے راج ستہان کو گیا اور جس پرکار
اپنی استری اور پترونکو چہوڑ کر گیا تہا سب کو سکہی دیکہکر آنند کو پراپت ہوا اور بیش اُن کے پربہاؤ سے جو بہگوتی سے مانگا تہا گتنے ہی
برکہہ پرجنت تیرتہو مین آنند سہت بچر کر انت کو پرم پد کو پراپت ہوا راجا جنمیجہ سے بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن جو تم نے مجہہ سے
پرشن کیا تہا سو اوسکا اوتر مینے تم سے کہا جو کوئی منکہہ اس چرتر سری بہگوتی کو نت نیم کرکے سرون کریگا تہوا پڑہیگا سنسار
کے دکہون سے نرورت ہوکر پرم پد کو پراپت ہوگا اور یہہ تینون چرتر سری بہگوتی کے گیان اور موکش کے دینے والے
اور آواگون سے رہت کرنیوالے ہین سوت جی نے کہا کہ ہے سونک جو راجا جنمیجہ نے سری بیاس جی سے کتہا پوچہی سو سری
بیاس جی مہاراج نے سنگتا اور بید کی مت سے برنن کری اور جو چرتر سری امبکا جی کے شبہہ دیت سے آدلیکر سری بیاس جی نے
برنن کیئے وہ راجا جنمیجہ نے بہلی پرکار سرون کرے + فقط ـ

شوچنکا چھٹے اسکندہ کی

چوپائی

جے جے جے سری شیل	کماری	چندر ہانتی ششش بھو کن	پیاری
اندرہان کہنڈن جیت	لایو	برتر اہسر کو جنم	دکہایو
پن سُر تاج توش کے	کاجا	استہہ دو بیج بجہ کر	ساجا
بار ہو دیوشالی کرنا	کر	نہش بیٹہایو اندر آسن	پر
کہے کُل دہرم اور نام	پرتاپا	ہرشیچندر کی سو کتہم	گاتہا
نیمی شاپ بشسٹ	گرہتے	ہی ہے راج دیو کرونا	تے
نرپ پیات کی گاتہہ	سہائی	پنڈو ہنس کی بردتہا	گائی
ناردرشن دمیتی	بواہو	تال الدہج کرم شیل	بناہو
ناپا روپ سنناتنی	مایا	ناپا چرت کئے کر	دایا

پرتہم ادہیا چہٹی اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا
جسمین ترسر اتسٹا کے پتر کا آکہیان برنن ہے

سونک رشی بولے کہ ہی سوت جی تمہارے بچن امرت روپی سُنکر ترپتی نہین ہوتی سو تم دوبئی پائین ہیاس راجی کرت بہاگوت روپی امرت سے جو بیدون ہین بکہیات ہی اور پاپو نکا ناش کرنیوالا ہے ہماری ترپتی کر دہو ہے مہاراج تشٹاپرجاپتی کے پتر برتراہسر کو اندر نے مار کر برہم ہتیا کیون کری اور دیوتا او راسر اور منش تین گن ہے ہین اور بشنو کی ستو گن پیر کرتی ہے پھر انہون نے اندر کو ایسے پرنا کیون کری جس سے برہم ہتیا اندر کو لگی اور اندر نے

پہل سے برتراسُر کا کیون ناش کیا اور پہر اندراوس تہیا سے کیسی نرورت ہوا اور اندرانی نے سری بہگوتی کی پوجن
کرکے جس پرکار اندر کے دُکہہ کا سوچن کیا وہ کتہا بہی مجہہ سے برنن کرو سوت جی نے اوتر دیا کہ ہے سونکو راجا جنمیجے نے
یہی پرشن بیاس جی سے کیا تہا سو کہتا ہون بیاس جی نے کہا کہ ہے راجا جنمیجے تمکو دہن ہے جو تمہاری بُدہی کتہا روپی
امرت کے پان کرنے کی ابلاشا کرتی ہے سوچت دیکر سنو کہ سری وشنو بہگوان نے جو دیتونکا کپٹ سے ناش کیا وہ کیول
پاپ کے ناش کرنے کو کیا ہے اسی کارن انیک بار مچہہ آدِک جو نیو نمین اوتار دہارا ہے ایسی ہی ایک تشٹا نام پرجاپتی
مہاتپ وان بید بدیا ندہان یوگ بدیا کا جاننے والا تہا اُسکے ترسرا نام پتر ہوا اوسکا دوسرا نام بسوروپ بہی تہا اُسکے
تین مکہہ اربند تہے ایک سے تو بید پڑہتا تہا اور دوسرے سے سراپان اور تیسرے سے سنسار کی انیک پرکار کی بہادنا کرتا تہا وہ
ترسرا اپنے پتا کے آگیا پرمان تپ کرنے لگا - گریکہم رُت مین تو اگنی تپتا اور سرورت مین جل مین نراہار ہوکر تپ کرتا اوسکے
تپ سے اندر نے بہہ مان ہوکر اپسراؤنکو بُلا کر آگیا کری کہ تم جاکر ترسرا کے تپ کا بگہن کرو اپسراؤن نے نانا پرکار کے موہ روپی
جال ترسرا کو دکہلائیے اور انیک پرکار کے نرت اور گان کرے پرنتو ترسرا کی سمادہی چلایمان نہوئی اور لبسی سے آد
لیکر اپسرا تہکت ہوکر اندر کے پاس جاکر کہنے لگین کہ ہے مہاراج ترسرا کے تپ کا ہم سے بگہن نہین ہوتا اندر یہہ بات
سُنکر مَون ہوگیا +

دوسرا ادہیائے چہٹے اسکندہ سری مدبہاگوت مہاپُران ہر دلو کرت بہاشا کا جسمین ترسرا
کا بدہ اندر کے ہاتہہ سے اور اوسکے تینون سرون کا کاٹا جانا تکش کے ہاتہہ سے اور تکش کو
جگ مین بہاگ ملنے اور اندر کی برہم ہتیا کو پرآپت ہونے اور برتراسُر کے اُتپت ہونیکا اکہیان ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اندر ترسرا کے سمیپ گیا اور اوسکو سمادہی مین پرورت دیکہکر ایک بجر اوسکے مستک پر مارا
کہ اوسنے سورچہا کہا کر پران چہوڑ دیئے اور ہاہاکار ہونے لگا برہمنون نے اندر سے کہا کہ یہہ برہم ہتیا تو نے کیون کری
بنا اپرادہ تینے ترسرا کو مارا اور ترسرا کے تپ کے تیج سے مرتک سر پر اوسکا اندر کو بہے بہیت دیکہنے لگا اندر نے اپنے من
مین سوچا کہ ایسا نہو کہ ترسرا پہر جیون ہو جائے اور میرا راج چہین لے اندر نے ایک تکش (ترکہان) سے کہا
کہ ہے تکش تو اس ترسرا کے تینون سر کاٹ کر مجہے دے تو مین نربہے ہو جاؤن ترکہان نے کہا کہ ہے مہاراج تم نے تو انرتہہ سے

بنا ابراده اسکو مارا ہے مین اب اس مرے ہوئی کو نہین مارونگا جیسے سانپ کی کانچلی کو دیکھکر منکھ بہے وان ہوتا ہے
ایسے ہی تم بہے کر رہے ہو یہہ تو مر گیا ہے اس سے اب تمکو کچہہ بہی نہین کرنا چاہئے اندر بولا کہ جو تینے کہا وہ ست ہی پر نبو مجکو
اس سے ایسا ہی بہرم ہوتا ہے کہ یہہ مرا ہوا پہر جی اوٹھیگا تو اسکا سیس کاٹ دی یہہ میرا بڑا شترو ہے برہم ہتیا کا مین پرایسچت
کر لونگا تو برہم ہتیا سے مت ڈر ترکہان نے کہا کہ ہے مہاراج تم نے تو اپنے راج کے بہے سے اسکو مار امیر اکیا بر یوجن ہے جو مین
اسکا سیس کاٹون پہر اندر بولا کہ ہے تکش تو میرا یہہ کارج کر مین تجہکو جگیہ مین بہاگ دونگا تات پرج یہہ کہ جو ہوتی ہون مین
بنا منتر کے پڑ جائے گی وہ اہوتی تجہکو ملیگی اور تو اوسکا ادہکاری ہوگا ترکہان نے اس بہاگ کے لوبہہ سے مری ہوئے
تر سرا کے تینون سیس کاٹ ڈالے اوسکے تینون مکہار بندون سے ایک پرکار کے پکشی سہنسرون پرتہک پرتہک نکلی جس مکہہ
سے بید پڑہتا تہا اوس سے کلینجر تیتر اور جس سے سرا پان کرتا تہا چڑک تیتر اتہوا چڑیا اور جس مکہہ سے سنسار کے انیک
کارج کئے تہی کلنک تیتر اوتپت ہو گئے اندر یہہ دیکہکر آنند کو پراپت ہو اپنے استہان کو چلا گیا اور بادہی کو جگ مین بہاگ
ملنے لگا اندر کو برہم ہتیا کی چنتا ہو گئی اور تشٹا نے اپنے پتر کا مرن سنکر کرودہ مین آکر یہہ منور تہہ کیا کہ اندر کے مارنے کو
دوسرا پتر اوتپت کرو اس کارن اتہربن بید سے آٹہہ راتری تک ہون کیا جسکے کنڈ سے ایک پورکہہ اوتپت ہوا تشٹا آنند
ہو کر بولا کہ ہے پتر اندر جو میرا شترو ہے اوسکو مارو وہ بولا کہ ہے مہاراج تم کچہہ چنتا مت کرو مین تمہارا پتر ہون تمہارا سوگ
نرورت کرونگا اور مجکو یہہ سامرتہہ ہے کہ ساگر کو پان کر جاؤن اور پربتون کا چورن کر دون اور پرتہوی کو ایک ہاتہہ
مین اوٹہا کر سمدر مین پہینک دون اور اندر آدی دیوتاؤن اور یم راج کو ایک چہن ماتر مین مار ڈالون یہہ سنکر تشٹا بولا
کہ ہے پتر تیرے بڑے بہراتا کو بنا ابراده اندر نے مارا ہی جس سے مین سوگ کو پراپت ہو رہا ہون تو اندر کو مار اب اندر
برہم ہتیا مین بہی لپت ہی اور نانا پرکار کے ششتر اور ایک تہہ رتن جٹت اوتپت کر کے اوسکو دیا اور کہا کہ پرجن جو کہ ہے
اوسکے ناش کرنے کو تو سامرتہہ ہی اس کارن تیرا نام برترا سر بکہیات ہوگا +

تیسرا ادہیا چہٹے اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین برترا سر اور اندر کا یدہ برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن برترا سر نے پہلے تو بید پاٹہی برہمنون سے منترون کی ریت سی اپنی کرشا کرائی لشچات

رنہہ مین بٹھہ راچھسّون سہت (جو اندر نے جیت لیئے تہے اور اب برترہہر کی سیوا مین آگئے تہے) جاکر اندر پوری کو گہیر لیا دوتون نے اندر سے جاکر کہا کہ برترا سُر بڑا بلوان ہے اور وہ راچھسّونکی سینیا لیکر اپنے بہراتا کا بدلا لینے کو آیا ہے اور ہمکو انیک اُتپات راتری کو سُپن مین دکہتے ہین کاگ اور گیدڑ آدھ رات کے سمے رُدن کرتے ہوئے تارا گن کا پتن ہوتا ہوا تمہارے مندر کی دہجا بنا پون کے گر ہی ہے تمہارے مندر کے اندر بہت سی استریان کالے بستر پہنی ہوئی دیکہتی ہین اور بام انگ پہڑکتے ہین اور انیک پرکار کے مہا اَپشگن دکہلائی دیتے ہین اندر نے برہسپت جی کو بلاکر کہا کہ ہے مہاراج تم ہمارے گرو ہو بچار کر بتلاؤ کہ یہہ اپشگن کیون ہوتے ہین برہسپت جی نے کہا کہ ہے دیوراج تم نے جو بنا اپرادہ برہمن کا سیس ہن کیا ہے تم برہم ہتیا کو پراپت ہوئے ہو اب پت کال کا سمے ہے اسکارن تمہارے منتر یونکو اپشگن دکہتے ہین اور جو برترا سُر راچھسّون سہت تم سے جُدہ کو آیا ہے وہ دیوتون سے اجیت ہے اور اُسکی پتا تشٹا نے اُسکو انیک پرکار کے شستر بجر سے آدلیکر تمہارے مارنیکو بہیجے ہین سو اب جُدہ کا سمے ہے تم جُدہ کرو اندر شستر دہارن کرکے جُدہ کرنے کو گیا اور بہت سے برترا سُر کے روپ کو دیکہکر ہے وان ہو گیا جسکی دیہہ پربت سی تہی اور اگنی کی سی لپٹ اوسمین سے نکلتی تہی تب اندر اور انیک دیوتا برترا سُر سے جُدہ کرنے لگے برترا سُر نے اندر سے آدلیکر سمپورن دیوتاؤن کو بہگا دیا جو اپنی امراوتی پوری مین چلے گئے برترا سُر نے اپنی پتا تشٹا سے آکر سب برتانت برنن کیا اور کہا کہ اندر کو مینے بہاگتا دیکہکر نہین مارا پرنتو اُسکے اپراپت ہاتہی کو لے آیا ہون اور جو آگیا کرو سو کرون تشٹا نے کہا کہ اب تو اندر گدّی کے کارن تپ کر اور اندر کا کداچت بسواس مت کرنا برہما جی تیرے تپ سے پرسّن ہوکر بر دینگے برترا سُر اور تشٹا تپ کرنے لگے جنکے تپ کے بگہن کرنیکو اندر نے انیک پرکار کے اوپاؤ کیئے پرنتو اوسکا تپ کہنڈن نہوا اور گندہرون اور اپسراؤن سے اوسکی سمادہی چلائی وان نہوئی ٭

چوتہا ادہیاے چہٹے سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین برترا سُر اور دیوتاؤنکا جُدہ اور دیوتاؤن کی ہار ہونیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا جب ست یُگ تہا ہے وان ہو کہ اندر پوری مین آہت ہوئے اور برترا سُر نے سو برس تک دارُن تپ کیا تب برہما جی ہنس پر چڑہکر برترا سُر کے سنمکہ آکر بولے کہ ہے برترا سُر مین تجہسے پرسّن ہوا جو تجہکو بر مانگنا ہو مانگ برترا سُر نے ڈنڈوت

کرکے کہا کہ ہے مہاراج مجہکو ایسا بر دو کہ کسی شستر استہر کسی دیوتا کے ہاتھہ سے یا کسی سوکہی گیلی کاٹھہ سے میری مرتیو نہو برہما
جی بولے کہ ایسا ہی ہوگا برہما جی یہہ بر دیکر اپنے برہم لوک کو چلے گئے اور برترا سُر نے پرشن ہوکر اپنے پتا کی سمیپ برہما جی کا بردان
سنایا پتا بولا کہ اب تو سیگہر جا کر اندر کو جیت اور اپنے بہراتا کا بدلا اوس سے لے جب تو اندر کو مار کر میرے سنکہہ آویگا
تب مین اتینت پرشن ہونگا برترا سُر انیک پرکار کی سینا ساتہہ لے رتہہ مین چڑہکر دُندبہی بجاتا ہوا اندر لوک مین پہونچا
اور اندر بہی جُدّہ کرنیکو ترکون گدہ بنا کر اور اُس مین استہت ہوکر جدّہ کرنے لگا برترا سُر اندر
کو کہہ مین رکہکر نگل گیا سمپورن دیوتا ہاہاکار اور برلاپ کرنے لگے اور برہسپت جی سے جاکر کہا کہ اندر کی رکشا کرو ہم راجا بنا
اناتھہ ہین برہسپت جی بولے کہ ہے دیوتاؤ اب مین کیا کرون اندر نے جو برہم ہتیا کی تہی اس کارن اندر کو دُکہہ ہوا ہے پرنتو
مین اوپاء کرتا ہون وُسی سے جمہائی کی اوتپتی کرکے منترون سے برترا سر کی اور پریرنا کری جس کرکے برترا سُر کو جمہائی آئی
اور اوس جمہائی سے اوسکا مکہہ پہیلا اندر اوسکے مکہہ سے نکل گیا اور دیوتا آنند کو پراپت ہوئے اور اندر اور برترا سُر کا جدّہ
پہر ہونے لگا دیوتا بہی دوان ہوکر بہاگ گئے اور برترا سُر نے اندر کا راج چہین کر سُرگ سے سب دیوتاؤنکو نکال دیا اور سب
پہونچ اور بہمان ایراپت اور کامدہین گئو سے آدلیکر لیا اور اپنے پتا سے آکر سب برتانت برنن کیا اور دیوتاؤن نے
برہما جی کے پاس جاکر اپنا دُکہہ کہا اور پہر کیلاش پر شیوجی کے پاس جاکر اپنا دُکہہ برنن کیا شیوجی نے کہا کہ ہے دیوتاؤ یہہ
کلیش مجہہ سے نروُرت نہوگا سری بشنو کے پاس چلو سو برہما کو آگے رکہکر سمپورن دیوتا بیکنٹہہ مین سری بشنو بہگوان
کے سرن جاکر استُتی کرنے لگے سری بشنو بہگوان پرشن ہوکر بولے کہ تم کچہہ بہے مت کرو تمہارے بہے کا ناش ہوگا
پہر دیوتا سری بشنو بہگوان کے سنکہہ ستہت ہوئے +

پانچوان ادہیاء چہٹے اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپُران ہر دیوکرت بہاشا کا
جسمین دیوتاؤنکا بہگوان کی آگیا سے سری بہگوتی سے برپانیکا برنن ہی

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن سری بشنو بہگوان بولے کہ ہے دیوتاؤ جو تمہارا منورتہہ ہے سو مجہہ سے کہو دیوتا بولے کہ ہے
مہاراج تم انترجامی ہو سمپورن کا رج گپت اور پرگہٹ کو جانتے ہو ہم کیا کہین سری بشنو بہگوان نے کہا کہ ہے دیوتاؤ
تم نامیرج کرو اب مین تمہارے دُکہہ نروُرت ہونیکا اوپاء کرتا ہون تما شتر مین بلوان شترو کے ناش کرنیکو چار

پرکار کے اوپا لکھی ہین - شام دام ڈنڈ بہید - سو تمہارا شتر و ٹرا بلوان ہے اور برپا کر وہ گربہ وان ہو رہا ہے اب تمکو
اوس سے ملاپ کرنا جوگ ہی تم برترسر سے ملاپ کرو اور جو ہونہار ہے وہ اپنا کال پاکر ہوتا ہی سو تم کپٹ اتھوا چھل سے
برترا سر کو بسواس کراؤ اور جب ہمے اُسکے ناش ہونیکا آویگا مین بہی اس ہمے اندر کے بجر مین پرویش ہوکر تمہاری سہاے
کرونگا اور جب تم جاؤ تو آگے سب دیوتا ہوکر اندر کو پیچھے کرلیجو نیاء شاستر مین پرمان ہے کہ جو شترو سٹھہ بہی ہو پرنتو
بلوان اور بروان ہووے سکا چھل سے ناش کرنا اُچت ہی دیکھو مینے انیک دیتیو سکا چھل سے ناش کیا ہے جیسے راجا بل کو
چھل سے بس کرا پرنتو استوترون سے پہلی سری بہگوتی کا دہیان کرکے سنکھہ برترا سر کے جاؤ تمہارا کارج پورن ہوگا ہی دیوتاؤ
جب مدہو کیٹب کا مینے ناش کیا تہا اور پانچ برس تک دارن جدہ ہوا تہا تب مینے سری بہگوتی کا دہیان کرا جب اُسکو مارا
ایسے ہی تم بہی میرو پربت کے سکہر پر جاکر پرم بہگوتی کا دہیان اور استتی کرو برترا سر کو مارو گے دیوتاؤن نے میرو پربت
پر جاکر ایسی سری بہگوتی کی استتی کری (دیو استتی) ہے مہا مایا اس ہمے ہماری اس سنکٹ روپی پاپ کا جلدی پرکار ناش
کرو تم سرب بسوؤن کی جننی ہو ہم سب دیوتا بید اور پران کے انسار پرگہٹ تمہارے پتر ہین سو ہماری اپرادہ کو چہتون
مت کرو ماتا سدیو کال کپوت پتر وزیر بہی دیا کرتے ہیے ہے ماتا تین لوک مین یہہ پرسدہ ہی کہ برہما بشنو مہیش تمہاری
ہی شکتی بیرج پراکرم سے کارج کرتے ہین اور ہے مہا مایا جس ہمے مہکا سر نے دیوتاؤن کو دُکہہ دیا تہا اوس ہمے تم نے بہینکر
سروپ ہوکر اوس دُشٹ کا ناش کیا تہا اور ہے ماتا تم نے شمبہہ نشمبہہ کا اُسکے بہائیون سہت ناش کیا تہا انہین بہجاؤن سے
اس برترا سر کا بہی ناش کرو اور ہی مہا مایا برترا سر کے بل سے ہم سمپورن دیوتاؤن کے بہاگ کا ناش ہوا اور اندر پوری سے ہم
نکالے گئے اور برترا سر اندر پدوی کو پراپت ہی اور ہے ماتا اس ہمے ہم تمہارا پوجن بہی کرنے کو سمرتہہ نہین ہین گند
دہوپ دیپ بہی سنچے نہین کرسکتے کرپا کرکے کیول ایک ہماری ڈنڈوت کو ہی اپنا پوجن مان لو اور وے منکہہ دہنی ہین
جو تمہارے چرنار بندون مین چت لگاتے ہین وہ کیسے تمہارے چرنار بند ہین کہ یہہ سنسار روپی جل مہا پرل ہے اوسکے
ترنیکو نوکا روپ ہین انیک جوگی جن تمہارے چرنار بندو نکا دہیان کرکے اس سنسار ساگر سے پار اُتر گئے اس پرکار دیوتاؤنکی
استتی سنکر سری بہگوتی نے پرسن ہوکر مہا سندر منوہر روپ سے پرتکش درشن دیئے جس روپ کو انوپ دیکہکر سب دیوتا
موہ کو پراپت ہو گئے اور سری بہگوتی مدہر منوہر بچن بولین کہ ہے دیوتاؤ تم ہے مت کرو اب تمہارے دُکہہ نروِرت ہونیکا
ہمے ہی پشچات دیوتا سری بہگوتی جی کے چرنون مین سیس نواکر سنکھہ کہڑے ہوئے اور سری بہگوتی نے کہا کہ ہے دیوتاؤ

جو تمہارا منورتہہ ہو تم مانگو مین دونگی دیوتا بولے کہ ہے ماتا اس برتراسر کا ناس کرو یہہ ہی ہمکو بردان دو سری بہگوتی بولین کہ تتہاستو یہہ کہکر انتردہیان ہوگئین +

چہٹا ادہیا چہٹے اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین دیوتاؤن کے یدہ کپٹ سی برتراسر کے ناس ہونیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن دیوتا ہر کے پاس سے آنند ہو کر برتراسر کے سمیپ گئے اور برتراسر کے تیج کو دیکہکر بہی بہیت ہو پریہ بچن کہنے لگے کہ ہے راجا برتراسر تمہارے تیج سے سمپورن لوک بہیمان ہین اور تینون لوکون مین اب تم سے اشیش کوئی بلوان نہین ہے تم اندر کے ساتہہ پریت کرو ہم سب اندر سہت تمہارے اگیاکاری ہین اور تم سکہہ پوربک سنگہاسن پر استہت رہکر جدہ کی منسا ست کرو سنگرام مین جو چہتری مرتا ہوتا ہے وہ سرگ کو جاتا ہے تم تو سرگ کے ہی راجا ہو تم دیا کرنے کو ہی جوگ ہو جدہ مین جے پراجے ہاتہہ دیئو کے ہی اور تمہاری تیج سے پرجا بہی بہیت ہو رہی ہے تم اب شانتی روپ ہو کر پرجا کا پالن کرو اور ہم سمپورن تمہاری آگیاکاری ہین ہمارے بچنو مین بسواس لاکر پالنا کرو اور سب دیوتا اور گندہرب تمہارے تیج سے پیڑا کو پراپت ہین جس پرکار تمکو بسواس ہو وہ کہو جو ہمکو سوگند کرنے کو کہو تو ہم سوگند کرلین جسمین تمہاری پرشنتا ہو سو کہو ہم ست کہتے ہین اسمین کچہہ سنشے مت مانو اور ہمارے بچن کو ستہا ست جانو یہہ بچن سنکر برتراسر بولا کہ ہے دیوتاؤ تم بڑے کپٹی ہو مجہکو تمہارے بچنون مین بسواس نہین آتا اور یہہ اندر برہم ہتیا مین لپت ہے پہر کیسے مجہے بسواس ہو دیوتا بولے کہ ہے سری مہاراج جو بسواس گہات کریگا وہ آپ ہی ہوگے گا ہم سب تم سے پرارتہنا کرتے ہین کہ تم پریت لاؤ برتراسر نے کہا کہ ہے دیوتاؤ مین تم سے کیون ملاپ کرون مین نہ کسی شستر سے نہ کسی دیوتا اور دیئیت کے ہاتہہ سے نہ کسی کاٹہہ سو کہے گیلے سے نہ راتری نہ دن مین مر سکتا ہون پہر مجہکو کیا بہے ہے جو ملاپ کرون دیوتا بولے کہ ہے سری مہاراج تم تیج ونت اور تپسی ہو اندر بہی تمہارے سنگہہ بیٹہا ہوا ہے اور یہہ اگنی دیوتا استہت ہے اسکے سنمکہہ جو سوگند ہمکو دلائی ہو دلالو یہہ بچن سنکر برتراسر کو پریتیت ہوئی اور بسواس لاکر دیوتاؤن سے پریت کرنے لگا تب اندر اور برتراسر کی اتینت پریت ہوگئی ایک استہان مین رہنے لگے پرنتو اندر اپنے من مین کپٹ اور چہل سے برتراسر کے ناش ہونیکا کال کو چنتون کرتا رہتا ایک دن تشٹا نے اپنے پتر برتراسر کو

لگاکر سمجھایا کہ ہے پتر اندر کے بجھنو نمالبسوا من مت کر وہ تیرے ناش کرنے کی چنتا اپنے من مین کرتا ہی تو سا وہان ہو اور
اندر کے جو اُپدیش کرتا ہین وہ بہی ایسے ہی چہلتا ہین جیسا اندر ہو اور ابہی اندر کی نینت بدہی پر استری مین ہے
اور یہہ اندر ایسا اپرادہی ہے کہ جسنے اپنی ماتا کے گربہہ کے اونچاس ٹکڑے کرکے گربہہ کا ناش کیا تہا پہر ایسے پاپ کرنے
مین کچہہ لجا نہین اور اُسکے اُتپات کہان لگ برنن کرون انیک پاپ اُسنے کیئے ہین تشٹا نے برترا سُر کو نانا پرکار کا بودہ
کرایا پرنتو مہامایا کی کرپا سے اُسکو کچہہ بودہ نہوا ایک دن سمندر کے سمیپ برترا سُر لیلا اتر گیا وہ ہمی سندہیا کال کا تہا برترا سُر
سندہیا بندہن کرنے لگا اور اندر اپنے من مین کہنے لگا کہ یہہ سمے اُسکے مرتیو کا ہو کہ نہ راتری ہے نہ دن ہے اس کال
مین نشچے مہامایا کی کرپا کرکے ناش کرونگا سو اندر یہہ سوچ کر اکیلا ہی شستر دیکہنے لگا پرنتو کوئی شستر نا اپنے بجر کے او سکی
درشٹ نہ پڑا تو وشنو بہگوان کا دہیان کیا اور چہن ماتر مین سری وشنو بہگوان سنکہہ اندر کے پرگہٹ ہو کر اندر کے بجر مین
پروش ہو گئے تب اندر نے اپنے من مین برہما جی کے اُس برکو جو برترا سُر کو ہوا تہا کہ کسی شستر سے نہ مارا جاوٴنگا سو چکر سمدر کے
جہاگ کو بجر سے لپیٹ کرکے اور ہیرا آدک رتن بجر کی نوک مین لپیٹ کر اور سری مہامایا کا دہیان کرکے برترا سُر کے سیس پر مارا
جس سے برترا سُر کا سیس بہن ہو گیا اور ایسا شبد ہوا جیسے پربت ٹوٹ کر گرتا ہے اندر بڑا آنند اور پرسن ہوا اور سمپورن
دیوتا ہرکہہ وان ہو کر اندر کی استتی کرنے لگے اور پشچات سری بہگوتی مہامایا کی انیک استرون سے پوجن کیا اور ایک
مورتی سوبرن سے سری بہگوتی کی بنا کر استہاپن کری اور ترکال پوجن اُس مورتی کا سرب دیوتاوٴن نے اُسنو سہت کرکے
اُسی کو اپنا کل دیوتا مانا اور گندہرب گان کرنے لگے اور اپسرا نرت کرنے لگین اور دیوتا پشپونکی برکہا کرنے لگے اس پرکار
برترا سُر کا سنہار کرکے جہاگون سے سری وشنو بہگوان کی سہایتا سے اندر نے ناش کیا اور اُس سری بہگوتی مورتی کا نام برت
تہتری دیوتاوٴن نے کلپت کیا +

ساتوان ادہیاے چہٹے اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین اندر کا نال کنول مین گپت ہو جانا برہم ہتیا کی بہے اور راجا نہش کا اندر آسن پر بیٹہنا اور اندرانی کی چہا کرنیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن برترا سُر کے مرنے کی پشچات دیوتا اچنچ کو اور اندر چنتا کو پراپت ہوا اور سرب دیوتا اور رشی کہنے لگے
کہ اندر سہت ہمنے برترا سُر سے سوگند کہائی اور اگنی کو ساکشی کری تہی اور پہر چہل کرکے برترا سُر کو مارا یہہ بڑا انرتہہ ہوا

اور تینوں نے ساکشات ستوگنی مورت ہوکر جل مین پرویش ہوکر اندر کو برہم ہتیا مین لپت کرایا اور تشٹا نے اپنے پتر کی مرتو سنکر بڑی چنتا کری اور اپنے پتر کی کریا کی اور اندر کو شاپ دیا کہ تینے جو میرے پتر کو بنا اپرادہ مارا تو بھی ایک پرکار کے کلیسونکو بھوگ اور اندر برہم ہتیا مین لپت ہوکر مہا سوگ کو پراپت ہوا راجا جنمیجہ نے بیاس جی سے پوچھا کہ ہے مہاراج اندر کی پھر کیا گتی ہوئی بیاس جی بولے کہ ہے راجن جب آپت کال آتا ہے تب استری اور پتر بندھو سب بیگانہ ہوجاتے ہین اور دیو بھی بام بھاگ ہوجاتا ہے اور متر شترو ہوجاتے ہین سو اندر برہم ہتیا کو پراپت ہوکر اپنے استہان کو گیا اور ست دیوتا اور منیشر اکٹھے ہوکر سوچ کرنے لگے کہ اب کیا اوپاو کرین کہ برتر ہمارا دہرم سے ہتیا گیا اور اندر کو برہم ہتیا لگی ہے پہلے تھوڑی تھوڑے اپرادہ سے انیک راجون نے شاپ کے پھل سے دکھ پایا ہی جیسے راجا نرگ نے گرگٹ کی جون اٹھارہ جگ تک بھوگی اور لشنو بھگوان نے بھرگو منی کے سیس کاٹنے سے شاپ کو پراپت ہوکر انیک جونین مچھ آدک کی بھوگین اور سری رامچندر اوتار مین انیک کلیس بھوگے پشچات اندر کو اندرانی نے چنتاوان دیکھکر پوچھا کہ ہے مہاراج تمکو چنتا کس کارن ہے اندر بولا کہ ہے پریا میرا کوئی شترو بھی بلوان نہین ہے اور کچھ سوگ بھی نہین ہے پرنتو برہم ہتیا کی مجکو چنتا ہے جس سے مجھکو اندر پاٹھا بھائی نید ہو کوئی پریا نہین لگتا اس ہیسے تو بھی مجھکو پریا نہین لگتی یہہ کہکر اندر راج سنگھاسن سے اٹھکر مان سرووَر مین جاکر نال کمل مین چھپ گیا اور دیوتا گند ہرب شی اندراسن کو شونیہ دیکھکر کہنے لگے کہ اب اندر بنا کیسے راج کاج ہوگا اور اتپات ہونگے اور سب نے آپس مین متا کرکے راجا نہش کو شبھ لگن مین اندر آسن پر بٹھلا دیا راجا نہش نے اندر آسن پاکر پرم آنند ہو شچی اندرانی سے کہا کہ اب مین اندر ہون تجھکو میری رانی ہونا جوگ ہے سب دیوتاؤن نے راجا نہش کو سمجھایا کہ ہے راجن تم اپنے من مین وچار کرو جو تم کہوگے سو کرینگے اور شچی نے برہسپت جی سے جاکر کہا کہ ہی مہاراج اس راجا دشٹ سے میری مہما بنا کرو اور میری لجا رکھو برہسپت جی نے کہا کہ ہے شچی تو چنتا مت کر اور تو میرے آشرم مین استہت رہ سری بھگوان تیرا دکھ نرورت کرینگے ٭

آٹھوان ادھیائے چھٹے اسکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہر دیو کرت بھاشا کا جسمین راجا نہش سے اودی مانگ لینی اندرانی کا اور سری بھگوتی کے آرادھن سے اندرانی کو پتی پراپت ہونیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن راجا نہش نے کامدیو کے بس ہوکر گرودہ سے سمپورن دیوتاؤنکو بلا کر کہا کہ ہے دیوتاؤ میری آگیا

کو ہٹ مت کرو دیوتا بولے کہ ہے راجن پرداراین رُت پریت کرنا بڑا انرتھہ ہے اور پت والی استری کو دوسرا پت کرنا
اینچت ہے اندرا بھی مرتیو کو پراپت نہین ہوا ہے اُسکے ہوتے ہوئے اُسکی استری کو پرپُرش کے پاس جانا جوگ نہین ہے
نہش کرودھ سے بولا کہ ہے دیوتاؤ مین بھی جانتا ہون کہ شاستر مین پردارا کے ساتھہ رت کرنا ادھرم ہے پرنتو دیکھو کہ اندر
نے گوتم رکھی کی استری کے ساتھہ اور چندرمان نے برہسپت جی کے استری کے ساتھہ کیا چرتر کیا تھا تم دیوتا اورون کے ہی سمجھانے
کو ہوا اب مین سمے کا راجا اندر ہون شیگھر شچی کو لاکر مجھے دو دیوتاؤن نے کہا کہ اچھا ہم جاتے ہین اور شچی کو لاتے ہین
اور دیوتاؤن نے برہسپت جی سے جاکر کہا کہ ہے مہاراج راجا نہش شچی کو اپنے پاس بلاتا ہے اور کرودھ کو پراپت ہو رہا ہے
برہسپت جی بولے کہ ہے دیوتاؤ تم بدوان ہو بچارو کہ اندرا بھی بدمان ہے اوسکے جیوتے ہوئے شچی اَنیہ پُرکہہ کے سمیپ کیسے
جائے یہہ بات اینچت ہے اب تم اندر کے لانیکا اوپائے کرو اتنے مین راجا نہش بھی برہسپت جی کے پاس آکر مسکان کرکے کہنے لگا
کہ ہے برہسپت جی تم میرے بچن کا پالن کرو اور جو دیوتا تم سے پرارتھنا کرتے ہین اوسکو مانو اور شچی سے نہش بولا کہ ہے
شچی مین تیرے روپ کو دیکھکر بڑا پرسن ہون اور اب مین اندر آسن پر ہون تو مجھکو اپنا پتی مان لے شچی نے کہا کہ ہے راجا
جو تم نے کہا ست ہے پرنتو میری یہہ پرارتھنا تم مان لو کہ تھوڑے کال تم دھیرج رکھو مین یہہ نشچی کر لون کہ اندر جیوتا ہے
اتھوا مر گیا پھر مین تمہاری اچھا پورن کرونگی راجا نہش پرسن ہو یہہ کہکر چلا آیا کہ اچھا تیری اچھا مین مانتا ہون اور دیوتاؤن نے
سری بشنو بھگوان سے بیکنٹھہ مین جاکر استتی کرکے کہا کہ ہے مہاراج ہے جگناتھہ ہے پرمیشر اندر گپت ہو رہا ہے اور ہمنے
بہت اوپائے کیئے اُسکا کچھہ ٹھکانا نہین پایا کرپا کرکے بتلاؤ کہ اندر کہان اور کس استھان مین گپت ہو رہا ہے سری بشنو بھگوان
بولے کہ ہے دیوتاؤ تم اشومید جگ کرو اوسکے پھل سے اندر برہم ہتیا سے نرورت ہوکر پرگھٹ ہوگا اور اشومید جگ مین شاکشات
سری بھگوتی کا بیج منتر سے دھیان کرو اور شچی سے کہو کہ بھونیشوری جی کا دھیان کرے اندر اوسکو ملیگا دیوتاؤن نے
اشومید جگ کری اور اوس برہم ہتیا کے پانچ بھاگ کرکے برکشون اور پربتون اور ندیون اور پرتھوی اور استریون کو بانٹ
دیئے اور پھر اندر برہم ہتیا سے نرورت ہوگیا پرنتو ادرشٹ نال کمل مین ہی استھت رہا اور دیوتا اپنے اپنے استھانون کو
چلے گئے اندرانی نے برہسپت جی سے کہا کہ ہے مہاراج برہم ہتیا کے نرورت ہونے کو دیوتاؤن نے جگ بھی کیا اور برہم ہتیا کے
پانچ بھاگ بھی کردیئے پرنتو اندر میری درشٹ مین نہین آیا کرپا کرکے ایسا اوپائے کرو جو اندر درشٹی مین آوے برہسپت جی نے
شچی کو یہہ اپدیش کیا کہ تو سری بھگوتی جی کا دھیان کر وہ پرم شیوا تیرا کلیان کریگی اور راجا نہش کے موہ کا وہ مہامایا ناش

کر کے تمہارا کلیان کرینگی شچی نانا پرکار کی سامگری اکٹھی کر کے پوجن اور آرادھن سری بھوتیسری جی کا کرنے لگی تھوڑے
کال پیچھے سری بھگوتی شناکشات مہنس کے اوپر چڑھکر پرم منوہر روپ کروڑون سورج کا پرکاش نیترون مین اور کوٹون چندرمان
کیسی سیتل تائی دھارن کرے ہوئے سنمکھ پرتکش درشن دیکر بولین کہ ہے شچی جو تیرا منورتھ ہو سو بر مانگ اس سمے
تجھکو دونگی شچی ہاتھ جوڑکر بولی کہ ہے سری مہارانی مجھکو پت کے درشن کی ابھلاکھا ہے مجھکو اندر کے درشن ہون
اور یہہ بھی جانون کہ کس استھان مین گپت ہو رہا ہی اور اوس راجا نہش نے جو کلیش دے رکھا ہے اوسکا ناش ہو یہہ بردان
دو سری بھگوتی جی نے پرشن ہوکر کہا کہ تو کچھ چنتا مت کر تو مان سرووَر مین جا وہان میری اچل مورتی ہی اوسی
استھان مین اندر گپت ہے تجھکو درشن اندر کے ہونگے اور تو دھیرج رکھہ راجا نہش کا ناش ہوگا اندر اپنے ادھکار کو پراپت
ہوگا یہہ کہکر بھگوتی انتردھیان ہوگئین اور شچی اوس استھان مین جہان اندر گپت ہو رہا تھا گئی اور اپنے پتی کے درشن کئے

نوان ادھیاء چھٹے اسکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہردیو کرت بھاشا کا
جسمین راجا نہش کا منیوں کو سنگھاسن مین لگا کر چڑھنی اور اگست جی کے شاپ
سے سرپ ہو جانے اور اندر کے سنگھاسن پر استہت ہونیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اندر شچی کو دیکھکر بسمے کو پراپت ہو بولا کہ ہے پریا تجکو یہہ استھان کسنے تبلایا اور تو یہان
کیسے آئی شچی بولی کہ ہے مہاراج مجھکو سری بھگوتی جی نے یہہ استھان تبلایا اور اونکی ہی کرپا سے یہان آئی ہون
دیوتاؤن نے تمہارے آسن پر راجا نہش کو بٹھلا دیا ہے اور وہ پاپ بدھی سے میرے برنے کی اچھا کر رہا ہے سو
مہاراج مین اس سمے یہان آئی ہون اور کوئی میرا سہائک نہین مین کیا اوپاے کرون اندر بولا کہ ہے پریا یہہ کال آپت کا ہے
تو اپنی سیلتائی سے ستہت رہ مین بھی اس سمے نربل ہون اور یہہ راجا نہش اپنی پاپ بدھی مین جو لپت ہو رہا ہے
اور دیوتاؤن نے اوسکو اندر آسن پر ستہت کیا ہے وہ گربھ مین آیا ہوا ہے تو اپنے کال کو بتیت کر شچی بولی کہ ہے مہاراج
مین اپنے چت مین بہت سا دوکھی ہون پنتو نہش کی پاپ بدھی سے کلیش ہی ہے اوسکا کیا اوپاے کرون اندر نے
کہا کہ پر تھم شاستر کے پرمان استری کا سیل سوبھاو سے رہنا اوچت ہے اور جو راجا نہش تجکو اپنے بل سے کام دیو کے بس ہوکر
دکھہ دے تو تو اپنے سیل سوبھاو کر کے موہ کو پراپت کر وہ کام دیو سے اندھا ہو رہا ہی تیرے کومل بچنون سے موہ کو پراپت

ہوکر بشواس کرائیگا پہر تو اس سے پہ ادہتہا کرنا کہ وہ اپنی باہن مین منیونکو لگاوے ایسا کرنی پر اسکا نسچی ناش ہو جاویگا اور
سری بہگوتی تیری سہایتا کرینگی پہ نتو وہ راجا بہی بڑا بدہو آن پہلی تو سوگند دیکر بشواس کر لینا شچی یہہ بات سنکر راجا نہش کے پاس
گئی راجا نہش اوسکی سندر سروپ کو دیکہکر سوہت ہو کہنی لگا کہ ہے پریا تیرے آنے سے مجہکو بڑا آنند ہوا اس سمے
تیرے کومل بچن بڑے پریہ لگتے ہین تو بہی میرے بچنونکو انگیکار کر شچی بولی کہ ہے مہاراج تم اس سمے دیوراج ہو تم بہی
میرے بچنونکا پرتی پال کرو جو مین اس سمے مانگون وہ مجہکو دو راجا نہش آنند کو پراپت ہو کر بولا کہ ہے پریا جو تو کہے گی سو پورا
کرونگا شچی بولی کہ تم سوگند کہاؤ تو مین کہون راجا نہش بولا کہ ہے کلیانی جو تو مانگے گی وہ دونگا کبہی انتہا نہ کرونگا اور
جو کرون تو جو پن دان مینے کرے ہین وہ نسپہل ہون شچی نے کہا کہ ہے مہاراج اندر تو ہستی اور رتہہ پر استہت ہوتا تہا اور
سری شنو بہگوان گرڑ پر اور شنکر جی بیل پر اور برہما جی ہنس پر اور سوامی کارتک جی مور کے اوپر اور سری گنیش جی موسے
پر استہت ہوتے ہین سمپورن باہن سب دیوتاؤن کے ہین تم دیوتاؤن کے راجا ہو تم ایسے باہن پر جو کسی دیوتا کا نہوا ور
جسکو مین کہون اوس پر ستہرہو تب میری پرستہا ہو نہش نے کہا کہ جس باہن پر تو کہیگی مین اوسی پر چڑہ ہو نگا اوسکے کہنی مین تو ملمبہ نکر
شچی بولی کہ ہے مہاراج تم سب رشیونکو اپنی سنگہاسن کے نیچے لگا کر اور اوسپر چڑہکر میرے پاس آؤ تو میری پرتیت تم سے بشیش
ہو نہش نے کہا کہ ایسا ہی کرونگا اور نہش نے سمپورن رشیونکو بلا کر کہا کہ ہے منیو جو تم میری پالکی کے نیچے لگو تو میرا بہلے پرکار
منورتہہ پورن ہو سب رشی بولی کہ بہت اچہا جو تم آگیا کروگے وہی ہم کرینگے اور راجا نہش اگستی آدلیکر سب رشیون کو
اپنی پالکی مین لگا اور کام دیو سے اندہا ہو یہہ کہتا ہوا چل پڑا کہ سرپ سرپ (جلدی جلدی) اور اگستی جیکی سیس کے اوپر پانو
لگایا اگستی جی نے کوپ کر کے کہا کہ مینے باتاپی کو بہکشن کر لیا اور سمدر کا آچمن کر گیا اب تو اس سمے کام آتر ہو کر سرپ سرپ کرتا
ہے جا موڈہ تو سرپا ہی ہو جا اور سہنسرون برکہہ لگ دکہہ بہوگ پشچات سرگ کو پراپت ہو کر اور جنم لیکر راجا جدہشٹر کے درشن
پا کر تو گتی کو پراپت ہوگا راجا نہش اگستی جی کے شاپ سے سانپ ہو کر پرتہوی پر گر پڑا پشچات برہسپتا جی سب دیوتاؤنکو ساتہہ
لیکر مان سروور پر جہان اندر لوپ تہا گئے اور اندر سے کہا کہ ہے اندر تو بہے مت کر اوس دشٹ راجا نہش کا ناش ہو گیا اب
تو چل اور اندر کو ساتہہ لاکر اندر سنگہاسن پر ستہت کیا سمپورن دیوتا آنند اور سکہہ کو پراپت ہوئے اور اندرانی سری
بہگوتی جی کی بہگتی مین پارائن ہوئی بیاس جی بولے کہ ہے راجن پر ترہ سرکی یہہ کتہا تہی جو مینے برنن کری ✣

دسوان ادہیا چہٹے اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران بہردیوکرت بہاشا کا جسمین کرمونکی بہوگ کا برنن ہے

راجا جنمیجہ نے پہر سری بیاس جی سے پرشن کیا کہ ہے مہاراج اندر دیوتاؤن کے راجا نے اپنے استہان سے بہرشٹ ہوکر ایسے کلیش اور دُکہہ کس پاپ کے کرنے سے پائے اور اوسکو برہم ہتیا کس پاپ سے لگی یہہ میرا سندیہہ نروت کرو بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن مین تم سے بستار پوربک برنن کرتا ہون چت دیکر شرون کرو کہ شاسترمین تین پرکار کے کرم کہے ہین۔ سنچت برتمان پراربدھ انیک جنمون کے کئے ہوئے کرم کا اکٹہا ہونا سنچت کہلاتا ہے اور وہ کرم بہی تین پرکار کے ہین۔ ساتکی راجسی تامسی اشُبہہ اتہوا شُبہہ اوس کرکے اندر سے آولیکر سب ہوگئے ہین اور جنم جنم کے جو سنچت ہوئے کرم ہین وہ کسی اوپاے ناش نہین ہوتے کوٹون کلپون تک بہی وہ بنے رہتے ہین اور کریامان اور اکریامان کرم ہین۔ کریامان وہ کرم ہے جسکی منکہہ کوگیان ہو جان کر کرے اور اکریامان وہ ہے جو انجان ہو جائے اور برتمان کرم وہ ہی جو اچہا کرکے کرے اور اُس کرم کے بہوگنے کی اچہا کرے سو ہی راجن کرم بہاو کے لکش بہت سے برنن کئے ہین پر مینے تم سے تہوڑا کرکے برنن کیا ہی سو یہہ سمپورن کرم سنچت کہلاتے ہین اور دیہہ ارنبہہ کی سمے جیسے کرم ہوتے ہین ویسے ہی دیہہ پراپت ہوتی ہے اور پراربدھ کرم کیول اگت اتّہا کی پریت اور اوسکی کرپا بنا ناش نہین ہوتے سو ہی راجن پچہلے جنم کے کرم اس جیو کو اوش بہوگنے پڑتے ہین جیسا کرینگا ویسا ہو گیگا دیوتا منش یکشی اسُر گندہرپ کنّر اپنے اپنے کرمونکی بہاوی سے پدوی کو پراپت ہین جس سمے کرمونکا ناش ہو جاتا ہے اوسی سمے جنمونکا ناش ہوجاتا ہے برہما رودر اندر سے آولیکر سب اپنے اپنے کرمون مین لپت ہین جب یہہ منش کرمون سے رہت ہو جاتا ہے تب کیول شدّہ سروپ ہوکر سری امبا جی کے چرنون مین لے ہو جاتا ہے اور جنم کا مرن کال مہا پربل ہے سو ہی راجن جیسے اندر کے انیک جنم ہوئے اور پاپ کی سماگم سے اُسنی انیک جنم کے کرمونکو بہوگا ایسے ہی سری نرنارائن نے مہاپرم تپ کیا اور اپنے کرمون کے بہند مین پہنسکر کرشن ارجن جنم کو پراپت ہوئے اور انیک پرکار کی لیلا کی اور دیوتاؤن اور رشیون کے انسون سے جو جو چرتر ہوئے اور انیک سنکٹ ہوئے ہین نرنارائن نے کرشن ارجن ہوکر اُنکا ناش کیا ہے منکہہ اپنے کرمون کے آدہین دُکہہ سُکہہ بہوگتا ہے سو ہے راجن تمہارے تمامہ پانڈون نے پورب جنم مین جو کرم کئے تہے اُن جنم مین بہوگے اور دیوانش ہوکر پانڈو سری کرشن کی سہایتا سے انیک دُکہہ بہوگ کر پہر راج کو پراپت ہوئے اور پہر کرمون سے نرورت ہوکر پرم پد پایا ایسے ہی نرنارائن نے نرویہہ مین آکر بدرکاسرم مین انیک چرتر کئے سو ہی راجن یہہ

جیو کرسونکی پر لبتائی سے اینک دکہہ سکہہ بہوگتا ہے اور باسدیو بہگوان نے اپنی کرمون سے بندی سالامین جنم لیا اور
نندجیو وہا کے گہر گوکل مین پرگہٹ ہوئے اور گوکل مین پراپت ہو کر سری بہگوان متہرا مین آئے پہر کنس کو مارکر اپنی
ماتا پتا کو بند سے چہوڑا کر اوگرسین کو راج گدی پر بٹہلا متہرا کا راج کیا پہر کال جون کی بہے سے متہرا کو چہوڑ کر دوارکا
مین جاکر رہے اور سری کرشن کے بہار یاؤنکو بہیلون نے لوٹا ارجن کچہہ سہایتا نہ کرسکا اور اپنی کرمون سے سمپورن جادون کا
پربہاس چہیتر مین ناش ہوا اور پہر مہاراج بیادہ کے بان سے آپ ہی انتردہیان ہوئے اور تمہارے پتامہہ نے ناپرکا
کا گیارہ برس تک کلیش ہوگا سو ہے راجن یہہ کرمونکا بہوگ اندر سے آدلیکر سمپورن دیوتا بہوگتے ہین +

گیارہوان ادہیاے چہٹے اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران بردیوکرت بہاشا کا جسمین کلجگ کے دہرم اور سری بہگوتی کے نام کا برنن ہے

راجا جنمیجہ نے پہر پرشن کیا ہے بیاس جی مہاراج مجکو بڑا سندیہہ ہے کہ پرتہوی گئو کا روپ دہر کے دواپر کے انت مین
برہما جی کے سرن گئی اور برہما جی اشنو کے پاس گئے اشنو نے اوتار لیکر بسدیو جی کے گہر سری کرشن بلدیو کا جنم لیا اور پہر
اینک دیتیونکا ناش کیا اور ورونا چارج اور بہشم پتامہ اور راجا درپد کا ناش کرایا سری کرشن جی کے استریونکو بہیلون نے
لوٹ لیا سری اشنو بہگوان نے پہلے ہی ان دشٹونکا ناش کیون نہ کردیا اور کل جگ کی سمپورن پرجا تمنی پاپ روپی برنن
کی کل جگ مین کیون پرجا پاپ روپی ہوئی بیاش جی نے اوتر دیا کہ ہے راجہ بہگوان نے جس جگ مین جو دہرم کرنی جوگ
تہے ویسا ہی چرتر کیا ست جگ مین کیول دہرم کے نمت جیوونکی اتپتی ہوئی اور تریتا مین دہرم ارتہہ کے نمت اور دواپر مین دہرم
ارتہہ کام کے نمت اور کل جگ مین کیول اپنے سوارتہہ روپی کامنا کرکے اوتپت ہوئے سو ہے راجن جس جگ مین جو دہرم
ہے ویسے ہی چار پرکار کی اوتپتی ہوئی راجا جنمیجہ نے پہر پوچہا کہ ہے مہاراج ست جگ مین تمنی جیو دہرمشٹہی اور تریتا
اور دواپر مین دان اور نیم کی برتی اور کلجگ مین کیول کہوٹے کرم مین جیو کی پرورتی برنن کری اوسکو بستار پوربک برنن کرو
کہ جو ست جگ اور تریتا اور دواپر جگ کے جیو تہے اس جگ مین وے کہان ہین اور جو اس کلجگ کے جیو ہین وے ست جگ
مین کہان تہے بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن ست جگ کے جیو کیول دہرم ہی کرتے تہے اور اپنے دہرم پر استہت تہے اور برہمن
چہتری بیش شودر اپنی اپنے دہرم کے کرم کرتے تہے اور وے اپنی کرمون کے بل سے سرگ کو پراپت ہوتے تہے اور کلجگ مین

کھوٹے کھوٹے کرم بشیش ہوتے ہین اسکارن جیو اپنے کھوٹے کرم سے نرک مین جاتے ہین اور جب کلجگ کا انت ہوتا ہے
پھر ستجگ آ جاتا ہے جو جیو کلجگ مین اُتپت ہوتے ہین وہ ستجگ کی آدی مین اُتپت ہو جاتے ہین اسی پرکار جو ستجگ
کے انت مین ہوتے ہین تریتا کے آدی مین اپنے اپنے کرمون کے انسار اُتپت ہوتے ہین کلجگ کا پربھاو مند کرم کرنیکا ہے
اور جب کھوٹے کرم بشیش کرتے ہین تو سری بھگوان اُس دھرم کو جو جس جگ مین ہونا چاہیئے ستھاپن نہین کر سکتے اسکارن
اُس دھرم کے ناش کرنے کو اوتار دھارن کرکے چرتر کرتے ہین اسی پرکار جیو اُتپت ہوتے رہتے ہین اُس ستجگ کے کلجگ مین
اور کلجگ کے پھر ستجگ مین اپنے اپنے کرمونکو بھوگ کر پرتھوی پر آکر جنم لینگے اور پھر جگ کے پربھاو کے انسار کرم کرینگے
اور بھگوان جیسا جیسا جگ کا پربھاو ہے ویسا ہی اوتار دھارن کرکے چرتر کرینگے ۔ راجا جنمیجے نے کہا کہ ہے مہاراج تم نے
جو دھرم جگون کے کہے وہ دھرم مجھ سے پھر برنن کرو کہ کس جگ مین کیا دھرم کرنے جوگ ہین بیاس جی بولے کہ ہے راجن
جو سادھو ہین وہ جس جگ کا دھرم ہے وہ ہی دھرم کرتے ہین اُس سے بپریت ادھرم ہوتا ہے جیسے تیرا پتا دواپر کے انت
مین اور کلجگ کے آدی مین ہوا اور اونکی بدھی اُسی جگ کے دھرم کے انسار ہوئی کہ کلجگ کے پربھاو سے اُنکی بدھی مند ہو گئی
اور اُنسی مرا ہوا سرپ برہمن کے کنٹھ مین ڈالا تھا تیرا پتا بڑا دھرماتما تھا پرنتو جگ کی پربھاو کو ستھاپن نہ کر سکا اونکا کچھ دوش
نہین یہ پربھاو کلجگ کا تھا سو ہے راجن جتن کرکے اور اپنی بدھی کو ستھر کرکے اپنے دھرم کرم مین تتپر ہو جو دھرم
کرم تمکو اُچت ہے وہ ہی کرو بپریت اوسکے مت کرو ستجگ کا یہ دھرم ہے کہ برہمن اپنی بدھی کو بید مین پرورت کرین
اور شکتی کی پوجن مین اپنی بدھی کو استھر رکھین گایتری جپین اور بایج کو اپنے ہردے مین پرورت رکھین
اور گرام گرام مین شکتی بھگوتی کے استھان بناکر پوجن کرین اور شوچ اور ست اور دیا سے یکت اور یوگ شاستر اور
انشٹانک جوگ مین اُنکی بدھی استھر رہے چھتری پرجا کی پالنا اور بیش کھیتی اور بنج اور گئو نکی رکشا کرین اور شودر
اونکی سیوا یہ ستجگ کے دھرم کا برنن ہے اور تریتا جگ کا یہ دھرم ہے امباجی کا پوجن چارون برن کرین پرنتو
ستجگ سی کچھ گھٹ کیونکہ تریتا مین ایک چرن دھرم کا کٹ جاتا ہے اور دواپر مین دھرم کے دو چرن رہجاتے ہین اور دواپر تریتا مین
جو رہے چھین ہوتی ہین کلجگ مین وہ برہمن برن اوتپت ہوتی ہین اسکارن کلجگ مین برہمن پاکھنڈی ہوتے ہین اور اپنے
کرمون کے لوپ کرنے والے اور جھوٹ بولنے والے اور بید کے دھرم سے برجت بسواس گھاتی جوا کھیلنے والے
شودرون کی سیوا کرنے والے بید کی نندا کرنے والے اچھے دھرمونکو چھوڑ کر برے دھرمونکو گرہن کرنیوالے بہت بولنے

وہلے شوچ سے برجت اور ادہرم مین لپت ہوتے ہین سو ہے راجن جون جون کلجگ کی اوستہا ہوتی جاتی ہے
برہمن اپنے دہرم سے برجت ہوتے جاتے ہین ہے راجن ست بولنا دہرم کا مول ہے پرنتو برہمن سے آدلیکر سمپورن
برن ست کو چہوڑکر استت بولنے مین پریت کرتے ہین برہمن شودرون کے دہرمون مین پریتی کرتے ہین پاکھنڈ دان گرہن
کرتے ہین دہرم کو چہپاتے ہین ہے راجن کلجگ مین اتنیت اوپدرہ ہوتے ہین استریان مہا کہوٹے کہوٹے کرمون مین
اتی پریت کرتی ہین پاپ روپی متہا بادمین اشکت ہوکر انیک کلمشون کو بہوگتی ہین اور اپنے بہرتاؤن سے بمکہہ
ہوکر کے پرپرشن سے پریت کرتی ہین اور ان استریون سے جو سنتان اوتپت ہوتی ہے وہ شنکر برن سرشٹی ہوتی ہے
ہے راجن اہار شدہی سے چت شدہی کی اوتپتی ہوتی ہے اور چت شدہی سے دہرم کی اوتپتی ہوتی ہے پرنتو کلجگ مین
کہوٹے کہوٹے اہارون مین استری اپنی پریت رکہتی ہین اور انکے چت بہرشٹ ہو جاتی ہین اور چت کے بہرشٹ ہونے سے
انیک منکہون مین رتو پریت رکہتی ہین ایسے شنکر برن ہوکر دہرم کا بہی ناش ہو جاتا ہے کلجگ مین سب دہرم سے برجت ہوجاتے ہین
اور ادہرم چارون چرن سے کلجگ مین پورن ہوتا ہے راجا جنمیجہ بولا کہ ہے مہاراج کلجگ مین ادہرم کی پرہتی سے جیوونکی
گتی کیسے ہوگی وہ اوپاو مجہے تبلاؤ بیاس جی بولے کہ ہے مہاراج اس جگ مین کیول بہگوتی کے نام لینے سے تہوڑے کال مین
منکہہ پرم پدکو پراپت ہوتا ہے ہے راجن جو رات دن بہگوتی کے چرنونکا دہیان کرتے ہین اونکی مہمان برنن نہین ہوسکتی
اور جو بہگت دیوی کی بہگتی مین یکت ہوکر دیوی کے ستہانون مین بہی پریت رکہینگے وہ کسی پاپ مین لپت نہین ہونگے
مینے یہہ اوپدیش تمکو سمپورن شاسترونکا سار لیکر کیا ہے سو تم سدیو سری بہگوتی کے چرنار بندونکا دہیان کرو اور راجیا نام
گائتری جو شاستر مین برنن کری ہے اس جگ مین ایک اکشر ماتر سے اس گائتری کا پہل ملتا ہے سو ہے راجن اسکی مہمان
کلجگ مین کوئی جانتا نہین ہے یہہ گپت بہید مینے تم سے کہا ہے +

بارہوان ادہیا چہٹا اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین مکہہ مکہہ تیرتہہ اور چہیترون اور راجا ہریشچند کے پتر کی اوتپتی کا برن کی جگ سہت برنن ہے

راجا جنمیجہ نے پرشن کیا کہ ہے مہاراج اسی تہوی کے اوپر جو تیرتہہ اور چہیتر ہین اونکے پہل اور ستہان اور جاترا کی بدہی
برنن کرو بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن ندیون مین جاہنوی سری گنگا جی جمنا جی سرستی نربدا گنڈکی گومتی کاویری

تیروتی چندر بھاگا جرمنوتی سرجو اوتم تیرتھ ہین پرنتو ساون سے آدلیکر دو مہینے اتینت برشا سے گرام گرام کے جل ملنے سے انکا رجسلا دہرم برنن کیا ہے اور چھیترون مین پشکرجی مہاراج اور کورکھیتر اور دہرم آرنیہ اور پربھاس چھیتر اور سری پریاگ راج اور نیمسارنیہ اور ابدارنیہ چھیتر بڑے اوتم ہین اور پربتون مین اوتم پربت سری سیل اور سمیر اور گندمادن ہین سرو دونمین جہان سروور سرب سرت اور نندسر اور کمرومر اور منشیرون کے آشرمونمین بدرکا شرم کہ جہان نرنارائن نے تپ کیا اور باون آشرم اور ست پوا آشرم یہہ پُن تیرتھ ہین اور سری بھگوتی جی کے استھان ایک ایک تیرتھ ہین اور یہہ آشرم ایسے ہین جنکے نام لیتے ہی منکہہ سب پاپون سے رہت ہوتا ہی اور ہے راجن اب ان تیرتھونکا پربھاو اور پھل چیت وکرشردن کرو تین پرکار کی شدہی شاسترمین برنن کی ہین دربہہ شدہی کریا شدہی من شدہی سنو دو شدہی درب اور کریا منش کو پراپت ہوتی ہین اور من شدہی پرم دُرلبھ ہے ہے راجن یہہ بڑا چنچل گہوڑا ہے اسکے بس کرنیکو شاستر روپی گیان چاہیے سو یہہ من کام کرودہ لوبھہ موہ اہنکار سے اچہادت ہوا ہے یہہ پانچ چور من کے ارشٹ کرتا ہین تو انکو ست گروکے آسرے اور گیان کی پراپتی سے منش ہٹاتے ہین اور جو منش سدیو کال اپنے دہرم مین چت کی پرورتی کرتے ہین وے سب تیرتھون کے اشنان کے تل پہل کے بہوگتا ہین اور جو منش نت کرم کو تیاگن کرکے کوکرم کرتے ہین انکا سرب تیرتھونکا پھل ناش ہوجاتا ہی سو اس یہہ کو شاستر روپی جل مین اشنان کرانا چاہیے پہر منش پرم پدکو پراپت ہوتا ہے پرنتو من کابس کرنا بڑا کٹھن ہے من کرہی اُوپادہی سے بشسٹ جی اور بسوامتر جی سے مہاتما دوش مین لپت ہوئے ہین اور راگ دویش سے اپنے چت کو ملین کرتے ہین سو ہے راجن ایک کیول گیان ہی من کے بس کرنیکا اوپای ہی بشسٹ جی مہاراج برہم پتر اور بسوامتر جی پرسپر کرودہ کرکے ہرشچندر راجا کے کارن بگلے کی جون کو پراپت ہوئے اور بان تیرتھ مین ان دونو نے دس ہزار برس تک نواس کرکے پرم جت کیا راجا جنمیجہ نے پوچہا کہ ہے مہاراج اُن دونو تپسیون کو کیسے شاپ ہوا اور اوسمین ہرشچندر کا کیا کارن تہا بیاس جی نے کہا کہ ہرشچندر ترشنگ نام راجا کے پتر کے سنتان نہین تہی اُسنے سنتان اُتپت ہونے کو برن جگ کری اور یہہ سنکلپ کیا کہ جو میرے پتر ہو تو مین اُس پتر کو برن کے ارتہہ جگ مین بلی دون سو برن مہاراج کی کرپا سے اُسکی رانی گربھہ وتی ہوئی اور دس مہینے پیچھے پتر اُتپت ہوا راجا نے انیک دان تل لبتر سو برن گئو برہمنونکو دیے اُسی سمے برن مہاراج برہمن کا روپ دہار کے آئے اور کہا کہ ہے راجن مین برن ہون تینے جو پتر دینا کہا تہا وہ مجکو دے راجا کچہہ چنتا کو پراپت ہوکر بولا کہ ہے مہاراج ابہی یہہ پتر جگ مین بلی

دینیکے یوگ نہین ہوا ہے دس دن تک مین شدّھ نہین ہونگا دس دن پیچھے یہہ پتر تمکو بھینٹ کرونگا برن اپنے استہان
کو چلے گئے جب راجا دس دن کے کرم سو نروِرت ہوکر شدّہ ہوگیا پہر برن راجا کے پاس آئے راجانے ڈنڈوت کرکے سندر
آسن پر بٹھلایا اور کہا کہ ہے مہاراج تم پورن مہاتما ہو میرا کلیان کرو اس پتر کو ایک ماس کا ہوجانے دو بنا پورن ماس کے استری
اور پرش کی شدّھی نہین ہوتی ہے ایک مہینے کے پیچھے یہہ پتر دونگا برن پہر استہان کو چلے گئے اور مہینے پیچھے پہر آکر راجا
سے کہا کہ اب پورن ماس بہی ہوگیا راجانے ہاتہہ جوڑکر کہا کہ ہے مہاراج ابہی اس پتر کا دو جاتی کرم نہین ہوا ہے ابہی شودر
کے تل ہے جبتک اسکا سنسکار ہوجائے تب لیجیو آٹھہ برس پیچھے سنسکار کرکے بھینٹ کرونگا برن مہاراج بولے کہ اچہا یہ
سنسکار ہو چکے پشچات پہر آؤنگا ابکی بار تمہارا بچن متھیا ہونے پاوے اور برن چلے گئے وہ پتر روتا کہہ نام دن دن بڑہنے لگا
ایک دن اُسنے برہمنون سے سنا کہ مجھکو میرا پتا برن کے ارتہہ بلدان دیگا وہ چنتاوان ہوکر اپنے پتا کو چھوڑکر ایسے بن مین
چلا گیا کہ جہان کوئی نہ جا سکے راجا کو اور بہی اشیش چنتا ہوئی اتنے مین برن جی پہر آگئے راجانے چرنون مین ڈنڈوت کرکی
کہا کہ ہے مہاراج اب مین کیا کرون وہ پتر بن کو چلا گیا جو آگیا کرو سو کرون برن جی نے شاپ دیا کہ تمکو جل اودر ہوجاے
اور چلے گئے راجا دُکہی ہوکر چنتا کرکے رات دن ہاہا کار کرنے لگا اُدہر راجا کے پتر نے بن مین سُنا کہ اوسکا پتا جل اودر کی دکہہ
سے پیڑاوان ہے تب وہ پتر اپنے پتا کے پاس جانے کی منسا کرنے لگا اور اپنے من مین کہنے لگا کہ جس کا پتا دُکہہ کو پراپت
ہو اُسکے پتر کا جیون دہرکار ہے اتنے مین اندر نے آکر کہا کہ تو اپنے پران کیون دیتا ہے جو تو اپنے پتا کے پاس جائیگا
تو تیرا پتا تجھکو برن کے ارتہہ بلدان دیگا یہہ سُنکر وہ پتر پہر بن مین ہی پہرتا رہا ۔

تیرہوان ادہیاے چھٹہے سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرشچندر کا برن کی شاپ سے موچن ہونا اور بسوامتر جی اور بششٹ جی کے آپسمین شاپ ہونا اور برہما جی کا آنا اور اُنکے شاپ کی موچن کرنیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن ہرشچندر راجانے دُکہت ہوکر اپنے گرو بششٹ جی مہاراج کے سرن جاکر کہا کہ ہے مہاراج مجھکو
برن کے شاپ سے جل اودر کا دُکہہ ہوگیا ہے مین بڑا بیاکل ہون بششٹ جی بولے کہ ہے راجن تمکو مین اوپاے بتلاتا ہون
شاستر مین تیرہ[۱۳] پرکار کے پتر ورنن کئے ہین ... کیا ہے تم کسیکو دہن دیکر مول لیکر برن کے ارتہہ

جگّ مین سمرپن کرو برن پرشن ہو جایگا اور تمہارے دُکھہ کا ناش ہو جا یگا راجا نے اپنے منتریونکو دہن دیکر
پتّر مول لینے کی اگیا دی منتری ایک برہمن کو دہن کا لوبہہ دیکر اوسکا پتّر لے آئے راجا نے پرشن ہوکر جگّ کا آرنبہ کیا
اور برن جی کا پوجن کیا اور اُس پتّر کو پشو کے تُل بلدان کے کارن باندہ دیا وہ برہمن کا بیچلا پتّر سنسیہ نام تہا وہ برہمن
کا پتّر جنپا کو پراپت ہوکر کلاہل شبد کرنے لگا یہہ بات سُنکر بسوامتر جی اُس جگّ مین آکر کہنے لگے کہ ارے راجہ ایسا کرم
کرنا اُنچت ہے اور دیا ہی دہرم کا مُول ہے ہے راجن تم سُورج بنس مین دہرم کی دُہجا ہو اور پرجا کی پالن کرنیوالے
ہو اس پر دیہہ کا اس جگّ مین ناش مت کرو یہہ بات سُنکر راجا کو بڑا سوچ ہوا پہر بسوامتر جی بولے کہ ہے راجن تو نشچے اس پتّر
کو برن کے نمت سنکلپ کردے پر تو اس کا بدہ مت کر اُسی سمے برن مہاراج بہی آگئے اور برن جی کو برہمن کے
پتّر پر دیا آگئی اور کہنے لگے کہ ہے راجن مینے تمہاری یگ مان لی تمہارا روگ نرورت ہوجا یگا اور برن اپنے استہان
کو چلے گئے راجا نے اوس برہمن کے پتّر کو چھوڑ دیا اور راجا کا روگ نرورت ہوگیا راجا نے جو بسوامتر جی کا کہنا نہ مانا تو
وہ کرودہ کو پراپت ہوکر اپنے استہان کو چلے گئے ایک سمے راجا ہرشچندر گھوڑے پر چڑہکر کوشکی ندی کے سمیپ گیا کے
کارن بن کو گیا وہان بسوامتر جی بہی برودہ برہمن کا روپ دہر کر آئے اور راجا سے کہا کہ مجھکو کچھہ دان دو تو راجا بولا کہ
ہے مہاراج جو تم اس سمے مجھہ سے مانگوگے سو دونگا بسوامتر جی نے سربس راج اور کوش اوسکا مانگ لیا اور راجا کو راج سے
باہر کر دیا بشسٹ جی مہاراج نے یہہ کرم بسوامتر کا سُنکر کوپ کو پراپت ہوکر کہا کہ ہے کوشک تم نے برتہا یہہ روپ برہمن کا
دہارن کرکے چہل سے راجا کا سربس راج لے لیا تمنے جو یہہ بگ کرم کیا سو جاؤ تم بگلا ہو جاؤ بسوامتر جی نے کہا کہ ہے
بشسٹ تم نے میرے سنمکہہ جو آڈی پکشی کا سا بچن کہا تم آڈی ہو جاؤ ایسے بشسٹ جی اور بسوامتر جی دونو پچھی جون
کو پراپت ہوئے اور اُن دونون نے بہت برسون تک دارن جدّ کیا راجا جنمیجہ بولے کہ ہے مہاراج پہر وے دونو کس
اوپاو سے شراپ سے چھوٹے بیاس جی نے کہا کہ جب اُن دونو کا دارن جدّہ ہونے لگا تو برہما جی ہنس پر چڑہکر آئے
اور کہا کہ ارے تم دونو کرودہ کے بس ہوکر پرسپر شراپ کو پراپت ہوئے تم نے یہہ اُنچت کرم کیا اب جاؤ مینے تمہارے
دونو کے شراپ کا موچن کیا اور برہما جی برہم لوک کو چلے گئے اور بسوامتر جی اور بشسٹ جی شراپ سے نرورت ہوکر اپنے
پربیت کرنے لگے بیاس جی بولے کہ ہے راجن بنا کارن اس پرکار متہرابرن بشسٹ اور کوشک بسوامتر نے جدّہ کیا اور دُکھہ پایا سو ہے
راجن من شُدّہ کرنا بڑا دُرلبھہ ہے کیول سری جگت امبا جی کے چرنون مین چت لگانے سے من شُدّہ ہوتا ہے ایک

تیرتھون کے سمان مہاتم ایک سری بھگوتی جی کے نام لینے کا ہی اور کلجگ کے جیو ونکو بھگوتی جی کی اوپاشنا سے کلجگ کا
کچھہ بہے نہین رہتا جنے سری بھگوتی جی کے شانت سروپ کو اپنے چت مین دھارن کیا وہ کلجگ کے بہے سے نرورت ہوکر
سری بھوتیشری جی کے پرم پد کو پراپت ہوگا سو ہے راجن تم بہی اُنہین مہارانی کے چرنون مین پریت لاکہ کلجگ سے
بہے مت کرو +

چودہوان ادھیاے چھٹے سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین بششٹ جی اور راجا نمی کا شاپ پرسپر اور لبششٹ جی کا دیہہ تیاگ کرکے متر ابرن کے دیہہ مین پرویش ہونا اور اگست جی اور پہر لبششٹ جی کی اُتپتی کا برنن ہے

راجا جنمیجہ نے پہر پرشن کیا کہ ہے بیاس جی تم نے لبششٹ جی کو متر ابرن کہا یہہ نام کیسے ہوا بیاس جی بولے کہ ہے راجن
نمی راجا کے شاپ سے لبششٹ جی نے دیہہ کو تیاگ کے متر ابرن کے دیہہ مین پرویش ہوکر پہر اپنی دیہہ پائی اسکارن
لبششٹ جی کا نام متر ابرن ہوا راجا جنمیجہ بولے کہ ہے مہاراج لبششٹ جی کو نمی نے کیون شاپ دیا بیاس جی نے کہا
کہ ہے راجن اس سنسار مین تینون گنون کرکے بڑے بڑے مہاتما بیاپت ہین اور کام کرودہ مدہ لوبہہ سے سب لپٹ رہے
اور اہنکار مین بڑے بڑے مہاتما برت وان ہین اور چہتری رجوگن سے جگ کرتے ہین سو راجا نمی نے لبششٹ جی کو اور
بششٹ جی نے نمی کو شاپ دیا کہ جس سے دونون نے دُکھہ پایا اور دربہہ شدہی اور کریا شدہی اور من شدہی برہما دک کو بہی
دُرلبھہ ہے پہر منشیونکی کیا گنتی ہے سو ہے راجن کیول ایک بہگتی سے جگ سمپورن ہوتی ہے اور اُس جگ مین جسمین راجا نمی
نے بششٹ جی کو شاپ دیا تینون شدہی سے جگ سمپورن ہولیتی ہے راجن اکشاک بنس مین ایک راجا نمی روپ وان
اور گنوان اور دہرم آتما اور پرجا کا پالن کرنیوالا ستبادی بڑا دانی یوگ ابہیاس مین تت پر اور تپ کا سمدر ہوا ہے
اُس راجا نے گوتم جی کے آشرم کے سمیپ جینت پور نگر نام بسایا اُس نگر مین تپسی اور براہمن بہت سے رہنے لگے راجا
نے جگ کرنے کی منشا کی اور سامگری اکٹہی کرکے بھرگو جی انگرس بامدیو گوتم لبششٹ جی پولست من سے آدلیکر انیک شیوشدر
براہمنون کو بلاکر پانچ ہنسر برکہہ مین جگ پورن کرنیکا سنکلپ کرکے جگ کا ارنبہ کیا اور اپنے لبششٹ جی پروہت سے کہا
کہ ہے مہاراج تم اس جگ کے ادہشٹاتا ہو اور تم سب شی ایسی کرپا کرو کہ میری یہہ جگ پورن ہو اور وہ جگ شاکتات سری بھگوتی

جی کی پرشسنتائی کے کارن تھی اور کوئی پریوجن نہ تھا بشسٹ جی بولے کہ ہے راجن مجکو راجا اندر نے بھی جگ
کے کارن بلایا ہے اوسکی جگ پانسو برس تک ہوگی اور اندر بھی سری بھگوتی جی کی ہی پرشستا کے کارن جگ
کرتا ہے وہ جگ سمپورن ہوئیگی جب مین تمہارے جگ مین آؤنگا نمی نے کہا کہ ہے مہاراج تم ہماری کل آچارج ہو
تمکو یہہ اُچت نہین ہے کہ میری جگ چھوڑکر اندر کی جگ مین جاؤ اور میری جگ بھی کچھہ تربل نہین ہے دیکھو میری جگ
پانچ سہنسر برس تک ہوگی اور اندر کی پانچ سو برس تک ایسی بڑی جگ کو چھوڑکر تھوڑے دنو کی جگ مین جانا جوگ نہین ہی
اور جو تمکو کچھہ لوبھہ ہے تو مین تمکو دکشنا بشیش دونگا بشسٹ جی راجا نمی کی پرارتھنا نمانکر اندر کی جگ مین چلے گئے راجا
نمی نے گوتم جی کو ادہشٹا بنالیا پشچات اندر کی جگ پورن کراکے بشسٹ جی راجا نمی کے جگ مین آئے اُس سمے راجا نمی
سوتا تھا راجا کے سیوکون نے راجا کو نہین جگایا بشسٹ جی جگ استھان مین کرودہ وان ہوکر بیٹھہ گئے اور راجا کو شاپ دیا
کہ ہے راجن تم نے ابھمان کرکے میرا آدر نکیا اور سوتی رہی اس کارن تم اس دیہہ کو تیاگو جب راجا جاگا تو شاپ کو سنکر بولا کہ ہی
مہاراج تم نے بنا اپرادہ مجکو شاپ دیا بتلاؤ کہ میرا کیا اپرادہ تھا اور تم شاکشات برہم تر بید کے جاننی والے کرودہ کو پراپت ہوئے
اس کارن مین تمکو شاپ دیتا ہون کہ تم بہی دیہہ کو تیاگو راجا کے شاپ کو سنکر بشسٹ جی نے برہما جی کے پاس جاکر کہا کہ اب
مین کس اوپاے سے اپنی دیہہ کو رکھون میرا اودہار کرو برہما جی بولے کہ ہے بشسٹ وہ راجا بڑا دہرم آتما ہی اور وہ اب جگ
مین استہت ہے پرنتو تم میرے سرن آئے ہو اب تمہارا اودہار کرونگا اب تم جاکر اپنی دیہہ کو چھوڑکر متر اور برن کی دیہہ
مین پرویش کرو - پہر تمکو یہہ دیہہ پراپت ہوگی بشسٹ جی برن کے استہان کو چلے گئے اور برن کی پرتکشنا کرکے اور اپنی تپا
برہما کا دہیان کرکے اپنی دیہہ کو تیاگ کر متر اور برن کی دیہہ مین پرویش کرگئے اسی سمے برن کے آشرم مین اپسرا اُربسی
سہ آدر لیکر آئین اور ناؤ بہاو کٹاکش سے نرت کرنے لگین اونکی روپ کو دیکھکر متر اور برن کا مدیو کی اُتپتی سے اپسرا
کے بہی بہوت ہوگئی پشچات اپسرا بیٹھہ گئین اور متر اور برن کا بیرج اسکلت ہوا اُنکے سمیپ ایک گہڑا رکہا ہوا تہا اوس
گہڑے مین اونکا بیرج پڑا اُس کمبہہ سے دو پتر اُتپت ہوئے اگست جی اور بشسٹ جی اور وہ دونو پورن تپسّا کرنے
لگے سو ہی راجن اس پرکار شاپ ہوکے بشسٹ جی نے متر ابرن کی دیہہ مین پرویش کیا تہا +

پندرہوان ادہیاے چہٹی سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا منی اور جنک بدیہہ کی اُتپتی کا آکھیان ہے

راجا جنمیجے نے پہر پرشن کیا کہ راجا منی کے شاپ کا اودّہار کس پرکار ہوا اور اوسکے دیہہ کی کیا گتی ہوئی. بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن راجا منی نے دوتیہ دیہہ دہارن نہین کری جب بشسٹ جی نے شاپ دیا راجا منی نے چنتاوان ہو کر رشیون سے کہا کہ ہے مہاراج میری اس دیہہ کو شاپ ہو گیا ہے اس شاپ کا اودّہار تم کس پرکار کروگے رشی بولے کہ تم کچہہ چنتا مت کرو جگّ مین استہت رہو ہم منترون سے تمہاری جگّ کو سماپت کرینگے اور پہر تمہارے شاپ کا اودّہار ہوگا اور سمپورن رشیون نے راجا کے دیہہ کو شُدّہ کیا اور دہوپ دیپ گندہ آدلیکر پوجن سری بہگوتی کا کیا اور جگّ کی سماپتی کی سمے سب دیوتاؤن نے اس جگّ مین آکر پرشن ہو کر کہا کہ ہے راجن جو چاہے سو بر مانگ لے ہم تجہکو بر دینگے راجا منی بولا کہ ہے مہاراج مجکو کچہہ اچہا نہین ہے اور اس دیہہ کے رہنے کی بہی اچہا نہین ہے اور دوتیہ دیہہ دہارن کرنے کی بہی اچہا نہین ہے میری یہہ اچہا ہے کہ سمپورن پرانیون کے نیترون مین میرا باس ہے اور پون روپ ہو کر مین سب ستہانون مین بچرون دیوتا بولے کہ ہے راجن تم سری بہگوتی جی کی پرارتہنا کرو اور کسی کو اس بر دینے کی شامرتہہ سری بہگوتی کے بنا نہین ہے اور سرب دیوتا راجا سہت سری بہگوتی جی کا دہیان کر کے استتی بیدون سے کرنے لگے سری بہگوتی جی نے پرشن ہو کر ساکشات پرگہٹ ہو کر راجا منی کو درشن دیئے اور دیوتا اور راجا اور سمپورن رشی سری بہگوتی جی کو ڈنڈوت اور نمسکار کر کے کہنے لگے کہ ہے مہارانی یہہ روپ تمہارا سدیو کال ہمارے نیترون مین بسا رہے سری بہگوتی جی نے راجا منی سے کہا کہ ہے راجا تو اس سمے جو بر دان مانگے سو دون راجا بولا کہ ہے مہارانی مجہکو پرم نرمل گیان دو اور سمپورن پرانیون کے نیترون مین میرا باسا ہے سری بہگوتی جی بولین ایسا ہی ہوگا اور سب پرانیون کی نیترون مین جو تمہارا باسا ہوگا اس کارن نیترونکا نام نمش ہوگا سو جبسے پلکونکا نام نمش ہوا ہی یہہ بر دیکر سری بہگوتی جی انتردہیان ہوئین اور راجا منی نے دیہہ تیاگ کر سمپورن پرانیون کی نیترون مین اپنا باسا کیا اور پرم گیان کو پراپت ہوا رشیون نے سوچا کہ اس راجا کا بنس کسی پرکار چلے تو بہلا ہے اور جس استہان مین راجا منی کا دیہہ پڑا تہا اوس استہان مین کاٹہہ اکٹہا کر کے راجا کے دیہہ کے ساتہہ متہا تو اوسمین سے اگنی پرگہٹ ہوئی۔ اوس اگنی مین سمپورن رشیون نے منترون سے ہون کیا اوس اگنی سے ایک پتر اوتپت ہوا اُس پتر کا سروپ ساکشات راجا منی کا ساتہا اور ارنی کے متہنے سے جو اُتپتی اوسکی ہوئی اس کارن اُسکا

جنک ہوا اور جو کسی وِدیہہ سے اوسکی اوتپتی نہین ہوئی تہی اس کارن اوس کا نام بِدیہہ ہوا بیاس جی نے کہا کہ ہی راجن
اوس مُنی کا پُتر جنک بدیہہ نام کرکے ہوا اور دیوتاؤن نے گنگا جی کے تیر ایک نگر کی اوتپتی کری اور اوس
نگر کا نام متہلا رکہا اور اوس نگر مین انیک پرکار کے سُندر مندر اور ہاٹ اور باغ تڑاگ بنوائے اُس کُل مین جو
راجا اُتپت ہوتا ہے اوس کا نام جنک بدیہہ ہی کرکے بکہیات ہوتا ہے سو ہی راجن تم نے مجہہ سے جو بشِشٹ اور نِمی کا
آکہیان پوچہا تہا سو مینے برنن کیا اب کیا اچہا ہے راجا جنمیجہ بولے کہ ہے مہاراج بشِشٹ جی کُل پروہت تہے اور جگ
مین شاپ برہمن کو دینا جوگ نہ تہا کس کارن راجانے ایسا شاپ دیا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اس سنسار مین چہما کا دہارن
کرنا بڑا کٹہن ہے سمپُورن مُنیون اور رِشیون اور دیوتاؤن مین کرودہ بیاپت ہی اس کرودہ کو کسی نے نہین جیتا اور زیادہ
چہدا کرودہ تو بہہ اہنکار کا تیا گنا بڑا درلبہہ ہے نہ کوئی ابتک ایسا ہوا نہ کوئی آگے کو ایسا ہو نہ سُرگ لوک مین نہ بہولوک
مین نہ پاتال لوک مین نہ کیلاش مین نہ بیکنٹہہ مین ایسا کوئی ہے دیکہو کپل دیو جی مہاراج شانکہہ شاستر جوگ کے جاننے
والے پتیسُری تہی اُنہون نے بہی کرودہ کے بس ہوکر سگر کے پُترونکو شاپ دیکر بہسم کردیا تہا سو ہے راجن یہہ اہنکار تینون
لوک مین بیاپت ہے سو کارن اور کارج کے اُبہاؤ سے رہت کوئی نہین ہے اور برہما اور بشنو اور مہیش بہی تینون گُن
سے بیاپت ہین اور تینون مین پرتہک پرتہک پربہاو برتمان ہین سو ہے راجن جب وہ تینون دیوتا کام کرودہ سے
بیاپت ہین پہر منکہہ کی تو کیا گنتی ہے ۔ ہے راجا تینون گن کسی کال مین اکٹہے نہین ہوتے کبہی ستوگن کی بردہی ہوتی ہے
کسی سمے رجوگن کی کبہی تموگن کی اور جب پرانی شاستر کی سیکشا اور ست سنگ سے ان گُنون سے رہت ہوتا ہے تب وہ
پرماتما کے سروپ مین لیت ہوجاتا ہے سو ہے راجن یہہ پرم کٹہن ہے کیول سری امبا جی کے چرنون ہی کے آسرے سے
پراپت ہوتا ہے اور بید و نین ست آتمک شکتی کا برنن کیا ہے جو مہاتما برہم کا سروپ دیکہنے کی ابلاکہا کرتے ہین وہ ہی نرگُن بہگوتی
سروپ اور برہم سروپ ایک ہی مانتے ہین اور بید شاستر مین بہی الکلب کچہہ نہین کہا ہے دونو سروپ ایک ہی بہوت سی
برنن کیا ہے اور دوتیہ سروپ اوسکا بدیا ہے جب ابدیا اس جیو سے جاتی رہتی ہے تب وہ ایک ہی سروپ دیکہنے مین آتا
ہے سو ہی راجن تم نے جو کارن شاپ راجا کا پوچہا تہا سو مینے تم سے برنن کیا اور کامنا روپی شترو کا ناش بنا بہگوتی کے اَرادہن کے
کسی کال مین نہین ہوتا ہے سو ہی راجن بیات کُل کو شُکر جی کا شاپ لگا تو ایک کیول کرودہ کے بس ہوکر وہ شاپ لگا اور سو بہی
سے کرودہ کی اوتپتی ہے جیسا کہ ہے ہے راجا نے دہن کے لوبہہ سے شُکر اور برہمنون کو دُکہہ دیا تہا ایک لوبہہ اور کرودہ کا کارن

ہے کہ ایسے اُتّم کُل راجانے لچھمن پتر ہوکر کرودہ کے بس ہو برہمن کو دُکہہ دیا تہا - +

سولہوان ادّہیاے چہٹی اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپُران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین راجا (ہے ہے) کا آکہیان برنن ہے

راجا جنمیجہ نے پرشن کیا کہ ہے مہاراج جیہہ سے راجا (ہے ہے) کا برتانت برنن کرو کہ اُس راجا نے بہرگو سے آد لے کر برہمنون کو کس کارن دُکہہ دیا اور برہم ہتّیا کیون کری بیاس جی نے اوتّر دیا کہ ہے راجا راجا (ہے ہے) کہ تین نام ہی پرتہم (ہے ہے) دُوتیہ (کارت بیرارجن) تریتا (سہنسرا باہو) سری دتاترے کا یہہ راجا شیش تہا اور نارائین انشنو کے بیرج سے اُتپت ہوا تہا اپنے دہرم اور گرو کی بہگتی مین تت پر تہا اُس راجا نے انیک پرکار کے پُن کرے بہرگو سے آدلیکر برہمنونکو بہت دہن دیا جب یہ برہمن اتینت دہنوان ہو گئے اور راجا دارودی ہو گیا تو راجا (ہے ہے) کے بہادی کے بس ہو کر لوبہہ سے بہرگو جی کے آشرم مین جاکر برہمنون سے دہن مانگا برہمنون نے راجا سے کہا کہ ہے مہاراج اب ہمارے پاس دہن نہین رہا جو تم نے ہمکو دہن دیا تہا سو نشٹ ہو گیا راجا نے برہمنون کے استہانون کو کہدوایا اور برہمنون کو تاڑنا کیا اور پیڑا دی برہمن کمپاییمان اور بہے وان ہوکر اپنے آشرم کو چہوڑ کر بہاگ گئے راجا نے برہمنون کے آشرم کو کہود بہی ڈالا پر تو کچہہ دہن اوسکو نہ ملا راجا نے چہتریون کو آگیا دی کہ برہمنون کو ڈہونڈ کر پکڑ لین چہتریون کے بہے سے برہمن شنکر جی سے آدلیکر بہاگ گئے اور بہرگو جی کے سمیپ جہان وے پربت مین تپ کر رہے تہے گئے تب راجا (ہے ہے) نے چہتریونکو آگیا کری برہمنون کی استریون کو پکڑ وا اور اُنکے گربہو نکا ناش کرو چہتری برہمنونکی استریونکو ڈہونڈنے لگے برہمنونکی استری ہمانچل پربت سے اپنے اپنے استہان چہوڑ کر چلی گئین تب راجا (ہے ہے) کہنے لگا کہ برہمن مجہہ سے جُہلکہہ ہو گئے اونکا کام تپ کرنے کا ہے اُنکو دہن سے کیا پریوجن ہے اُنکو ڈہونڈوا اور اونکی بیج کا ناش کرو ہے راجن یہہ لوبہہ پاپ کا مُول ہے راجا اور چہتری لوبہہ سے پاپ کے ادہیکاری ہوئے

سترہوان ادّہیاے چہٹی اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپُران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہی ہی کا شاپ دینا برہمنونکی استریونکو اور بہگوان کا شاپ دینا لچھمن جی کو برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اس کارن برہمنون کی استریوں کے گربہونکا چہتریون نے ناش کیا راجا جنمیجہ بولے کہ ہے مہاراج

پہر بہرگو بنس کیسے چلا اور برہمنون کی استریونکی رکشا ہمانچل مین کیسے ہوئی بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن بہرگو تپنیون
نے ہمانچل مین جاکر اور مورتی سری بہگوتی جی کی بنا کر بدہی سے پوجن سری بہگوتی جی کا کیا سری بہگوتی جی نے
اونکے پوجن سے پرشن ہو کر سُپن مین کہا کہ ہے پتر پتنیو تم کچہہ مت کرو میرے انس سے تمہارے ایک پتر ہوگا اُس پتر سے
تمہارا بنس ٹہیرے گا سری بہگوتی جی تو انتردہیان ہوگئین اور برہمنونکی استری آپسمین اُس سپن کو کہنے لگین سب
استریونکو ایک ہی سُپن ہوا تہا اور ایک برہمن تپنی کو گربہہ تہی اوتپتی ہوئی اوسی سمے (ہے ہے) چہترپون سہت برہمنون
کو ڈہونڈتا ڈہونڈتا کہڑگ ہاتہہ مین لئیے ہوئے اُس پربت مین آیا جہان برہمن تپنی استہت تہین سب استریان اوسی دیکہہ کر تہک
تہک بہاگین وہ راجا گربہہ وتی استری کے پیچہے بہاگا وہ برہمنی راجا کے ہاتہہ مین کہڑگ دیکہکر ڈرکے مارے رودن کرتی ہوئی اُسکے
چرنونمین گرپڑی اور ہاہا کہا کر کہا کہ ہے راجن تو میری رکشا کر مین گربہہ وتی ہون پرنتو اوس راجا نے کچہہ دیا نہ کری تب وہ استری
پہر بہاگی آگے ایک سنگہہ آگیا اب اُسکو دو پرکار کے بہے اُتپت ہوئے پیچہے تو راجا (ہے ہے) کہڑگ لئیے ہوئے اور آگے سنگہہ موہنہ
پہاڑے ہوئے آیا یہہ اُتپات دیکہکر وہ برہمنی لشٹیش رودن کرنے لگی جب یہہ دشا اپنی ماتا کی اوس پتر نے دیکہی جو گربہہ مین تہا
اوسی سمے وہ جنم لے کر باہر آگیا جبکا روپ چہتریون کو ایسا دیکہا مانو ساکشات دوسرے سورج نارائن پرگہٹ ہوئے ہین
اُس بالک نے لال لال نیترو سے چہتریون کی اور دیکہا وے سب اُسکی تیج سے اندہے ہوگئے اور لگے ایک دوسرے پر گرنے
چھٹا ادھیا، ساتوین سکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہردیو کرت بھاشا کا جسمین چمن رشی اور سندری کا راجا شریات کے جگ مین جانے کا برنن ھے

راجا جنمیجہ نے بیاس جی سے پرشن کیا کہ ہے مہاراج چمن رشی نے اسنی کمار کو جگ مین اندر کے ہوتے ہوئے کیسے بھاگ دلایا بیاس جی نے اوتر دیا کہ ہے راجن چمن رشی اور سندری کی اوستھا تل ہو گئی ایک سمے راجا شریات کی استری راجا سے کہنے لگی کہ ہے مہاراج بہنے شردن کیا ہو کہ جس رشی کو تم نے اپنی کنیا دی تہی وہ رشی نہین رہا ہے اور وہ کنیا آن پرش کے پاس رہتی ہے تم اوسکی پریکشا کرو راجا بولا کہ تم چنتا مت کرو مین پریکشا لینے کو چمن رشی کے آشرم مین جاتا ہون اور یہہ کہکے چمن رشی کے آشرم مین گیا اور دیکہا تو وہ سندری اور چمن رشی دونون ترن اوستھا مین ایک سی پراپت ہین راجا یہہ دیکہکر مور چہا کہا کر رتہہ مین گر پڑا اور اپنے من مین یہہ چنتون کرنے لگا کہ وہ برده رشی تو مرت ہو گیا ہے اور اس کنیا نے آن پرش کر لیا ہے یہہ بڑا اپرادہ ہوا اب ہمارا جیونا دہرکار ہے جسکی پتری نے ایسا اپچت کرم کیا اور دہرم شاستر مین پرمان ہے کہ متر اتہوا بندہو سمدہی پتر پتری جو اپچت کرم کرہی اوسکو تیا گنا جوگ ہی اور یہہ سوچا ہوا اپنے استہان کو آیا اور رانی سے کہا کہ تم سوچ مت کرو یہہ اپنے من مین مان لو کہ پتری مرتیو کو پراپت ہو گئی اور جو اپچت کرم کرے اوسکا تیاگنا ہی جوگ ہی تہوڑے کال پشچات راجا نے سری امبا جگ کا ارمبہ کیا اور سامگری جگ کی اکٹھی کر کے برہمنون بید پاٹی اور رشیون کو بلاکر سب دیوتاؤنکا آواہن کیا سندری شریات پتری چمن رشی سے بولی ایستہ سوامی پتا کے گہر جگ ہے ہم کو بہی چلنا جوگ ہے چمن رشی نے کہا کہ ہی پریا بنا آدر ستکار اور بنا بلائے جانا اچہا نہین کلیش پراپت ہوتا ہے وہ راج پتری بولی کہ ہے مہاراج پتا کے گہر بنا بلائے بہی جانا جوگ ہی چمن رشی اپنے من مین یہہ سوچ کر کہ اسی جگ مین اسنی کمار کو بہاگ دلاؤنگا سندری سہت جگ مین گئے اور سب دیوتا اور رشیون کو جگ مین استہت دیکہا پتو راجا اتہوا رانی نے اونکا کچہہ آدر نہین کیا اور بہت سی استری جو وہان بیٹہی ہوئی تہین کہنے لگین کہ دیکہو یہہ راج کماری کیسے تو برده رشی کے ساتہہ بیاہی گئی تہی اور اب کیسے سندر پرش کے ساتہہ آئی ہے یہہ بڑا اپچت کرم کیا ہے ایسی ایسی بچن سنکر چمن رشی نے کوپ کیا اور جبسے دیو بہاگ ہونے لگا تو برہسپت جی سے آدلیکر سمپورن دیوتا اور

کو بھاگ ملا اور اسُنی کمار کا بھاگ جب اندر لینے لگا تب چمن رشی نے اہنکار شبد کہکر کہا کہ تسٹ ارتہات ٹہرو اُسی سمے اندر کا دہہ جکڑ گیا اور بجر ہاتہہ کا ہاتہہ مین ہی رہگیا ❊

ساتوان ادہیاء ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین اسُنی کمار کو جگ مین چمن رشی نے بہاگ دلایا اور راجا ریوت اور انکی کنیا ریوتی کا اُتپن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہی راجن جب اندر استمبہت ہوا تو برہسپت جی سے پوچھا کہ ہی مہاراج میرا دیہہ کس اپرادہ سے بند ہوگیا برہسپت جی نے کہا کہ ہے راجن تم نے جو اسُنی کمار کا بہاگ چہین لیا ہے اس کارن چمن رشی کا کوپ ہوا ہے جس سے تم استمبہت ہوئے اور تمہارا بجر استہیل ہوگیا ہے اور اندر اور راجا شریات نے جانا کہ یہہ وہی رشی ہین راجا شریات کو اشچرج ہوا اور اوس راج کماری نے سب برتانت اپنا اور چمن رشی کا اپنی ماتا سے کہا اور اوسکی ماتا پتا نے اپنی پتری کو کنٹہہ سی لگایا اور اپنے جاماتر کو سندرتن اوستہا دیکہکر پرسن ہوئے اور اندر چمن رشی سے بولا کہ ہے مہاراج مجھہ سی تمہارا کوئی اپرادہ نہین ہوا ہے اور جو ہوا ہو تو برنن کرو جیسے تم کہوگی مین کرونگا چمن رشی نے کہا کہ ہی اندر جو تم سی برہسپت جی نے کہا اوسکو بچارو اور جو بہاگ اسُنی کمار کا ہے اونکو دیدو تم آنند کو پراپت ہوگے اور مین پرسن ہونگا اندر نے ہاتہہ جوڑکر کہا کہ ہے مہاراج یہہ اپرادہ میرا چھما کرو آج سی پہر اسُنی کمار کا مین بہاگ گرہن نہین کرونگا تم اونکا بہاگ اونکو دو اور اسُنی کمار نے بہاگ اپنا پایا راجا شریات نے پورن اہوتی دیکر جگ سماپت کری اور چمن رشی کی استتی کری اور اپنی پتری کو انیک پرکار کے پدارتہہ دیکر بدا کیا بیاس جی بولے کہ ہی راجن یہہ کتہا شاسترون مین بکہیات ہی اور وہ اپسرا کنڈ ہی جسمین چمن رشی نے اشنان کیا تہا اونکی آشرم کے سمیپ ہی ہے راجا شریات کی انرت پتر ہوا انرت کے ریوت پتر تہا اس ریوت نے ایک کسُتلی نگر نام سمدر کے تٹ بسایا تہا اور پرجا کا پالن شام دام ڈنڈ بہید سی کرتا تہا اوسکی سو پتر ہے اونمین بڑا پتر کاکدم نام تہا اور ایک پتری ریوتی نام تہی جب وہ کنیا بر کے جوگ ہوئی راجا ریوتی کو اپنی ساتہہ برہما جی کے پاس لے گیا اوس سمے برہما جی جگ کر رہے تہے اور سمپورن دیوتا بیٹہی ہوئے تہے ❊

آٹہوان ادہیاء ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین برہما جی کا گیا

دینا ریونی جی کے بواہ کا بلدیو جی کے ساتہہ اور سوم بنس کی اُتپتی اور سری کرشن جیکی اوتار ہو کہتا بن ہے

راجا جنمیجہ نے بیاس جی سے پوچہا کہ ہے مہاراج راجا ریوت رنی سہت منش دیہہ سے برہم لوک مین کیسے گیا منش دیہہ
کہان چہوڑی اور پہر منش لوک مین کیسے آیا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اندر لوک پُن لوک ستیجی پری برن لوک
کیلاش اور بیکنٹھہ لوک کہنے ہی ماتر ہین پرنتو سمپورن لوک میرو کے سکہر پر ہین ہے راجن ایک سمی ارجن اندر
لوک کو گیا اور پانچ برس تک اندر لوک مین منش دیہہ سے استہت رہا اور اور بہی راجا منش دیہہ سے گئے ہین اور دیوتون
نے کئی بار اندر پری کو جیتا اور اندر کو نکالدیا ہے ایک مہابہک نام راجا گنگا جی کے نیتر برہما جی کے سنمکہہ گیا تہا جسنی گنگا
جی کے اور دیکہا اور گنگا جی نے اوسکو پریم سے دیکہا تہا اور برہما جی نے گنگا جی کو منش لوک مین جانیکا شاپ دیا تہا جس
شاپ سے گنگا جی منش لوک مین آئین سو ہے راجن تم یہہ سندیہہ مت کرو کبہی دیوتا بیکنٹھہ کو کبہی رتہش اندر لوک کو جاتے
ہین ایسا ہی ہوتا رہتا ہے پہر راجا جنمیجہ نے پوچہا کہ ہے مہاراج راجا ریوت نے برہما جی سے اپنی پتری کو لیجا کر
کیا کہا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن جب جگ سماپت ہو چکی راجا ریوت نے برہما جی سے کہا کہ ہے مہاراج مین اس کنیا
کا بواہ کسکے ساتہہ کرون برہما جی نے کہا کہ ہے راجا جب یہہ کنیا بہت اوستہا کو پراپت ہو جایگی اور تمہاری سمپورن کُل کا ناش
ہو جاییگا ستائیسوین دواپر مین اسکو پت پراپت ہوگا اور یہہ پتری دیتون سے لوٹی جایگی اور سوم بنس مین ایک اوگر سین
متہرا پری کا راجا بکہات ہوگا اوسکے ایک کنس نام پتر اتنیت پراکرمی ہوگا جو سادہو سنتون کو دکہت کریگا جب تہوی
بڑے بہار کو پراپت ہوکر برہما جی کے شرن جایگی اور سری لشنو بہگوان کے انس سے سری نارائین جکا رشیون نے بدری کا شرم
مین تپ کرا ہے ساکشات دیبی روپ دیو کے گربہہ سے یادو کُل مین بسدیو جی کے گہر کرشن نام باسدیو اُتپت ہونگے تب
اُنکے ہی ہاتہہ سے وہ پاپی کنس مارا جائیگا اور اوگر سین کو سری کرشن راج گدی پر استہت کرینگے اور پہر کنس
کا سسرا جراسندہ متہرا نگری کو گہیر لیگا اور سری کرشن مہاراج جی جراسندہ کو جدہ مین جیتینگے پہر کال جون اُسکے
ساتہہ آویگا اور سری کرشن مہاراج کال جون کے بہے سے متہرا کو چہوڑ کر متہرا باسیون سہت دوارکا پوری مین جا بسینگے
اور اونکی بڑی بہراتا بلدیو جی ساکشات سیس جی کے انس سے بکہات ہونگے اونکا نام بلد ہر جی بہی ہوگا اور دوسرا نام
اونکا موسلی کر کے ہوگا سو ہے راجن اوس اپنی کنیا کو اُنکے ساتہہ بواہ دیجو اور اتنے کال تلک تم تپ کرتے رہو پہر

اس ستّری کا بواہ کرکے بدر کا شرم مین جاکر تپ کر یو راجا ریوت یہہ برہما جی کی آگیا مانکر دُوارکا مین جاکر تپ کرنے لگا
جب تک بلدیو جی کا اوتار ہوا اور دُوارکا کی رچنا ہوئی تپ کرتا رہا اور جب بلدیو جی کا اوتار ہوا تب اوس راجانے ریوتی
کا بواہ بلدیو جی سے کردیا اور آپ تپ کرنیکو بدر کا شرم مین چلا گیا اور تپ کی پشچات دیہہ تیاگ کر سُرگ کو پراپت ہوگیا راجا
جنمیجے نے کہا کہ ہے بیاس جی مجھکو اچرج آتا ہے کہ وہ کنیا ایکسو آٹھہ جُگ تک کیون بردہ نہوئی اور راجا ریوت کی
بہی اتنی دیر گہہ آیو کیون ہوئی بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن یہہ تپ کا پربہاؤ ہے نہ تو بردہ ہوتا ہے نہ مرتیو کو
پراپت ہوتا ہے اور شریات کا گل میرو پربت کے سمیپ راچہشون کے ہاتھہ سے نشٹ ہوگیا جو کہ کُستلی پوری کو تیاگ
کر ہے بہیت ہو اینک دشاؤ نمین جا بسے سو ہے راجن سورج بنس مین منو کا پتر اکشواک نام ہوا اوسنے بنس کی
بردہی کے کارن نارد جی سے اُپدیش پاکر دیوی جی کا دہیان کیا اُسکے سو پتر ہوئے اُنمین بکُکش نام ایک پتر بلوان
ہوا جسنے اجودہیا پوری کا راج کیا اُسکے سگنی سے آدلیکر سو پتر بلوان ہوئے اُنمین سے پچاس پتر تو اوتّرا ور دکشن
اور پورب اور پچہم کی دیشون مین راج کرتے تہے اور اٹھتالیس پتر پرجا کی رکشا کرتے تہے اور دو پتر راجا کے پاس سدیو
کال سیوا مین رہتے تہے ✦

نوان ادہیا، ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین سورج بنس کا بستار اور راجا ماندہاتا کا اپنے پتا کی کوکہہ سے اوتپت ہونیکا برنن ہے

بیاس جی مہاراج نے کہا کہ ہے راجن ایکدن اشٹ شرادہ کے نمت بکُکش راجانے بن سے مانس منگوایا سشاد پتر راجا کا
آدہا مانس تو شرادہ کے کارن راجا کے پاس لایا اور آدہا آپ بہکشن کر گیا جب راجا بشسٹ جی کو بلاکر شرادہ کرنے لگا تو بشسٹ
جی نے دہیان کرکے کہا کہ ہے راجن تیرے پتر نے اُنچت کرم کیا ہے کہ شرادہ سے پہلے اس مانس سے بہکشن کرلیا ہے راجا
نے یہہ سنکر اپنے پتر ششناد کو راج سے باہر نکال دیا وہ پتر بن مین رہنے لگا اور بکُکش راجا کی مرتیو کے پشچات وہ ششناد
اجودہیا کی راج پر بیٹہا اور اینک جگ بنیک دان برہمنون کو دیئے اُسکے ککُستہہ نام پتر ہوا اوسکے دو نام اور تہے اندرباہ اور
پورنجے راجا جنمیجے نے بیاس جی سے پوچھا کہ ہے مہاراج ککُستہہ کے دوسرے دو نام کیونکر ہوئے تہے بیاس جی نے کہا کہ ہے
راجن ششناد کے سُرگ جانے کی پشچات ککُستہہ راج گدی پر استہت ہوا ایک سمے دیتون نے دیوتاؤن کو جیت کر

اندرپوری سے نکالدیا اور راج چہین لیا دیوتاؤن نے سری بشنو بہگوان کی شرن جاکر پرارتہنا کری کہ ہے مہاراج کرپا کرکے ہمارا راج ہمکو پرا پت کرو سری بشنو بہگوان نے آگیا کری کہ ہے دیوتاؤ راجا گگتہہ پرم بہگت بہگوتی کا ہے تم منش لوک مین اوسکے شرن جاؤ وہ بہگوتی کی کرپا سے تمہاری سہای کریگا دیوتا راجا گگتہہ کی پاس آئے راجا دیوتاؤن سے ہاتہہ جوڑکر بولا کہ ہے مہاراج تم نے پرم انوگرہ کیا جو میرے بہون کو اپنے چرنون سے پوتر کیا جو آگیا ہو سو کرون دیوتاؤن نے کہا کہ ہے راجن تم اندر کی سہایتا ہو ہماری سہای کرو دیتون سے ہم دکہت ہین تم بہگوتی کے انوگرہ سے دیتون کا ناش کرو ہمکو سری بہگوان نے تمہاری پاس بہیجا ہے راجا بولا کہ ہے دیوتاؤ مین نشچے سری بہگوتی کی کرپا سے دیتون کا ناش کرونگا پرنتو سنگرام کے سمے مجہکو بل بشیش ہوجاتا ہے میرے باہن کا سوچ کرو اندر میرا باہن بنے تو اوسکے اوپر چڑہکر مین سنگرام کرون دیوتاؤن نے اندر سے جاکر کہا اندر نے کہا اچہا مین باہن ہونگا اور بیل کا روپ دہر لیا راجا نے اوس بیل پر شیوجی کے تل چڑہکر سنگرام کیا۔ بیل کو جو ککتہہ کہتے ہین اور راجا اوسپر چڑہا اسکارن اوسکا نام ککتہہ ہوا اور اندر کا اوپر چڑہا اس سے اوسکا نام اندر باہ ہوا اور اوسنے جو پور دیتون کو جیتا اوسکا نام پورنجی ہوا راجا نے دیتون کو مارکر دیوتاؤن کو اونکا ادہکار دیا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن راجا ککتہہ کا یہہ برتانت ہے جو مینے برنن کیا اوس ککتہہ راجا کی پرتہو نام سری بشنو بہگوان کے انش سے پتر اوتپت ہوا اور پرتہو کے چندر اور چندر کی یوناسن اور یوناسن کے شانونت پتر ہوا شانونت راجا نے اننتا پوری جسے اوجین کہتے ہین بسائی اوسکی پرم دت اور اوسکی کوبلاسو جسنے دہوندہو نام دانو کو مارکر دوسرا نام دہوندہو مار پایا تہا اور اوسکے ڈراسو اوسکے ہر لشبو اوسکے نکمبہہ اوسکے برہتا سو اوسکی کرپا سو اوسکی پرسین جت اوسکی یوبنا سو اوسکے ماندہاتا جو سری بہگوتی کی کرپا سے استوتر سہنس تیرتہہ پرپتا کی کوکہہ سے اوتپت ہوا تہا راجا جنمیجہ بولا کہ ہے مہاراج بنا ماتا کے پتا کی کوکہہ سے ماندہاتا کیسے اوتپت ہوا اور جب اوسکی پتا کی کوکہہ چیر کے نکالا ہوگا اوسکا پتا کیونکر جیتا رہا ہوگا یہہ بڑا اشچرج ہے بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن یونیاسو راجا کے سنتان نہین ہوتی تہی اوسنے سو رانی بہی بواہین راجا چنتاوان ہوکر رشیون کے آشرم مین گیا رشیون نے راجا کی چنتا کا کارن پوچہا راجا نے کہا کہ ہے مہاراج میری سو رانی بہی ہین پرنتو کسی رانی سے بہی پتر نہین یہہ پرم دارن دکہہ ہے سو تمہاری شرن آیا ہون رشیون نے کہا کہ ہے راجن تم یہان ٹہرو ہم تمہارے پتر ہونیکا اوپاے کرینگی اور رشیون نے کلس جل کا انیک منترون سے بہر کر استہاپت کیا راتری کے سمے رشی تو سو رہے اور راجا کو اتینت تش نے بادہا کری جو کہ اوس استہان مین کہین

جل نہ دیکھا تو راجانے اوس کلس سے جل پان کر لیا پرات کال رشی جو بید ودھن کرکے کلش کی پوجن کرنے لگے تو کلس کو جل سے رتیا دیکھہ کر راجا سے پوچھا راجانے کہا کہ ہے مہاراج رات کو مجھے تر کہانے بادہا کیا تہا سو مینے پان کر لیا رشی بولے کہ ہی راجن یہہ جل تو تیرے پتر اُتپت ہونے کے کارن تہا پرنتو ونیتو کی اچہا کا اوپا نہین اور رشیون نے جگ سماپت کری اور سب اپنے اپنے استہان کو چلے گئے اور راجا کو گربہہ کی پراپتی ہو گئی جب گربہہ پورن ہوا تو راجا کی کوکہہ چیر کر پُتر کو نکالا اور رشیون نے رکشا منتر پڑہی اُس سے راجا جیتا رہا منتریون نے راجا سے کہا کہ ہی مہاراج یہہ پتر بنا ماتا کے کیسے پالن ہوگا اسکی پالنا کون کریگا راجا اُس پتر کو لیکر اندر لوک مین اندر کے پاس گیا اور اندر کی سہایتا سے اُسکی پالنا ہوئی جسکا نام ماندہاتا بڑا بلوان اور پرجا کی پالنا کرنیوالا ہوا۔

دسوان ادہیاء ساتوین سکندہہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین انہی پتا ارن نام کی شاپ سے ست برت کی چانڈال ہو جانے اور برہمن تپسی کے اپرادہ اور بسومتر جی کی استری اور پوترونکے پالن کرنے او لبشست جی کی گئو کے ہتنے اور ست برت کو دوسرا شاپ لبشست جی سے ہونیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ وہ راجا ماندہاتا چکرورتی ہوا اُسنے پرتہوی پر چور اور دُشٹ بربیج کردئیے اوسکا نام اندر نے ماندہاتا رکہا تہا اوس راجا کا ششی بند نام راجا کی پتری بندوتی سے بواہ ہوا اُس رانی کے گربہہ سے دو پتر ہوئے ایک پوروکت دوسرا مچکند پوروکت کے اُترن نام بڑا دہرماتما اور بہگت وان پتر ہوا اور اُنہون کے دہرمداس پتر ہوا اور ہرجس اُسکے ترونہوان اُسکے اُرن اُسکے ست برت نام پتر ہوا وہ بڑا پراکرمی اور لمپٹ تہا ایک سمے وہ برہمن کی استری کو بواہ کے سمے ہر لیگیا سمپورن برہمن اُس راجا ارن کے پاس جا پکارے کہ ہی مہاراج تمہارے پتر نے بوا ہتا برہمنی کا ہرن کیا سو ہمکو اس سمے کچہہ بل نہین تمہارے پتر نے راج بل سے ایسا کیا ہی راجانے اپنے منتریون کو آگیا کری کہ اس پتر کو راج سے باہر نکال دو ایسے پتر سے بنا پتر ہی اچہا ہون اور راجانے یہہ ہی شاپ دیا کہ تمنی چانڈال کرم کیا ہی تو چانڈال ہو ست برت وہشں ان لیکر بن مین بیچرنے لگا اور کرودہ کو پراپت ہوکر لبشسٹ جی کے شہرن جاکر ڈونڈوت کری لبشست جی نے اُسکو

سمجھایا پرنتو راجا نے بشسٹ جی سے کہا کہ مہاراج ایسے کھوٹے کرم کا پھل نہیں ہے یہہ کہکر وہ راجا پتر ہونیکے کارن
تپ کرنے چلا گیا اور نو برس تک بن مین تپ کیا ایک سمے لسوہتہر جی سینا من ہارن کرکے کوشکی ندی کے تیر تپ کرنے لگے
اور اونکی استری پترون سمہت دارد رتا کو پراپت ہو کر بن مین بچرتی کہنے لگی کہ دیکھو کوئی اس پرتھوی پر راجا ہی نہین ہے
جو میرے پترونکی پالنا کرے میرے پتی نے تو سنتست دہرم کر لیا اب مین ان پترونکی کیسے پالنا کرون اور ایک پتر کو
دوسرے پترونکی پالنا کرنیکو منت بیچ ہی ڈالا اور جو رہے ہو ونکو لیکر بن مین چلی ایک کو تو کنٹھہ سے باندہ لیا ایک
کی انگلی پکڑ لی وہان ست برت پھرتا تہا اُسنے اُس استری کو دیکھکر پوچھا کہ ہے کلیانی تو کون ہے اور کسکی استری ہے
اور اکیلی اس بن مین کیون پھرتی ہے وہ بولی کہ مین لسوہتہر کی استری ہون وے مجھکو پترون سمہت چھوڑکر تپ
کو چلے گئے ہین اور مین دہن اور ان سے ہین ہون ایک پتر تو مین بیچ چکی ہون اور ان پترونکی پالنا کرتی ہون راجا ست برت
نے کہا کہ ہے کلیانی اس پتر کو تم کنٹھہ سے کھولو اور اس برچھہ کے نیچے استہت رہو جبتک تمہارا پتی آویگا مین تمہارا پوشن
کرونگا وہ رشی پتنی اپنے پتر کو کنٹھہ سے کھولکر برچھہ کے نیچے بیٹھہ گئی اوس پتر کا نام گلوکے باندہنے سے گالب ہوا اور
ست برت اوسکی سیوا کرنے لگا اور ہرن کو مارکر کے مانس لادے اور اونکو دے اور ان ہی لاکر دیدی ایسے ہی پالنا کرتا رہا ایک دن
ست برت کو کوئی پشو پنچھی نہین ملا تو اجودہیا پوری کے نکٹ بشسٹ جی کے آشرم کے پاس ایک گئو کو دیکھکر ہتا اور اسکا
مانس کچھہ آپ کہایا کچھہ اُس رشی پتنی کو دیا کچھہ جو بچا برچھہ سے باندہ دیا بشسٹ جی اپنے آشرم سے اُس سمے راجا ارن
ست برت کی پتا کے پاس جو اُسی بن مین تپ کررہا تہا گئے تہے اور اونکو سمجھا رہے تہے کہ ہے راجن بنا راجا کے پرجا کا پالن
نہین ہوتا تو اپنے راج استہان کو چل جب اوسنے نمانا تو بشسٹ جی اپنے آشرم مین آئے اور گئو کو ندیکھکر ست برت
سے کہا کہ تینے یہہ کیا کرم کیا جو میری گئو ہتی تجھسے تین اپرادہ ہوئے ہین ایک تو برہمن پتنی کو ہرا دوسرے تیری بات
نے کرودہ سے تجھکو شاپ دیا تیسرے یہہ کہوٹا کرم کیا کہ میری گئو کو ہتا سو تو ترشنکو نام کرکے بکہات ہوگا جا تو چانڈال
ہوجا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن وہ ست برت بشسٹ جی کے شاپ سے پشاچ ہو گیا اور ست برت سری بھگوتی
جی کا تپ کرنے لگا اور منتر جپنے لگا +

گیارہوان ادہیاے ساتوین اسکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہر ولوکرت بھاشا کا جسمین ست برت کا

شاپ سے چھُوٹ ہو کر بھگوتی کی کرپا سے اور اپنے باپ کے پاس آنے اور اُسکے باپ کا راج نیت سمجھانے کا برنن ہے

راجا جنمیجے نے پرشن کیا کہ ہے بیاس جی اُس ترشنکو راجا کو جو شاپ بششٹ جی سے ہوا تھا وہ کیسے موچن ہوا بیاس جی نے
کہا کہ ہے راجن راجا ستیہ برت نے سری بھگوتی کا نوار نو منتر بھگتی سے جپا تھا اور منتر جپنے کے پشچات برہمنونکو ہون
کرنیکے نمت جو بُلایا تو برہمنون نے کہا کہ ہے راجا تم ہون اور پوجا کرنیکے جوگ نہین ہو تم بششٹ جی کے شاپ سے پشاچتا
کو پراپت ہو راجا کو چنتا ہوئی اور اپنے من مین کہنے لگا کہ اس جینے سے مرنا بھلا ہے اور اگنی پرویش ہونے کی
منسا کرکے چتا بنا کر اگنی پرجلت کری اور نوار نو منتر جپ کر چتا مین بھسم ہونیکو تھا کہ سری بھگوتی جی نے ساکشات سنگھ
کے اوپر آروڑھ درشن دیئے اور کہا کہ ہے ستیہ برت تو اگنی پرویش مت ہو تینے بھلے پرکار میری پوجا کری ہے اب تیرا
آج سے تیسرے دن تجھکو راج بھون مین لیجائیگا سری بھگوتی اوسکو پاپ رہت کرکے انتردھیان ہوگئین اور نارد جی
مہاراج نے اجودھیا پوری مین آکر ستیہ برت کے پتا سے سب برتانت برنن کرکے کہا کہ ہے راجا تیرے پتر کو سری بھگوتی
نے پاپون سے رہت کردیا ہی اب تم اپنے پتر کو بُلالو راجا نے پرسن ہوکر منتریون سے کہا کہ ہے منتریو تم میرے پتر کو لاؤ منتری
ستیہ برت کو راجا کے سنمکھ لائے راجا نے اپنے پتر کو کنٹھہ سے لگا کر اپنے سمیپ بٹھلایا اور بناء پور بک راج نیت سمجھائی کہ
ہے پتر پرجا کا پالن بھلے پرکار کرنا چاہئیے اور اسّت کبھی نہ بولنا چاہئیے پرنتو جہان ستیہ گنو اتھوا کسی جیو کی رکشا ہوتی ہو وہان
اسّت ہی بولنا جوگ ہے اور جو پوجن کے جوگ ہین اونکا پوجن کرنا اُچت ہی اور جو جوگ نہین ہین اُنکا پوجن اُچت نہین
ہے اور راج کاج دھرم شاستر کے پرمان کرنا جوگ ہی اور منتر کو سدا گُپت جپنا چاہئیے اور اوستھا کو گُپت رکھنا چاہئیے
اور پر استری کو کُدرشٹی سے دیکھنا بڑا پاپ ہی اور متر اور شترو کو بناء کی سمی سمتل دیکھنا چاہئیے اور استری کے بچن مین لسواس
کرنا نچاہئیے اور برتھا بچن کہنا انچت ہی اور جہان جوا ہوتا ہو وہان ٹھہرنا اُچت نہین اور بناء سے اُنکو دنڈ دینا جوگ ہی
اور اتینت کہیت کرنا نچاہئیے اور بید پاٹی برہمنون کی پوجا کرنا جوگ ہی اور سُور کہو نکا ستسنگ اُنچت ہی اور اتینت لوبھ بھی
کرنا نچاہئیے اور جو دنڈ کے جوگ ہین اونکو ڈنڈ دینا اوشّ ہے اور استری کا تیاگن کرنا ہی ڈنڈ ہے اور کوئی ڈنڈ دینا جوگ نہین
اس پرکار راجا نے اپنے پتر ستیہ برت کو بہت سمجھایا ٭

بارہواں ادّہیا، ساتویں اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران بہردیوکرت بہاشا کا جسمین راجا ستبرت کا پہر دوسرے شاپ لشبشت جی سے لشاچ ہوجانا اور ہرشچند را سکی پتر کا راج گدّی پر بیٹہہ جانیکا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اُس راجا نے اپنے پُتر کو سمجہا کر راج گدّی پر اپنے تیرتہوں کے جل سے ابہشیک کرا کے استہت کر دیا اور آپ تیسرے پن مین تہا استری سہت تپ کرنیکو بن مین چلا گیا تہوڑے کال پیچہے وہ سُرگ پراپت ہوا راجا جنمیجے بولا کہ ہے بیاس جی یہہ شاپ موچن تو ستبرت کا وہ ہوا جو اوسکی پتا نے دیا تہا جو لشبشت جی نے گئو تیا سے شاپ پایا تہا وہ کیسے موچن ہوا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اُسنے جو نوار نو منتر جپا تہا اوسکی پربہاؤ سے بشبشٹ جیکی شاپ کا بہی چہہ ہو گیا تہا کہ نوار نو منتر کے جپنے والونکی کوٹان کوٹ تہیّا نوارن ہو جاتی ہین اُسی منتر کے پربہاؤ سے لشبشٹ جی نے بہی آکر راجا ستبرت سے پریت کری اور اپنے شاپ کا موچن کیا اور ستبرت راجا کے ہرشچند ر پُتر سرب شاستر و نمین پریت کرتا اور پرم بہگت بہگوتی جی کا ہوا ایک دن ستبرت نے یہہ اچہا کی کہ مین اسی دیہہ سے سُرگ کو جاؤن تو اچہا ہے اور لشبشت جی کے آشرم مین جا کر اُنسے کہنے لگا کہ ہے مہاراج میری یہہ اچہا ہے کہ مین اسی دیہہ سے سُرگ کو جاؤن سو تم منتر دان کے بل سے مجہے سُرگ کو پہونچاؤ لشبشت جی نے کہا کہ ہے راجن اس دیہہ سے سُرگ مین جانا بہت دُرلبہ ہے اور سُرگ مین اپسراؤن اور دیوتاؤن کے سمیپ رہنا اس دیہہ سے کٹہن ہے آج تک کوئی نہین گیا ہے راجا یہہ بات سُنکر کرودہ مین ہو کر بولا کہ جو تم میری اچہا پورن نہین کرتے ہو تو مین اور پروہت کر کے سُرگ کو اسی دیہہ سے جاؤنگا لشبشت جی نے کوپ ہو کر کہا کہ ہے راجا تو ابہی شاپ سے چہوٹا ہے اور پہر مینے مجہسے انچت بچن کہے اب پہر شاپ دیتا ہون کہ جا تو پشاچ جون کو پراپت ہو راجا پشاچ جون کو پراپت ہوا اور دِبّ یہہ اوسکا کرشن ہو گیا اور جو اوسکی دیہہ سے سوگندہ آتی تہی اب دُرگندہ آنے لگی راجا پچتاوان ہو سری بہگوتی جی کا آسرا اپنے من مین دہر کر بن کو چلا گیا اور ایک پرکا کے اوپا، اپنی مرتیو کے سوچنے لگا پر نام سری بہگوتی کا دہیان کرنے لگا اور سری گنگا جی کے تیر جا کر استہت ہوا ہرشچند ر اوسکی پُتر نے اپنے پتا کو دُکہت سُنکر منتریون کو اوسکے لانیکو بہیجا منتری ستبرت کی پاس گئے اور کہا کہ ہے مہاراج تمکو راجا ہرشچند ر نے بُلایا ہے اور تمہاری شاپ کا بہی موچن ہو جائیگا راجا ستبرت نے کہا کہ ہے منترلو میرا یہہ دیہہ چنڈالتا کو پراپت ہو رہا ہے راج استہان مین بیٹہنے کے جوگ نہین ہون مجہسے استری بہی پرسن نہو گی اب تم راجا ہرشچند ر میرے پُتر کو ہی راج گدّی پر بٹہلاؤ مین اپنے کرمون کو

بھوگ کر اجو دھیا پوری مین آ ؤنگا منتریون نے ہرشچند کو راج سنگیاسن پر بٹھلا دیا پر تو ہرشچندر سدیو اپنے پتا کے دُکھہ کی چنتا کرتا تھا ٭

تیرھوان ادھیا، ساتوین سکندہ سری دیوی بھاگوت مہا پُران ہر دیو کرت بھاشا کا جسمین ست برت کا لبسو امنتر جی سے ملنے اور اپنی دیہہ سہت سُرگ کو جانے کا برنن ہے

راجا جنمیجے نے پوچھا کہ ہے بیاس جی راجا ست برت پھر کیسے شاپ سے چھوٹا بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن وہ راجا ست برت گنگا جی کے تیر بھگوتی کا دھیان کر رہا تھا کہ لبسو امنتر جی اپنے آشرم مین آئے اور اپنی استری سے پوچھا کہ ہے کلیانی مین تمہارے پاس ان بھی نہین چھوڑ گیا تھا تمنے بالکونکی پالنا کیسے کری تمکو تیاگن کرکے گیا اور تپ کیا پرنتو مجھہ سے تپ بھی نہ بن پڑا اور مینے بن مین ان کا بھی دُکھہ پایا اور بڑی اپت ہوگی جب مجھکو اتینت چھودھا نے بادھا کی تب مین ایک چانڈال کے گھر گیا وہ چانڈال سوتا تھا اوسکے گھر مین ایک بھانڈے مین منش کا مانس کہا ہوا دیکھکر اوسکو چرانے کی اچھا کری اتنے مین وہ چانڈال جاگ پڑا اور اوسنے لال لال نیتر کرکے میری اور دیکھا اور کہا کہ تو کون ہے اس سمے میرے گھر مین کیون آیا ہے مینے کہا کہ مین چھدھا سے اس سمے دُکھی ہون اور مین برہمن ہون بھوجن کے نمت اس بھانڈے کی چرانے کی اچھا کرکے آیا ہون وہ چانڈال بولا کہ ہے مہاراج تم برہمن ہو مین چانڈال ہون اور یہہ مانس چانڈال کا تمہاری بھوجن کرنیکے جوگ نہین ہے یہہ بچن چانڈال کے مینے سنے اور مجھکو گیان ہوا اور اوسکے گھر سے نکلا اور مینے بھگوتی کا دھیان کرکے کہا کہ ہے مہارانی تم نی بھلا میرا دھرم بچایا بڑی کرپا کری سو ہے پریا اس دیہہ کی رکشا کے نمت کسی پرکار کا او پاو کرنا جوگ ہے تو کچھہ لجا مت کر جس سمے میرا چت چور کرم مین ہوا تھا اُس سمے پرتھوی کے اوپر برکھا نہین ہوئی تھی اینک پرکار کے اُپتات ہوتے تھے اُس چانڈال کے مُکھہ سے جو مینے انچت بول سُنے اور مینے سری بھگوتی جی کا دھیان کیا تو برکھا بہت ہوئی اور پرجا مین آنند ہوا سو ہے پریا جو برتانت میرا تھا وہ مینے تجھہ سے کہا اب تو بھی اپنا برتانت کہہ کہ میرے پیچھے تیری اور تیرے پتر ونکی کیا گتی ہوئی اور تینے کیسے اُودر پالنا کری لبسو امنتر جی کی استری بولی کہ ہے مہاراج تمہارے جانے کے پیچھے مینے کٹھنائی سے اپنا کال بتیت کیا برچھون کے پتر اور پھل کھائے ایک پتر کو اور پترونکی پالنا کے نمت بیچ بھی ڈالا پرنام بن مین راجا ست برت نے بھی اپنا برتانت اُسکی پہونچنے پر کہا اُسنے میری پالنا کرنے کی تمہارے آنے تک پڑگیا کری اور اُسنے

پالنا کری اور بہوجن دیا ایک دن راجا ست برت کو مرگیا کی پراپتی تہوئی تو اوسنے بشسشٹ جی کے آشرم مین گئو کو ہت کر اپنا اور میرا اوور پالن کیا بشسنٹ جی نے راجا کو شاپ دیا کہ تیرا نام ترسنگو ہو اور چانڈال ہو جا سو وہ چانڈال ہوکر بیٹھہ رہا ہی مہاراج تمنے جو میرا برتانت پوچہا مینے ست ست کہدیا بسوامتر جی بولے کہ مین اُس راجا ست برت کا پہلی پرکار شاپ ہوچن کرونگا اور جو وہ کہیگا سو اُسکے کارن کرونگا بسوامتر جی اُس ترسنگ کی سمیپ گنگاجی کے تیر گئی بسوامتر جیکو دیکھکر ترسنگو چانڈال روپ کہڑا ہوگیا اور ڈنڈوت کری بسوامتر جی نے راجا ترسنگ سی کہا کہ ہے راجا تم چنتا مت کرو اور جو تمہارے من کی اچہا ہو سو مجھہ سے کہو مین تمہارے من کی اچہا پورن کرونگا ترسنگو بولا کہ ہے مہاراج مینے پورب اینک پراوہ کیئی سو سب سری بہگوتی کی کرپا سے نرورت ہوئی اب مین بشسشت جی کے شاپ کو پراپت ہوا ہون سو میرے من کی یہہ اچہا ہی کہ مین اسی دیہہ سے اندر پوری مین استہت ہون اور اپسراؤنکو دیکھون اور سرگ کی سکھونکو بہوگون لیا انوگرہ کرو کہ میری یہہ اچہا پورن ہو*

چودہوان ادہیا۔ ساتوین سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین ست برت کا اسی دیہہ سی جانا سرگ کو بسوامتر جی کی کرپا سی اور ہر شچندر کا برن سے پراتہنا کرنا سنتان اُتپت ہونے کے کارن اور پُتر کا اُتپت ہونا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن بسوامتر جی یہہ بچن راجا ترسنگو کے سُنکر بولے کہ ہے راجن بشسشٹ جی نے تم سی کہا کہ اس دیہہ سی سرگ مین جانا درلبھہ ہے سو مین تمکو اسی دیہہ سی سرگ مین پہونچاؤنگا اب تم رشیونکو بلاکر جگ کرو مین تمہاری جگ پورن کرونگا راجا ترسنگو جب برہمنونکو بُلانے لگا تو بشسشٹ جی نے برہمنون سے کہا کہ تمکو اس راجا کے جگ مین جانا اُچت نہین ہے کہ وہ بڑا اگر ہیت ہی اور اسی دیہہ سی سرگ کو جانا چاہتا ہے بشسشٹ جی کے بہکانے سی کوئی برہمن نہین آیا بسوامتر جی نے کوپ کرکے راجا کو اپنے سامنی بُلا لیا اور ہاتہہ مین جل لیکر کہا کہ جو مینے تپ کیا ہی اور گایتری جپی ہے اوسکا پہل مینے اس راجا کو دیا اور گایتری پڑہکر جل کا جو چہڑکا دیا راجا پکشیون کے تُل سرگ کو اُڑگیا جب وہ اندر لوک مین پہونچا دیوتاؤن نے راجا چانڈال روپ کو آتا دیکھکر اندر سے کہا کہ ہے مہاراج یہہ چانڈال تا کو پراپت ہی یہہ تمہاری پوری مین آنے کی جوگ نہین ہے اندر بولا کہ ہی راجا تو شگہر پرتہوی پر چلا جا اس استہان مین رہنے کی جوگ تو نہین ہے ترسنگو راجا اندر کی بچن سُنکر پرتہوی پر آنے لگا بسوامتر جی نے اُسکو آتا دیکھکر انترکش مین ہی کہا کہ (تشٹ) ارتہات وہین ٹہر جا راجا انترکش مین

ہی ٹہر گیا لسبوامنتر جی بولے کہ جیسے اندر راج کر رہا ہے تو ہی اندر پوری مین راج کریگا اور لسبوامنتر جی نے اندر لوک رچنے کی
اچھا کری اندر نے یہہ اچھا لسبوامنتر جی کی جانکر سنمکہہ آکر ڈنڈوت کرکے کہا کہ ہے مہاراج تم پرم تپستی ہو میری اوپر کیون
کوپ کیا لسبوامنتر جی نے کہا کہ ہے اندر یا تو تو اس راجا کو سُرگ مین اسی دیہہ سے لیجا نہین تو مین دوسرا سُرگ لوک رچونگا
یہہ سُنکر اندر نے اوس راجا کی اور دیکہا تو راجا کی دِب یہہ درشٹ پڑی سو اوسکو اشنان کرا کے اندر لوک کو لیگیا سری
لسبوامنتر جی آنند کو پراپت ہوئے اور اپنی استری سے جاکر کہا کہ مین راجا ترسنگو سے اُرن ہوا اُدہر راجا ہریشچندر اپنی
پتا کا سُرگ کو جانا سُنکر پرشن ہوا اور پرجا کی بہلے پرکار پالنا کرنے لگا ہریشچندر کی رانی جو ساکشات لچھمین روپ تہی اُسکی
سنتان نہین ہوتی تہی سو ہریشچندر نے لبشسٹ جی سے پُتر ہونیکی پرارتہنا کری لبشسٹ جی نے کہا کہ ہے راجن برن کی
تُل کوئی دیوتا سنتان کا دینے والا نہین ہے سو تم برن کی جگ کرو تمہاری سنتان اُتپت ہوگی راجا نے گنگا جی کے
تیر بیٹہکر برن جی مہاراج کا دہیان کیا برن نے ایک چہن ماتر مین درشن دیکر کہا کہ ہے راجن جو تمہاری اچھا ہو کہو تمہارا
منورتہہ پورن ہوگا راجا نے ہاتہہ جوڑ کر کہا کہ ہے مہاراج مجہکو سب پرکار کا سُکہہ ہے پرنتو ایک پُتر بنا دُکہی ہون تمہاری
کرپا سے میرے پُتر اُتپت ہو برن بولے کہ ہے راجن تم یہہ سنکلپ اپنی من مین کرلو کہ جو تمہارے پُتر ہو اُس پُتر کو نسوجگ
مین میرے سمرپن کرو تو تمہارے پُتر ہوگا اور تمہارا منورتہہ سِدہ ہوگا راجا نے کہا کہ ہے مہاراج میرے پُتر ہو مین نسوجگ
مین اُس پُتر کو تمہارے سمرپن کرونگا برن جی نے کہا کہ تمہارے پُتر ہوگا اور برن جی چلے گئے   راجا اپنے استہان کو آیا بیاس
جی بولے کہ ہے راجن ہریشچندر کی رانی کو گربہہ پراپت ہوا اور دس مہینے پورن ہونے پر پُتر اُتپت ہوا راجا نے انیک پرکار کی دان دئے

پندرہوان ادہیا، ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہا پُران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین
راجا ہریشچندر سے برن کا پُتر کو مانگنی اور راجا کی سنسکار ہونی پر دینے کا پرن کرنی اور پُتر کا نسوجگ
کے بہے سے بن کو چلی جانی اور راجا کو برن کے شاپ سے جلودر کا روگ ہو جانیکا برنن ہی

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن راجا ہریشچندر پُتر کے آنند مین بیٹہا ہوا تہا کہ برن برہمن کا روپ دہر کر آئے اور کہا کہ ہے راجن
اب تمہارے پُتر اُتپت ہو گیا اب تم نسوجگ کرکے میرے ارپن کرو راجا نے کہا کہ ہے مہاراج ابہی یہہ پُتر جگ ارپن کرنے کے
جوگ نہین ہے مہینے کے اشنان کے پشچات تمہارے ارپن کرونگا برن چلے گئے جب مہینا پورن ہو گیا برن جی پہر آئے اور

کہا کہ اب مہنیا پورا ہو گیا اب یہہ پتر مجہے دو پہر راجانے کہا کہ ہے مہاراج جبتک اسکا سنسکار نہو جاوی جگ کے جوگ نہین ہی سنسکار ہو جاتے دو جب دو نگا برن جی پہر اپنے استہان کو چلے گئے اور راجا پرم آنند ہوا کہ دنون مین کو بات گئی پہر دیکہا جائیگا جب اُس پتر کے سنسکار کا سمی آیا تو پتر منتریون سے پوچہنے لگا کہ اب کیا کرم ہوگا منتریون نے کہا کہ اب تمکو جگ مین برن کے ارتہہ راجا بلی دیگا یہہ سنکروہ پتر تپا سی جہپکر بن کو چلا گیا اور برن جی آئے اور راجانے اپنے پتر کو سنسکار کے کارن بلایا منتریون نے کہا کہ وہ پتر تو کہین الوپ ہو گیا ہے راجانے برن جی سی کہا کہ ہی مہاراج اب مین کیا کرون وہ پتر تو کہین چلا گیا جو تم کہو تو مین انیک گئو اور درب تمہارے ارپن کرون برن جی نے کوپ کرکے کہا کہ تمنی مجہہ سی کپٹ کیا اور جو پتر کا سوہ کیا یہہ پتر تو تمہارے کل کو تاریگا پرنتو تمنی جو میرے ساتہہ پرن کیا تہا وہ پورن نہین کیا مین شاپ دیتا ہون کہ تمہاری جل اودر کا روگ ہو جاے راجا کو جل اودر کا روگ ہو گیا راجا پرم دُکہہ کو پراپت ہوا اور برن جی اپنی استہان کو چلے گئے +

سولہوان ادہیا۔ ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرشچند رکا ایک برہمن پتر کو بشسٹ جی کی آگیا سی بلی کے کارن لینی اور بسوامتر جی کا سمجہانا برہمن پتر کی چہوڑ دینی کا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن راجا کے پتر نے اپنی پتا کے پیڑ اسنکر پتا کے پاس آنے کی اچہا کری اندر برہمن روپ ہو کر اوس راج کمار کے پاس آکر کہنے لگا کہ ہے راج کمار تم اپنی پتا کے پاس مت جاؤ تمہارا پتا جو تم جاؤ گے برن کے ارتہہ بلی دیگا اور تمہارے پران جاوینگے اور یہان ہرشچند رنے جل اودر کی پیڑا سے دُکہی ہو کر بشسٹ جی سے پرارتہنا کری کہ ہی مہاراج برن دیوتا کا میرے اوپر کوپ ہے کوئی اوپاو بتلاؤ بشسٹ جی نے کہا کہ ہی راجن تمہارا پتر تو بن کو چلا گیا جبکا تم نے سنکلپ کیا تہا پرنتو شاسترمین دس پرکار کے پتر برنن کئے ہین اُنمین ایک پتر درب دیکر لینا بہی برنن کیا ہے سو تم درب دیکر ایک پتر لیکر برن کے ارپن کرو راجانے اپنی منتریون سے کہا منتری ایک اجی گرت نام برہمن کا پتر لوبہہ دیکر لے آئے راجا ہرشچند رنے وہ پتر جگ مین استہت کیا اور برہمنون نے اوسکو اشنان منترون سے کراکے چاہا کہ برن کے ارتہہ بلی دین وہ برہمن پتر رُوون کرکے ہائے ہائے کرنے لگا اور اوسکا پتا برہمن لوبہہ مین بہرا ہوا اور راجا اپنی روگ نرورت کرنیکو نردئی ہو گئی اُسی سمی بسوامتر جی مہاراج اُس جگ مین آئے اور کہا کہ ہے راجن دیا کرنی جوگ ہی تم سورج بنسیون مین بکہیات ہو اس برہمن پتر کو بلی مت دو اسکے پتانے تو لوبہہ مین آکر چانڈال کرم کیا تمکو تو دیا کرنی اوچت ہے جس راجا کے راج مین ایسا انیت کرم ہو اُس دیس مین

اینک پرکار کے کلیس اور اُپتاپ اُپت ہوجاتے ہین پتیر اپتیا ترسنگو بھی چانڈالتا کو پراپت ہوگیا تہا اور مینی شُدّہ ویہہ کرکے
اوسکو سُرگ مین بہیجا اب تو میری آگیا مانکر اس بالک کو چھوڑ دے اور بلی ست وی راجانے کہا کہ ہے مہاراج جو مین اسے
بلی ندونگا تو میرے پران جائینگے اس کارن مین بلی دونگا اور لسبوامنتر جی کا کہنا نمانا لسبوامنتر جی کوپ کو پراپت ہوئے +

۱۷ ستر ہوان ادہیایہ ساتوین اسکندہ سری دیوی بھاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین
راجا ہرشیچندر کا جگ مین برہمن پتر کا برن کے ارتہہ بلی دینی اور راجا کا روگ برن کی آشیرباد سی نرورت ہونی اور برہمن کے پتر کا لسبوامنتر جی کی سیوا مین سونپنی کا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ لسبوامنتر جی نے اوس بالک کا رُودن دیکھکر اُسکے کان مین ایک منتر سُناکر کہا کہ ہے پُتر تو اس منتر کو جپ برن
دیوتا تجہہ سے پرشن ہوجائینگے اور تیرے پراتو نکی رکشا ہوگی وہ بالک اُس منتر کو جپنے لگا اور برن دیوتا پرتکش اُس سبھا
مین پرگھٹ ہوئے راجانے ڈنڈوت کرکے کہا کہ تم نے بڑا انوگرہ کیا جو درشن دئے برن دیوتا بولے کہ ہے راجن تیری جگ
سمپورن ہوئی راجانے کہا کہ ہے مہاراج میرا کچھہ دوش نہین ہے میرا پتر تو کہین لوپ ہوگیا ہے مینی برہمن کا پتر دہن
دیکر تمہارے ارتہہ لیا ہے برن دیوتانے کہا کہ مین تجہہ سے پرشن ہوا تو اس بالک کو چھوڑ دے راجانے وہ بالک چھوڑ دیا برن
دیوتانے آشیرباد دی کہ جا تیرا روگ بہی نرورت ہوجائیگا راجانے جس سمے اُس بالک کو چھوڑا جے جے کار ہوئی اور پُشپونکی برکہا
ہونے لگی اور راجا کا روگ نرورت ہوگیا راجا بولا کہ اب اس بالک کا ادہکاری کون ہے کسکو دون یہہ بات سُنکر سبھا مین
بامدیو جی مہاراج بولے کہ ہے راجن دہرم شاستر مین پانچ پرکار کے پتا لکھے ہین ایک تو ان داتا دوسرا بہے سے رکشا کرنیوالا
تیسرا بدیا کا دینیوالا چوتہا دہن کا دینیوالا پانچوان جسکے اُپت ہو سو ہے راجن جو اوسکا پتا ہے اُسنے تو دہن کی لوبہہ سے
بیچدیا وہ اسلئے ادہکاری اوسکا نرہا اور ان کا دینیوالا اس سمے کوئی اسکا ہے نہین اور راجانے دہن دیکر اپنے روگ کی
نرورتی کری وہ بہی ادہکاری نہ رہا اور بہے سے رکشا کرنے والے اسکے پتا لسبوامنتر جی ہین سو لسبوامنتر کو یہہ پتر دینا اُچت ہے یہہ سُنکر
بشسٹ جی نے کہا کہ لسبوامنتر کو ہی یہہ پتر دینا جوگ ہے اور برن دیوتا بہی پرشن ہوئے اور راجا ہرشیچندر بہی پرشن ہوا لسبوامنتر جی اُس
پتر کا ہاتہہ پکڑکر اپنے آشرم کو لیگئے اور برن دیوتا اپنے آشرم کو اور برہمن دکشنا لیکر اپنے اپنے استہانونکو گئے اور راجانے

اپنے گرو بششٹ جی کو ڈنڈوت کرکے بہت سا دہن دیکر بدا کیا اور پہر وہ راج پُتر ہی بن اور تیرتہوں سے آگیا اور اپنے پتا کو ڈنڈوت کری ایک دن بششٹ جی مہاراج اندر کے پاس گئے وہان بسوامتر جی بہی آگئے بسوامتر جی نے بششٹ جی سے پوچہا کہ ہی مہاراج تمکو ایسا اننت دہن کہان سے ہاتہہ لگا ہی تم تو مُنی ہو بششٹ جی نی کہا کہ ہی مُنی میری ججمان ہریشچند نے یہہ بڑا دہن مجہکو دیا ہے کہ وہ بڑا دانی اور پرتاپوان ہے اور دہرم سیل اور پرجا کا پالن کرنیوالا ہی بسوامتر جی نے کہا کہ ہی بششٹ جی تم ایسی نردئی اور لمپٹ اور اپرادہی راجا ہریشچندر کی استتی کرتے ہو اُس سے مینی اپنی منتر سے برہمن کی بالک کی رکشا کرائی پرنتو اُسکو سبہا مین دیا نہ آئی اور تمنی جو ست بادی اور بڑا دانی برنن کیا سو مین اُسکے ست کو بہی دیکہونگا +

اٹہارہوان ادہیا ۔ ساتوین سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپُران ہردیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہریشچندر کا بن مین بسوامتر جی برہمن روپ سے ملنا اور اُسکو دہن دینا کرنا جگ مین برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہی راجن ایکدن راجا ہریشچندر شِکار پر چڑہکر میرگیا کو نمت بن کو گیا اُس بن مین راجا ہریشچندر نے ایک استری کو روون کرتے دیکہکر اُس ہی پوچہا کہ ہی بشال آکشی تجہکو کیا دُکہہ ہی جو تو اس بن مین رُودن کر رہی ہی وہ استری بولی کہ ہی راجن اس بن مین مجہکو بسوامتر دُکہت کر رہا ہی وہ میرے نا‌س نمت کو تپ کر رہا ہی راجا نی کہا کہ ہی کانتی تم یہان ہی ٹہری رہو مین بسوامتر کے پاس جاکر تیرا دُکہہ نرورت کرونگا راجا بسوامتر جی کے سمیپ گیا اور بسوامتر جی کو تپ کرتی دیکہکر کہا کہ ہی گادہی پُتر تو اس بن مین کس اچہا سے تپ کرتی ہو کہڑی ہو کہڑی ہو یہہ بات سُنکر بسوامتر جی لال نیتر کرکی راجا کی سنمکہہ کہڑی ہوگئی اور تپ بہنگ ہوگیا اور بسوامتر جی کوپ کرکے چلا گیا ایک راچہس کو بُلاکر کہا کہ تو سُوکر کا روپ دہر کے راجا کی باٹکا کو اُجاڑ اور انیک اُتپات کر وہ راچہس سُوکر کا روپ دہر کر آیا اور انیک باٹکا وُنکو اُجاڑا اور برچہونکو اُکہاڑ ڈالا اور انیک پرکار کی اُتپات کرنے لگا باٹکا کے مالی نے اُس سُوکر کے اُتپات راجا سے جاکر کہے راجا یہہ برتانت سُنکر اور گہوڑے پر چڑہکر انیک سینا ساتہہ لیکر اُس سُوکر کے سنمکہہ جاکر بانونکی برکہا کرنے لگا کبہی تو وہ سُوکر اورنشٹ ہو جائے کبہی پرگہٹ ہو جائے ایسی نانا پرکار کے چرتر کرنے لگا اور پہر بن کو بہاگا راجا بہی اُسکے پیچہے گیا اور چلتے چلتے اکیلا گہور بن مین پہونچگیا پیچہے سے سُوکر نے راجا کو دبایا راجا گہوڑا بہگا کر چلا راجا کو بڑا کی بادہا ہوئی اور خپتا کرتا ہوا پانی ڈہونڈتا ہوا آگے کو چلا آگے راجا کو ایک ندی ملی اُسمین گہوڑے سے اُتر کے جل پان کیا تنہ مین بسوامتر جی بردہ برہمن کا روپ دہر کر راجا کے پاس آکر کہنے لگے کہ ہی راجن تم سورج بنسی راجا ہو اکیلے بن مین کیون پہرتی ہو تمکو کیا دُکہہ پراپت ہوا ہے راجا نے کہا کہ ہے برہمن تمہارا درشن مجہکو بڑی پرالبدہ سے پراپت ہوا ہے مین ایک سوکر

کے پیچھے اس بن مین آیا تہا اب وہ سُوگر ادرشٹ ہوگیا ہے اُسکو مین ڈہونڈتا ہون اور مین تر کہاسے بیاکل تہا سومینی اِس ندی مین جل پان کیا ہے اور تمہارے درشن ہوئے ہین اور مین مارگ بہی بہولا ہوا ہون مجہکو ایودّہیا کا مارگ نہین ملتا ہے اور مین راجسو جگ کرنا چاہتا ہون اور مین ہرشچندر راجا جو ودہیا کا بکہات ہون جو تمکو دہن کی اِچہا ہو تو جگ مین آ جانا جو تم مانگوگے مین تمکو اُس سمے دونگا

اونسیوان ادّہیا ساتوین سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین لسبوامتر جی کا راجا ہرشچندر سے سمپورن راج اور کوش کا دان مانگ لینا اور ڈہائی بہار سونے کی دکشنا مانگنے کا برنن ہے۔

بیاس جی مہاراج نے کہا کہ ہے راجن لسبوامتر جی نمسکر بولے کہ ہے راجن تم اس تیرتہ مین اشنان اور ترپن کرکے تیرتہ پر مجہکو دان دو پہر مین تمکو مارگ ایودہیا کا بتلاؤنگا راجا نے لسبتر اوتار اشنان کر ترپن کیا اور لسبوامتر برہمن روپ سے کہا کہ ہے مہاراج اب تم میرے سنمکہہ آؤ جو دان پرتہوی اتہوا اگنو سوبرن گج گہوڑا تم مانگو سو مین سنکلپ کرون اور جو تم جگ مین آوگے اور بہی بشش بِدہی پوربک تمکو دان دونگا لسبوامتر جی نے کہا کہ ہے راجن مینے تمہاری کیرتی لشبسٹ جی سے شروَن کی ہے کہ راجا ہرشچندر سے ادہک دانی نہ کوئی ہوا نہ آگے کو ہوگا سو تم مجہکو دان دو مجہکو ورب کی اِچہا ہے میرے پتر کا بواہ ہے راجا بولا کہ بہلی پرکار دہن مانگو جو لسبتو تم مانگوگے دونگا لسبوامتر جی نے گاندہاری مایا رچی اور راجا کو جر تر دکہلانے لگی اور کہا کہ ہے راجن میری ایک کنیا اور ایک پُتر گیارہ برس کا بواہ کے جوگ ہین اور تمہارے سنمکہہ جو یہہ نگر ہے اسمین میرا گہر ہے تم جو راجسو جگ کی اِچہا کرتے ہو کنیا دان کے سمان کوئی دان اس پرتہوی پر نہین ہے سو تم اس نگر مین چلکر بیدی کے نیچے کنیا دان کرو راجا اُس نگری مین گیا اور لسبوامتر جی نے راجا کو بیدی کے نیچے کہڑا کرکے کہا کہ اس سمے ہی راجن تم اپنا سمپورن راج اور کوش اور گہوڑا ہاتہی جو تمہارے گہر مین ہے سو مجہکو دان کرکے دو راجا نے کہا کہ ہے مہاراج مین اس سمے بیدی کے نیچے کہڑا ہون جو تم نے مانگا مین نے سب تمکو دیا لسبوامتر جی بولے کہ ہے راجن دہرم شاستر مین لکہا ہے کہ کوئی دان بنا دکشنا کے پہل دایک نہین ہے سو تم مجہکو دکشنا سہت دان دو تب راجا لسبوامتر جی کے کپٹ روپی مایا کا کچہہ گیان نہ کرکے کہنے لگا کہ ہے مہاراج جو تم دکشنا اس سمے مانگوگے مین دونگا لسبوامتر جی نے کہا کہ اس سمے تم اپنا پران دیکہکر سنکلپ کشنا کا کرو تم سورج بنسی راجا ہو راجا ہرشچند نے کہا کہ ہے مہاراج تم سمپورن پرمان کو جانتے ہو جو پران تم اس سمے کرو وہی مین سنکلپ کرون لسبوامتر جی نے کہا کہ ہے راجن تم ڈہائی بہار سوبرن کا سنکلپ کرو تو میرا کارج سدہ ہو جاے (بہار پچیس پنسیری کا ہوتا ہے) راجا نے کہا کہ بہت اچہا اور سنکلپ کر دیا لسبوامتر جی چلی گئی

اور راجا کی سینا ڈہونڈتی ڈہونڈتی آگئی جب راجا کو لبسوامترجی کے اُس چرتر کا گیان ہوا تو چنتا ہوئی کہ یہہ دان جسکا مینے سنکلپ کیا کہانسے دونگا اور اپنے استہان مین آیا رانی بولی کہ ہے مہاراج آج تمکو کیا چنتا ہی اور کیا سوچ ہے راجا کے نیترون سے آنسو جانے لگے اور پرتہوی کو دیکہنے لگا پہر رانی نے کہا کہ ہی مہاراج ایسی کیا بہاری چنتا ہی مین تمکو دیکہہ کر کمپائمان ہون مجہسے برنن کرو راجا سون ہو رہا کہ اتنے مین لبسوامتر آگئے راجا اُنکو دیکہکر کانپ اُٹہا لبسوامتر بولے کہ ہی راجا یہہ راج تو میرا ہے اب تمکو اس راج مین رہنا جوگ نہین میری وہ دکشنا دو جسکا سنکلپ کیا تہا راجا نے کہا کہ ہی مہاراج یہہ راج تمہارا ہی کوئی لبستو مینے چہپائی نہین ہے سنبہال لو لبسوامترجی بولے کہ اس راج اور پدارتہہ مین تو تمہارا کچہہ نہین رہا وہ تو تم پہلے ہی دیچکی ہو تو دو ڈہائی بہار سوبرن جو بیدی کے نیچے سنکلپ کیئی ہین مجہکو دو راجانے کہا کہ ہے مہاراج برہمن کو سنتوش کرنا چاہیے تم لبسوا س مت کرو وہ بہی مین دونگا یہہ کہکر راجا اپنی رانی اور پتر کو ساتہہ لیکر اجودہیا کے راج سے باہر چلا اجودہیا مین ہاہاکار مچ گیا اور ایک کلیسن مرجا کو پرپت ہوگئی پہر لبسوامترجی نے مارگ مین راجا کو جاگہیرا اور کہا کہ تم کہان جاتے ہو میری ڈہائی بہار سوبرن تو دیتے جاؤ +

بیسوان ادہیا، ساتوین سکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرشچندر کا رانی اور پتر سہت کاشی کو جانا اور ڈہائی بہار سوبرن کے نمت بپت اُٹہانا برنن ہے

ہرشچندر راجانے لبسوامترجی سے کہا کہ ہے مہاراج جبتک مین تمکو سوبرن کا دان نہ دیدونگا بہوجن نہ کرونگا تم نشچی رکہو لبسوامترجی بولے کہ تم تہا کیون بولتے ہو سرکش تو تمہارا مینے لے لیا سوبرن کہان سے دوگے تم مجہسے یہی کہدو کہ میرے پاس نہین ہے راجانے کہا کہ ہی مُنی تم دہیرج رکہو برہمن کو سنتوش کرنا اُچت ہی تہوڑے کال دہیرج کرو مین اوپاو تمہارے ڈہائی بہار سوبرن کا کرتا ہون جو ہمارا کوئی گاہک اجودہیا کے راج مین ہو تو ہمکو بیچکر اپنا سوبرن لے لو اور جو یہان کوئی گاہک نہو تو مین بانارسی کاشی جی کو جاتا ہون وہان اپنے آپ کو بیچکر سوبرن دونگا یہہ کہکر راجا کاشی جی مین جہان سری شنکرجی مہاراج پاربتی جی سہت براجان تہو گیا اور گنگا جی اشنان کر پتر ونکا ترپن اور پوجن کیا اتنے ہی مین پہر لبسوامترجی نے آکر کہا کہ ہے راجن تم ایک مہینے سے ٹال رہی ہو میرا سوبرن دو نہین اپنے بچن کو سنبہالو راجانے کہا کہ ہے مہاراج ایکدن مہینے مین رہا ہے ایک دن اور سنتوش کرو مین اوپاو کرتا ہون لبسوامترجی چلے گئے اور راجا پیچہے کو سیس کری ہوئے چنتا مین بہاری بہاری سانس کہینچکر پرتہوی کے اوپر گر پڑا تب رانی بولی کہ ہی

مہاراج تم کچھہ خنپامت کرو ست سی ہی سورج دیوتا تپتی ہین ست سی ہی سمندر بہی استہت ہی تم اپنی ست کو مت چھوڑو
راجا آنکھہ کہولکر بولا کہ ہائی ہائی میری کون گتی ہوئی جو رانی پالکی مین چلتی تہی اور کبہی پیدل ایک پگ بہی نہین چلتی
تہی اُس رانی کے پگو نمین کانٹے لگی دیکھتا ہون رانی نے کہا کہ ہی راجن تم سمی اور کال کو دیکھو سمی بلوان ہے اُس سمی
راج کمار جیو داگی باد ہا سے رودن کرنے لگا اور کہنی لگا کہ ہے پتا میرا کنٹھہ سوکہا جاتا ہے +

اکیسوان ادہیا، ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپُران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہریشچندر کو تاڑنا بسوامتر جی کا ڈہائی بہار سوبرن کے لئی اور راجا کا اتینت چنتا کرنا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن اُس سمے بسوامتر جی نے پہر آکر رکت نیتر کرکے کوپ سے راجا کو ایسے دیکہا جیسے دہرم راج دیکہتا ہے
اور کہا کہ اب بہت دن ہو گئے میرا دان دے، راجا بسوامتر جی کو دیکھہ مورچہا کہا کر پرتہوی پر گرکے ٹہنڈے ٹہنڈے سانس
کہینچنے لگا بسوامتر جی نے گنگا جل راجا کے مکہار بند پر چہڑکا اور کہا کہ اُٹہہ اُٹہہ میری دکشنا دی یہہ سمے سوین کا نہین ہے
جسکو کسی کا رن دینا ہے اُسکو نیند کہان راجا اُٹہکر بولا کہ ہے مہاراج سنتوش کرو جس برہمن کو سنتوش نہین وہ پوجنے
جوگ نہین مین تمہارا سوبرن دیتا ہون بسوامتر جی نے کہا کہ ابہی دے نہین کہدی کہ مین نہین دیتا راجا نے کہا کہ ہی مہاراج
ابہی آدہا دن اور ہے سورج کے است تک دیدونگا آدہے دن اور رہیج کرو بسوامتر جی پہر چلے گئی اور راجا وہان ہے
پرتہوی پر بیٹہا رہا اُسی سمے ایک برہمن بدیارتہیون سہت بید کا اوچارن کرتا ہوا آگیا رانی نے راجا سے کہا کہ ہی مہاراج
یہہ تو برہمن بید پاہی ہین ان سے تم کچھہ درب مانگو کہ برہمن تینون برنون کے پتا ہین اُنسے اپنا سندیہہ کہنا اُچت ہے
راجا بولا کہ ہے رانی تم ست کہتی ہو پرنتو مین سورج بنسی ست برت راجا کا پتر ہون مجکو جاچنا کرنا اُچت نہین ہے
جاچنا کرنا کیول برہمن کو جوگ ہی پہر رانی بولی کہ مہاراج کال سمے کو دیکہنا چاہیئے یہہ آپت کال ہے ہمکو یاچنا کرنی چاہیئی راجا
نے کہا کہ ہے رانی کہڑگ سے اپنی جبہا کا کاٹنا اُچت ہے اور یہہ کہ ہمکو دو ہم راج بنسیو نکو اُچت نہین ہے پہر رانی
بولی کہ ہے مہاراج جو تم نہین مانگتے ہو تو مین مانگون اور جو میرے مول سے سوبرن آوے وہ بسوامتر جی کو دیدو وہ
پرشن ہونگے میرا کہنا مانو دیکہو تم برہمن کے بچن مین آکر اس گتی کو پراپت ہوئے ہو سو تم مجہکو کچھہ جوئے کی کارن نہین
بیچتے ہو گوروُن کے کارن اور اپنے بچن ست کرنیکو جب مجھے بیچوگی تو تمہارا ہی جس ہوگا اور میرا بہی کرتارتہہ ہو جاینگا اور گرو بہی پرشن ہونگی +

بائیسوان ادّہیا۔ ساتوین سکند سری یوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرلشچندر کا رانی اور راج کمار کو کوشک مُنی کی ہاتہہ بیچکر ڈہائی بہار سوبرن کا دینا اور لبسوامتر جی کا تاڑنا جگ کی دکشنا کی کارن راجا کو برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہے راجن رانی کے بچن سُنکر راجا بولا کہ پتنی جو تمہارا کوئی گاہک ملیگا تو مین بیچونگا اور اپنی رانی اور پُتر کو مارگ مین استہت کر کے بولا کہ جو کوئی اس میری پریہ رانی اور راج کمار کو مول لے تو مین دون یہہ سُنکر کاشی پوری کے منُش راجا سے کہنے لگے کہ ارے تو کون ہے اور تیرے اوپر کیا بپت پڑی ہے جو تو اس استری کو بیچتا ہے راجا نے کہا کہ ہمنے جو پاپ کیئے ہین اونکو بہوگتا ہون تمکو پوچہنے سے کیا پریوجن ہے جو کسی کو لینی ہو تو لے لو اُتنے مین لبسوامتر برہمن روپ دہر کر بولے کہ میرے گہر مین تہوڑی اوستہا کی استری ہے اُسکی سیوا اگر نیکو داسی کر کے مین رکہونگا اسکو مین لیتا ہون راجا یہہ سُنکر لجا کو پراپت ہوکر نیچے کو دیکہنے لگا لبسوامتر نے کہا کہ تم لجا مت کرو استری کا کچہہ مول نہین ہے جو تم کہو گے سو مین دونگا استری کا جو ایک کروڑ درب مول ہو تو پرش کا مول سنکہہ ہوتا ہے راجا نے کچہہ مول نہین کہا لبسوامتر ایک برچہہ کی بکّل پر درب رکہکر رانی کو ہاتہہ سے کہینچنے لگے رانی بولی کہ ہے مہاراج مجہکو اس کا رست کہینچو میرا پُتر بنا ماتا کے رووُن کریگا راج پُتر نے اپنی ماتا کے بستر کو پکڑ لیا اور رووُن کر کے کہنے لگا کہ ہے ماتا تم کہان جاتی ہو جب لبسوامتر مُنی نے اُس پُتر سے پلّا چہوڑا رانی کو اپنے آگے دہر لیا رانی نے کہا کہ ہے مہاراج میرا یہہ بالک کیسے رہیگا کہ اب ہی وہ کلیش کو پراپت ہو رہا ہے بہلا ہو کہ تم اس بالک کو بہی مول لے لو مُنی نہسکر بولا کہ ہے پریہ اس پُتر کا ہی مول کہو اسکو بہی لے لونگا رانی نے کہا کہ ہے مہاراج جو مول تم چاہو دیکر پُتر کو ساتہہ لے لو لبسوامتر بولے کہ یہہ پرش ہے اسکا مول انکہہ ہے پرنتو کچہہ درب راجا کے آگے دہر کر اُسکو بہی لے لیا اور رانی لبسوامتر کا کہا پرمان کر کی اور یہہ کہکر کہ مُنی جو جپ تپ کیا ہے اُسکے پہل سے پہر بہی میرا پتی ہرلشچندر ہو لبسوامتر مُنی کے ساتہہ ہو گئی اور مُنی استری اور پُتر کو ایک بستر سے باندہکر لے چلا راجا اونکو جاتی ہوئے دیکہکر برلاپ کرنے لگا کہ ہے استری اور پُتر تم کہان جاتے ہو کہان وہ راج اجودہیا کا اور کہان یہہ گت میری ہوئی کہ دہرتی پر پڑا ہون دہول میرے مستک پر جم رہی ہے اور رانی داسی بہاؤ کو پراپت ہوئی راج کمار کو کیا کلیش ہو رہا ہے

ہائے میری کیا گتی ہوئی اور سورچہا کہا کر گر پڑا اور کوشک مُنی رانی اور پُتر کو لیکر چلے گئے اور ادرشٹ ہوگئے اور پہر ایک برچہہ کے
نیچے استری اور پُتر کو بٹھلا کر پہر راجا کے سنمکہہ آکر کہنے لگے کہ ہو راجن میرا رن تیرے اوپر چڑہ رہا ہے تو مجھکو وہ دان دے جو نیچے
بن مین راجسو جگ مین دکشنا دینی کہی تہی اور نہیں تو کہدے کہ مینے راجسو جگ کی دکشنا دینی نہیں کری راجا نے وو ورچن
سُنکر کہا تہا کوشک مُنی کو دیکہ ڈنڈوت کری اور کہا کہ ہے مُنی مینے استری اور پُتر کو بیچکر تمکو دکشنا دی اب مین تمکو پرنام کرتا ہون اور
جو تمکو دکشنا لینی اُچت ہو سو کہو بسوامتر جی بولے کہ یہہ دکشنا جو تمنے مجھکو دی ہے یہہ تو وہ ہے جو تم نے بیدی کے نیچے ڈہائی بہار
سوبرن کا سنکلپ کیا تہا وہ دکشنا جو تمنے مجھکو راجسو جگ مین دینے کی تہی وہ دو +

تیئسواں ادھیا ساتوین اسکند سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرشچندر کا اپنے آپکو بیچکر داس بہاؤ ہونا چانڈال کا اور بسوامتر کی رن سے چہوٹنا برنن ہے

بیاس جی نے کہا کہ ہو راجن جب سے یہہ گتی راجا کی ہوئی بسوامتر نے کوپ کرکے اور لال لال نیتر کرکے راجا کو تاڑنا کرکے کہا کہ ایک پہر
دن رہگیا ہے سیگہر میری دکشنا دے راجا نے کہا کہ مہاراج دہیرج رکہو برہمن کو سنتوش کرنا جوگ ہے اب تمہاری وہ دکشنا ہی
دیتا ہون اتنے مین دہرم نیل بستر دہارن کیئے ہوئے سر کہا مین ہاتہہ سنی ہوئے ایک جلی سی لکڑی ہاتہہ مین لیئے ہوئے چانڈال
کا روپ دہر کر راجا سے آکر کہنے لگا کہ تو کون ہے کیون بیٹہا ہے مین تجہکو مول لونگا اور داس بہاؤ کرکے رکہونگا راجا نے کہا
کہ تو کون ہے تیری جات برن کیا ہے پہر تو مجہکو مول لیجیو وہ چانڈال بولا کہ مین چانڈال جات ہون اور مرتک شریرون کے
بستر مین لیا کرتا ہون یہہ میرا کام ہے راجا نے کہا تو چانڈال ہے مین چانڈال کا داس کیسے ہون کوئی برہمن اتہوا چہتری بیش چانڈال
کا داس ہو کر نہیں رہ سکتا پہر بسوامتر جی نے آکر کہا کہ میری دکشنا دے اور تیرا گاہک بہی یہہ چانڈال تیرے سنمکہہ ہے تو اسکا داس
بہاؤ ہو کر رہو اور میری دکشنا دے راجا نے کہا کہ میری اُتپتی سورج بنس آکشواک کے کل مین ہوئی ہے اور مین چہتری ہون
کیسے چانڈال کا داس ہو کر رہون بسوامتر جی نے کہا کہ مجہے اس سے کچہہ پریوجن نہیں ہے تو چاہے چانڈال کے گہر رہو اتہوا چہتری
کے میری دکشنا سیگہر دے اب ایک گہڑی دن رہگیا اور سورج است ہونیوالا ہے راجا بسوامتر جی کے چرنون مین پڑا کہ ہو مہاراج
مین تمہارا داس ہون جو تمہاری اچہا ہو سو کرو بسوامتر جی بولے کہ ہو راجا جاؤ تمہارا کلیان ہو تم میرے رن سے چہوٹ جاؤ تم
اس چانڈال کے گہر داس بہاؤ ہو کر رہو میرا یہہ بچن ہے اور بسوامتر چانڈال سے بولے کہ ہو چانڈال تو اس راجا کو داس کرکے رکہہ

اور مجھکو اسکی وکشنا دہی چانڈال نے مگن ہوکے کہا کہ ہے مہاراج یہہ پرتھوی تن جُت پریاگ کی ذاتیں جن کی ہے یہہ تم لے لو
اور سکے پشچات بسوامتر جی جب راجا کو یہہ کہکر چلے گئے کہ ہے راجن تم اس چانڈال کا کہنا مت ٹالنا اُسکی اگیا مین رہنا اُس
سمے اکاش بانی ہوئی کہ دہن ہے اس راجا کو کہ رن سے چھوٹا اور راجا کی شیش پر پہپونکی برکہا ہوئی جس کر ہرشچندر اتی
پرسن ہوکر بھگوان کا دہیان کرکے کہنے لگا کہ ہے پرمیشر تکو دہن ہی جو آج میری رن کا موچن ہوا جس کرکے مین اس سمے
پرم آنند کو پراپت ہوا ہون +

چوبیسوان اُدہیاء ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرشچندر کا چانڈال کی آگیا پر ان سمسان مین مُردون کے بستر لینی پر باس کرنیکا برنن ہے

شونک رشی نے سوت جی سے پرشن کیا کہ ہے مہاراج اوس راجا نے چانڈال کا داس بہاؤ ہوکر کیا کیا کرم کیئے وہ بہی ہم سے کہو سوت
جی نے کہا کہ جب بسوامتر چلے گئی چانڈال نے راجا کو باندہ لیا راجا نے کچہہ نہ کہا اور اپنی رانی اور پتر اور پورب لے سکہوں کو چنتون
کرنے لگا پانچ دن پیچھے چانڈال نے ایک ٹوٹی سے لکڑی ہاتہہ مین دیکر کہا کہ تو سمسان مین جو کاشی کے دکشن بہاگ مین ہے
جا اور مرتک شریرون کے بستر اوتار لایا کر اور اس ڈنڈ کا نام سر ہو ہی کتنے کال تک راجا مرتک شریرون کے بستر لاکے چانڈال کو
دیتا رہا اور مرتکون کے انیک پرکار کے شبد راتری کے سمے سنی اور بہی بہیت ہووے اور مرتکون کے جلنے کی درگند سے دُکہی اور بیاگل
ہووے اور آنسو بہاوے اور اپنے پورب سمے کو چت مین لاکر اپنے منترون اور استری اور پتر کو دہیان مین یاد کرکے لستر لین ہو گئے
اور سمسان کی دہول مکہہ پر پڑکر پشاچون کا ساروپ ہو گیا پرنتو راجا اپنے دہرم کا پالن کرکے چانڈال کے ہاتہہ کا ان نہین
گرہن کرتا رات دن نیند بہی نہین آتی اس پرکار راجا نے بارہ برس کشٹ سے بارہ سو برس کے تُل بتیت کیئے +

پچیسوان اُدہیاء ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرشچندر کے پتر کی مرت سانپ کی ڈسنی سے اور رانی کا رووناور برلاپ برہمنون کے گہر مین اور سجا نا رانی کا رات کی سمے برہمنونکی آگیا سے پتر کو دیکہنے کو اور پکڑا جانا ڈاکنی کرکے اور

چانڈال کا آنا اور راجا ہرشچندر کو آگیا رانی کی مار ڈالنے کی دینا اور راجا کا کھڑگ ہاتھ مین لینا برنن ہے

سوت جی نے کہا کہ ہے سونکو راجا کی یہہ گتی ہوئی ایک دن راجا کا پتر بالکون کے ساتھ بن مین کھیلنے لگا اور وہان پلاس بر چھہ کی
لکڑی بینکر اپنے من مین کہنے لگا کہ یہہ لکڑی مین ہون کے کارن برہمنون کو دونگا تو میری ماتا سے اور مجھہ سے برہمن پرسن ہونگے
سو یہہ سوچکر وہ بہار لکڑیونکا اپنے سیس پر دہر کر لی چلا مارگ مین اوسکو تہکان نے باد ہاکی سب بالک اپنے بہار ایک سرپ کے بمبے کی
اوپر رکھہ کے گنگا جی کے تیر جل پینے لگے بسوامتر جی نے ایک کالے سرپ کو آگیا دی کہ تو جا کر راج کمار کو ڈس لے سو وس بمبی مین سے ایک
کالے سرپ نے نکلکر اوس راج کمار کو ڈس لیا اور سمپورن بالک روون کرتے چلے آئے اور رانی سے آکر سب برتانت کہا رانی روون
کرنے لگی اوس سمے ایک گہڑی رات گئی تہی رانی کا رون سنکر بسوامتر جی برہمن روپ بولے کہ ارے ہے دشٹنی رات کی سمے رون
کیون کرتی ہے رانی سو رچہا کہا کر گری اور ایک مہورت تک اوسکا سانس نہ نکلا اوس برہمن نے رانی کے نیترون پر جل چہڑکا
رانی سا وہان ہو رون کر کے اپنے پتر کو پکار پکار کے برلاپ کرنے لگی برہمن بولا کہ تو میری داسی ہے میری سیوا کیون
نہین کرتی رون کیون کرتی ہے رانی نے کہا کہ ہے سوامی مین تمہاری سیوا بہنگ نہین کرتی ہون میرے پتر کو سانپ نے
ڈس لیا ہے جو تم مجھے آگیا دو تو مین اپنے پتر کا مکہہ دیکھہ آؤن اور برہمن کے چرنون مین پڑی۔ اوس برہمن نے لال نیتر کر کے
کوپ سے کہا کہ یہہ سمے سوامی کی سیوا کا ہے اور اب رات کی سمے تو کہان جائیگی اور برلاپ شبد مت کر رانی پہر بولی کہ ہے
مہاراج ایک بار مین اپنے پتر کا مکہہ دیکھہ آؤن مین تمہاری داسی ہون آگیا دو برہمن بولا کہ ہے دربدہی تو میری داسی ہے
میری سیوا کرتی ہے اتہوا پتر کو دیکھنے کو جائیگی مجھے تیرے پتر سے کیا پرویجن ہے جو تو میری آگیا نکریگی تو مین تجھے ڈنڈ دونگا
رانی پہر برلاپ کرنے لگی جب برہمن نے آگیا دی کہ جا اپنے پتر کا داہ کرم کر کے شیگھر آ جا رانی اوس اردہ رات کی سمے رون
کرتی ہوئی بن مین جہان اوسکا پتر مرا پڑا تہا گئی اور بہت رون اور برلاپ کرنے لگی کانشی کے منکہون نے اوسکا رون سنکر
جا کر دیکھا تو آپسمین کہنے لگی کہ یہہ کوئی ڈاکنی ہے کسی کے بالک کو مارا ہے اسکو پکڑ لو اور باندہکر چانڈال کو دیدو اور باندہکر
چانڈال کو دیدی چانڈال نے راجا ہرشچندر اپنے نوکر سے کہا کہ تو اسکا سیس کہڑگ سے کاٹ کہ یہہ بالکون کو مار کے کہاتی
ہے اور اوسکے ہاتھہ مین کہڑگ دیدیا ہرشچندر نے دیا کر کے کہا کہ ہے سوامی مین تو تمہارا آگیا کاری ہون پرنتو استری کا مارنا
انچت ہے کرپا کر کے مجھہ سے یہہ انچت کرم مت کراؤ چانڈال نے کہا کہ یہہ تو ست ہے کہ استری کے اوپر شستر کرنا اچت نہین

ہے پرنتو جو اینک جیوونکو مارتا ہو اوسکا مارنا بہی تو ودہرم ہے یہہ ڈاکنی اینک بالکونکو مارتی ہے اسکا مارنا اُچت ہی جس سے
بالکون کے جیو کی رکشا ہوگی وہ دہرم شاستر مین لکہا ہے کہ جو کوئی بالکون اور استریون اور اندہون کو مارے وہ مہا پاپی ہے
سو یہہ استری مہا پاپی ہے جو بالکونکو مارتی ہے راجا کہڑگ ہاتہہ مین لیکر چاہتا تہا کہ استری کو مارے استری بولی کہ ہے مہاراج
میرا کچہہ دوش نہین ہے تم نیاو کرکے مارو راجانے پہر چانڈال سے کہا کہ ہے مہاراج نیاو کرکے مارنا اُچت ہے اس استری کا کیا دوش
ہے چانڈال نے کہا کہ تو میرا داس ہی تجکو نیاو انیاو سے کیا پریوجن ہے میری آگیا سے تجکو مارنا اُچت ہے جو اپنی سوامی کی
آگیا نہین کرتے ہین وے نرک مین جاتے ہین تو اسکا سیس کہڑگ سے کاٹ دے راجانے کہا کہ ہے مہاراج اس استری کے بچن سن لو
پہر جو آگیا دوگے کرونگا چانڈال بولا کہ تو ایسے بچن موہ کے بہرے ہوئے کیون کہتا ہے میری آگیا کر یہہ سنکر پہر راجانے کہڑگ ہاتہہ مین لیا

چہبیسوان ادہیاے ساتوین اسکندہ سری دیوی بہاگوت مہاپران ہر دیو کرت بہاشا کا جسمین راجا ہرشچندر کا رانی کو اور رانی کا راجا کو پہچان لینی اور راجا کی برلاپ راج کمار کی مرتو دیکہکر کرنیکا برنن ہے

سوت جی نے کہا کہ ہے رشیو جب راجا ہرشچندر نے کہڑگ ہاتہہ مین لیا وہ استری پہر بولی کہ بنا اپرادہ مجہے مت مارو وہ میرا پتر مرا
مین اُسے لاتی ہون اُسے دیکہکر میرا سیس کاٹو اُس چانڈال نے ایک سنتش رانی کے ساتہہ بہیجا اور رانی کا برلاپ سنکر اور اُس
پتر کے مکہہ کو دیکہہ کر اُسکے راج چنہ سے بہرم کرکے من مین کہا کہ یہہ پتر مرت کو تو پراپت ہو رہا ہے پرنتو اسکی مکہہ سے یہہ راج پتر
دکہلائی دیتا ہے اور اسکے چنہ میرے پتر کیسے دکہلائی دیتے ہین اور پہر رانی کا مکہار بند ہلی پرکار دیکہا تب تو جان لیا کہ یہہ
رانی اور پتر میرے ہی ہین اور رانی نے راجا کو پہچانا اور بولی کہ ہے راجن ہی اجودہیا پتی تمہاری کیا گتی ہو رہی ہے
اور تم نے کیسے اپنا کال بتیت کیا راجا کو نشچے ہو گیا کہ یہہ راج پتر میرا ہی ہے اور مورچہا کہا کر پرتہوی پر گر پڑا اور پہر چین ہاتہہ
